★★★ پاک سرزمین کا نظام...... قوت اخوت عوام ★★★

ABC CERTIFIED

DAILY QUWAT LAHORE

روزنامہ قوت لاہور

چیف ایڈیٹر
میاں محمد فیاض

ایڈیٹر
امداد اللہ قریشی

Www.dailyquwat.com Email:dailyquwat786@gmail.com

جلد نمبر 15 | جمعۃ المبارک 6 رمضان المبارک 1446ھ، 7 مارچ 2025ء، 23 پھاگن 2081 پ (صفحات 8 قیمت 15 روپے) | شمارہ نمبر 132

امریکا افغانستان سے ہتھیار واپس لے تو خطے میں امن بحال ہو گا، پاکستان

امریکہ نے انسداد دہشتگردی کے لئے تعاون کے علاوہ تجارت، سرمایہ کاری، ماحولیاتی تبدیلی اور صحت پر مزید بات چیت پر اتفاق کیا ہے، ترجمان دفتر خارجہ شفقت علی خان

افغانستان سے بہتر ہمسائیگی پر مبنی تعلقات چاہتے ہیں تاہم ٹی ٹی پی اور دیگر محفوظ دہشتگردوں کی محفوظ پناہ گاہیں خوشگوار تعلقات کی راہ میں بڑی رکاوٹ ہیں، ہفتہ وار پریس بریفنگ

اسلام آباد (آن لائن) دفتر خارجہ نے کہا ہے کہ دہشتگرد شریف اللہ کو اقوام متحدہ کے قانون کے مطابق گرفتار اور امریکہ کے حوالے کیا گیا ہے، دونوں ممالک نے انسداد دہشتگردی کے لئے تعاون جاری رکھنے اور تجارت، سرمایہ کاری، ماحولیاتی تبدیلی اور صحت پر مزید بات چیت پر اتفاق کیا ہے ۔ افغانستان سے بہتر ہمسائیگی پر مبنی تعلقات چاہتے ہیں تاہم ٹی ٹی پی اور دیگر دہشت گرد گروہوں کی کابل میں محفوظ پناہ گاہیں خوشگوار تعلقات کی راہ میں بڑی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 1)

لاہور، وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز میو ہسپتال کا دورہ کر رہی ہیں

شکر کریں گرفتار نہیں کرایا، مریم نواز کا ناقص انتظامات پر ایم ایس میو ہسپتال کو ہٹانے کا حکم

مریضوں نے انتظامیہ کے خلاف شکایات کے انبار لگا دیے جس پر مریم نواز نے حکام پر شدید برہمی کا اظہار کیا

لاہور (سمیعہ فیاض) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز نے میو اسپتال کا دورہ کیا تو مریضوں اور ان کے لواحقین نے انتظامیہ کے خلاف شکایات کے انبار لگا دیے جس پر انہوں نے حکام پر شدید برہمی کا اظہار کرتے ہوئے میو اسپتال انتظامیہ کی سخت سرزنش کی اور میڈیکل سپرنٹنڈنٹ (ایم (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 7)

سویلین ٹرائل میں سپریم کورٹ بار ایسوسی ایشن نے تحریری معروضات جمع کرا دیں

سویلین کا ملٹری کورٹس میں ٹرائل نہیں ہونا چاہیے، آرمی ایکٹ کی شقوں کو غیر آئینی قرار نہیں دیا جاسکتا، سپریم کورٹ بار ایسوسی ایشن

مرکزی سوال ہے کیا سویلین کا ملٹری ٹرائل ہوسکتا ہے یا نہیں، مارشل لاء کے اقدام کی توثیق عدلیہ نے بھی کی، جسٹس جمال مندوخیل

اسلام آباد (آن لائن) سپریم کورٹ کے آئینی بنچ نے سویلینز کے ملٹری ٹرائل سے متعلق کیس کی سماعت پیر تک کے لیے ملتوی کردی ہے جبکہ جسٹس جمال مندوخیل نے کہا کہ مرکزی سوال یہ ہے کہ کیا سویلین کا ملٹری ٹرائل ہوسکتا ہے یا نہیں، مارشل لاء کے اقدام کی توثیق میں عدلیہ کا بھی کردار ہے، آئین میں مارشل لا کی کوئی اجازت نہیں سپریم کورٹ بار ایسوسی ایشن کی جانب سے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 10)

سینیٹر عون عباس پبی کی گرفتاری پر اپوزیشن کا شدید احتجاج، واک آؤٹ

ڈپٹی چیرمین سینیٹ اور بلوچستان عوام پارٹی کے پارلیمانی لیڈر کے مابین تلخ جملوں کا تبادلہ، عون عباس سے فون مانگا گیا نہ دینے پر گھر کی توڑ پھوڑ کی گئی، شبلی فراز کا ایوان میں اظہار خیال

نظام کو قانون اور ضابطے کے تحت چلنا چاہیے، گرفتاری کی اطلاع ہونی چاہیے، معلومات لیکر ایوان کو آگاہ کروں گا، اعظم نذیر تارڑ کا اظہار خیال

اسلام آباد (آن لائن) ایوان بالا میں پی ٹی آئی کے سینیٹر عون عباس پبی کی گرفتاری پر اپوزیشن کا شدید احتجاج، وفاقی وزیر نے ایوان کو بتایا کہ سینیٹر عون عباس کو غیر قانونی شکار کی وجہ سے گرفتار کیا گیا ہے۔ اجلاس کے دوران ڈپٹی چیرمین سینیٹ اور بلوچستان عوام پارٹی کے پارلیمانی لیڈر کے مابین تلخ جملوں کا تبادلہ، اپوزیشن جماعتوں نے احتجاجاً سینیٹ سے واک آؤٹ کیا۔ جمعرات کو سینیٹ کا (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 9)

پاک فوج دہشتگردی کیخلاف سیسہ پلائی دیوار، عوام کی حفاظت یقینی بنائیں گے

آرمی چیف

چیف آف آرمی اسٹاف جنرل سید عاصم منیر نے بنوں کا دورہ کیا، کور کمانڈر پشاور نے استقبال کیا، آرمی چیف کو جاری آپریشنز اور علاقے کی مجموعی سیکیورٹی صورتحال پر بریفنگ دی گئی: ڈی جی آئی ایس پی آر

دہشت گرد حملوں میں غیر ملکی ہتھیاروں کا استعمال ثبوت ہے افغانستان ایسے عناصر کی محفوظ پناہ گاہ بنا ہوا ہے، حملہ آوروں کے مذموم عزائم ناکام بنانے میں فوجیوں کے بہادرانہ اقدامات کو سراہتے ہیں: عاصم منیر

راولپنڈی (مانیٹرنگ ڈیسک) آرمی چیف جنرل عاصم منیر نے کہا ہے کہ فتنۃ الخوارج سمیت دہشت گرد گروہ پاکستان کے خلاف افغان سرزمین سے کارروائیاں کر رہے ہیں، دہشت گرد حملوں میں غیر ملکی ہتھیاروں کا استعمال ثبوت ہے افغانستان ایسے عناصر کی محفوظ پناہ گاہ بنا ہوا (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 3)

پنجاب بھر میں دیہی مراکز صحت کی آؤٹ سورسنگ کا فیصلہ

مراکز صحت میں بڑے اسپتالوں کے برابر سہولتیں فراہم کی جائیں گی: پنجاب حکومت

لاہور (یو این پی) پنجاب بھر میں دیہی مراکز صحت کی آؤٹ سورسنگ کا فیصلہ کر لیا گیا وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز کی صدارت میں اجلاس میں شعبہ صحت سے متعلق اہم فیصلے کیے گئے۔ اس موقع پر وزیر اعلیٰ مریم نواز کو بریفنگ میں بتایا گیا کہ مراکز صحت میں مریضوں کا تناسب تین گنا تک (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 4)

وزیر اعلیٰ پنجاب کا رمضان میں پنجاب کی تاریخ کا سب سے بڑا عوامی ریلیف پیکیج

ننکانہ صاحب (یو این پی) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کا رمضان المبارک میں پنجاب کی تاریخ کا سب سے بڑا عوامی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 5)

اسلام آباد، وزیراعظم شہباز شریف اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

حکومت نے آئی ایم ایف کو منی بجٹ نہ آنے کی یقینی دہانی کرا دی

ایف بی آر نے 605 ارب روپے کا ٹیکس شارٹ فال پورا کرنے کے پلان سے آگاہ کر دیا

اسلام آباد (یو این پی) حکومت کی جانب سے عالمی مالیاتی ادارے آئی ایم ایف کو ٹیکس شارٹ فال پورا کرنے کیلئے منی بجٹ نہ آنے کی یقینی دہانی کرا دی گئی۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق قرض پروگرام کی اگلی قسط کے لیے آئی ایم ایف اور پاکستانی حکام کے درمیان مذاکرات کا سلسلہ جاری ہے، ذرائع کا کہنا ہے کہ آئی ایم ایف وفد کی ایف بی آر اور بی ایس آئی پی حکام سے ملاقات ہوئی، جس میں (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 2)

ٹرمپ کی جانب سے تعریف پر کوئی خوش کوئی ناراض ہے، رانا ثناء

افغانستان میں موجودہ صورتحال کے ذمہ دار امریکا اور مغربی ممالک ہیں، انہیں پاکستان کی پشت پر کھڑا ہونا چاہیے، نجی ٹی وی سے گفتگو

اسلام آباد (آن لائن) وزیراعظم کے مشیر برائے سیاسی امور رانا ثنا اللہ نے کہا ہے کہ ہمیں خود کو ایک آزاد ملک کے طور پر کھڑا کرنا چاہیے۔ پہلے کچھ لوگ کہتے تھے کہ ٹرمپ آئیں گے تو بانی پی ٹی آئی باہر آ جائیں گے، بدقسمتی ہے ٹرمپ کی جانب سے تعریف پر ایک خوش تو ایک ناراض ہے۔ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 6)

اسلام آباد: چیف جسٹس یحییٰ آفریدی سے ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشن ملتان اور جھنگ کا وفد ملاقات کر رہا ہے

اسلام آباد: وفاقی وزیر خزانہ سینیٹر محمد اورنگزیب سے آل پاکستان ٹیکسٹائل ملز ایسوسی ایشن کا وفد ملاقات کر رہا ہے

اسلام آباد: ایتھوپیا کے سفیر وزیر دفاع خواجہ آصف کو ایتھو، پاکستان ایوارڈ پیش کر رہے ہیں

آڈیو لیک کیس، علی امین گنڈاپور کے ناقابل ضمانت وارنٹ گرفتاری برقرار

اسلام آباد (آن لائن) ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن کورٹس اسلام آباد نے آڈیو (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 12)

پاک بحریہ کے سابق سربراہ ایڈمرل افتخار احمد سروہی اسلام آباد میں انتقال کر گئے

اسلام آباد (آن لائن) پاک بحریہ کے سابق سربراہ ایڈمرل افتخار احمد سروہی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 13)

لاپتہ افراد کے کیسز کی سماعت کرنے والا اسپیشل بنچ ٹوٹ گیا

اسلام آباد ہائی کورٹ کے جسٹس ارباب محمد طاہر نے بنچ میں بیٹھنے سے معذرت کر لی

اسلام آباد (آن لائن) اسلام آباد ہائیکورٹ کا لاپتہ افراد کے کیسز کی سماعت کرنے والا اسپیشل بنچ ٹوٹ گیا۔ جسٹس ارباب محمد طاہر نے بنچ میں بیٹھنے سے معذرت کر لی، جسٹس محسن اختر کیانی کی سربراہی میں اسپیشل بنچ کیسز کی سماعت کر رہا تھا، جسٹس طارق جہانگیری بھی بنچ میں شامل (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 11)

ملک میں ایڈز کی روک تھام کیلئے حکومت بھرپور اقدامات اٹھا رہی ہے، اعظم نذیر تارڑ

اس وقت ملک میں ایڈز ایچ آئی وی ایڈز کے مریضوں کی تعداد میں اضافہ ہو رہا ہے، وزیر قانون

اسلام آباد (آن لائن) ایوان بالا کو وفاقی وزیر قانونی و پارلیمانی امور سینیٹر اعظم نذیر تارڑ نے بتایا ہے کہ ملک میں ایڈز کی روک تھام کیلئے حکومت بھرپور اقدامات اٹھا رہی ہے۔ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 14)

پیپلز پارٹی کا دہشت گردی کے بڑھتے واقعات پر اظہار تشویش

گلوبل ٹیررزم انڈکس میں پاکستان دوسرے نمبر پر ہے جو کہ بہت تشویشناک ہے، شیری رحمان

اسلام آباد (آن لائن) ایوان بالا میں پیپلز پارٹی کی سینیٹر شیری رحمٰن نے ملک میں دہشت گردی کے بڑھتے ہوئے واقعات پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے تفصیلی بریفنگ کا مطالبہ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 15)

دہشتگرد کو امریکا کے حوالے کیا تو کیا ہوا، وزیر دفاع

افغانستان میں امریکا نے ہائی ٹیک اسلحہ چھوڑا، امریکا کہہ رہا ہے کہ اسلحہ واپس لے رہا ہے تو اچھی بات ہے، امریکی اسلحے سے دہشتگردی میں اضافہ ہوا

سیاسی مخالفین نے مفاہمت کی کوئی بات کی؟ 4 حملے کر چکے، دوبارہ حملے کا کہہ رہے ہیں، اب مفاہمت نہیں، مزاحمتی سیاست ہو گی

اسلام آباد (آن لائن) وزیر دفاع خواجہ آصف نے کہا ہے کہ اگر ہم نے دہشتگرد کو امریکا کے حوالے کیا تو کیا ہوا، دہشتگردی کے خلاف پاکستان فرنٹ لائن پر لڑ رہا ہے۔ اسلام آباد میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ دہشتگردی کے خلاف جنگ ہم نے شروع نہیں کی تھی، مشرف نے دہشتگردی کے خلاف جنگ نہیں کی تھی، امریکا نے دہشتگردی کا نام لیکر عراق، لیبیا اور افغانستان میں جنگ لڑی، ہم دہشتگردی کا سب سے بڑا شکار ہیں (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 28)

بحرین سے آنے والے غیر ملکی شہری کے پیٹ سے 35 کوکین بھرے کیپسول برآمد

خاتون سے 4.8 کلو آئیون اور 7.2 کلو چرس برآمد کر کے گرفتار کر لیا گیا، اے این ایف

لاہور (یو این پی) لاہور ایئرپورٹ پر بحرین سے آنے والے نائجیرین شہری کے پیٹ سے 35 کوکین سے بھرے کیپسول برآمد کر لیے گئے۔ ترجمان اینٹی نارکوٹکس فورس (اے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 29)

سنگجانی جلسہ کیس میں عمر ایوب، زرتاج گل کی درخواست ضمانت کنفرم کر دی گئی

اسلام آباد (آن لائن) سنگجانی جلسہ کیس میں عمر ایوب، زرتاج گل کی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 32)

ڈپٹی چیرمین سینیٹ کی سینیٹر عون عباس پبی کی معاملے پر تفصیلی رپورٹ پیش کرنے کی ہدایت

اسلام آباد (آن لائن) ایوان بالا میں ڈپٹی چیرمین سینیٹ نے سینیٹر عون (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 30)

پنجاب یونیورسٹی بارہ سکالرز کو پی ایچ ڈی کی ڈگریاں جاری کر دی

لاہور (آن لائن) پنجاب یونیورسٹی نے صبا حیدر دختر غلام حیدر کو کیمسٹری، ذکی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 31)

بہاولپور: ڈپٹی کمشنر ڈاکٹر فرحان فاروق رمضان سہولت بازار کا معائنہ کر رہے ہیں

اسلام آباد: وفاقی وزیر برائے خوراک رانا تنویر حسین سے پاکستان ڈیری ایسوسی ایشن کا وفد ملاقات کر رہا ہے

پی ٹی آئی کو انتظار تھا ٹرمپ آئے گا اور عمران خان کو رہائی ملے گی، عظمیٰ بخاری

وزیراعلی کے پی نے اپنے کاموں کی کتاب بھجوائی، اس میں اپنے اسلام آباد پر 2 ناکام حملوں کا نہیں لکھا، وزیر اطلاعات پنجاب

وزیراعلی کے پی کے نے اپنی کتاب میں نامکمل منصوبوں کی تکمیل کا تذکرہ کر دیا، انہوں نے اسلام آباد پر دو ناکام حملوں کی داستان نہیں لکھی

لاہور (سمیعہ فیاض) صوبائی وزیر اطلاعات عظمیٰ بخاری نے پاکستان تحریک انصاف پر سخت تنقید کرتے ہوئے کہا ہے کہ پی ٹی آئی والوں کو انتظار تھا ٹرمپ آئے گا اور عمران خان کو رہائی ملے گی۔ وزیر اعلیٰ کے پی کے نے اپنی کتاب میں نامکمل منصوبوں کی تکمیل کا تذکرہ کر دیا۔ کتاب میں انہوں نے اسلام آباد پر دو ناکام حملوں کی داستان بھی نہیں لکھی۔ لاہور میں پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ پنجاب اور کے پی کی کار (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 16)

فیصل جاوید نے آف لوڈ کیے جانے کیخلاف توہین عدالت کی درخواست دائر کر دی

پشاور (یو این پی) پاکستان تحریک انصاف کے سینیٹر فیصل جاوید نے عمرہ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 18)

شرم آتی ہے مسلمان کیوں اتنی منافع خوری کرتے ہیں، سینیٹر دنیش کمار

ہندو سینیٹر کی رمضان میں ناجائز منافع خوری کرنے والے مسلمانوں کو غیرت دلانے کی کوشش

اسلام آباد (یو این پی) سینیٹ اجلاس کے دوران ہندو برادری سے تعلق رکھنے والے سینیٹر دنیش کمار نے رمضان المبارک کے مہینے میں اشیا کی قیمتیں بڑھا کر ناجائز منافع خوری کرنے والے مسلمانوں کو غیرت دلانے کی کوشش کی ہے۔ ایوان بالا کے اجلاس میں اظہار (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 17)

پاکستان اسٹاک ایکسچینج میں کاروبار کا مثبت رجحان، ڈالر مزید مہنگا ہو گیا

اسلام آباد (یو این پی) پاکستان اسٹاک ایکسچینج میں کاروبار کے آغاز پر مثبت رجحان دیکھنے میں آیا، ڈالر مزید مہنگا ہو گیا۔ پاکستان (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 19)

لاہور: وزیر اطلاعات پنجاب عظمیٰ بخاری ڈی جی پی آر میں پریس کانفرنس کر رہی ہیں

ڈی پی او نے اچھی کارکردگی کا مظاہرہ کرنیوالے پولیس افسران میں تعریفی سرٹیفکیٹ تقسیم کیے

سرگودھا (یو این پی) ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر نے اچھی کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے پولیس افسران میں تعریفی سرٹیفکیٹ تقسیم کیے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 22)

اعجاز چوہدری کے پروڈکشن آرڈر معاملہ، عدالت نے فریقین کو نوٹس جاری کرتے ہوئے جواب طلب کر لیا

اسلام آباد (آن لائن) اسلام آباد ہائیکورٹ نے اعجاز چوہدری کی سینیٹ اجلاس شرکت کیلئے پروڈکشن آڈرز سے متعلق درخواست پر فریقین کو نوٹس جاری کرتے ہوئے جواب (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 25)

خام تیل کی قیمت ساڑھے تین سال کی کم ترین سطح پر آ گئی

گزشتہ روز لندن برینٹ کروڈ کی قیمت 68 ڈالر 68 سینٹ فی بیرل رہی، غیر ملکی میڈیا

اسلام آباد (یو این پی) خام تیل کی قیمتوں بارے غیر ملکی میڈیا نے کہا ہے کہ گزشتہ روز قیمت ساڑھے تین سال کی کم ترین سطح پر آ گئی تھی۔ غیر ملکی میڈیا کے مطابق گزشتہ روز لندن برینٹ کروڈ کی قیمت 68 ڈالر 68 سینٹ فی بیرل رہی، تجارتی پابندیوں سے عالمی اقتصادی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 24)

بھارتی شہریوں کی امریکہ سے بے دخلی، مودی نے بے یار و مددگار چھوڑ دیا

بھارت کی کمزور سفارتکاری اور مودی کے حالیہ امریکی دورے نے بھارتی خارجہ پالیسی کی کمزوریاں آشکار کر دیں

نئی دہلی (آن لائن) بھارتی شہریوں کی امریکہ سے بے دخلی، مودی نے بے یار و مددگار چھوڑ دیا، بھارت کی کمزور سفارتکاری اور مودی کے حالیہ امریکی دورے نے بھارتی خارجہ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 20)

چین کی ترقیاتی کامیابیاں دنیا کو فائدہ دے رہی ہیں، پاکستانی سکالر

اس وقت شان ڈونگ یونیورسٹی کے انسٹی ٹیوٹ آف انٹرنیشنل سٹڈیز میں پوسٹ ڈاکٹریٹ فیلو ہیں

جنان (شنہوا) پاکستانی دانشور سید جمال خان نے چینی سکالر کے ساتھ مشترکہ طور پر لکھی اپنی تازہ تصنیف ”مشرق سے ہوائیں، کیسے بیلٹ اینڈ روڈ اقدام براعظموں کو منسلک کر کے معاشی مواقع پیدا کر رہا ہے“ میں لکھا ہے کہ بیلٹ اینڈ روڈ انیشی ایٹو (بی آر آئی) کا مقصد ایشیا، یورپ اور افریقہ میں بنیادی شہری سہولیات کی ترقی اور تجارت و سرمایہ کاری کو فروغ دے کر عالمی سطح پر رابطے اور اقتصادی تعاون کو بڑھانا ہے۔ سید جمال خان (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 21)

کراچی: پاکستان کی سیاست میں ایک بڑی تبدیلی متوقع

محمود مولوی ایک نئی جماعت کی بنیاد رکھنے کی تیاری میں مصروف، باضابطہ اعلان جلد متوقع ہے، ذرائع

کراچی (آن لائن) پاکستان کی سیاست میں ایک بڑی تبدیلی متوقع، سینئر سیاستدان محمود مولوی نے اپنی نئی سیاسی جماعت کے قیام پر غور شروع کر دیا۔ ذرائع کے مطابق پاکستان (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 26)

لیبیا کشتی حادثہ؛ ریڈ بک میں شامل انتہائی مطلوب انسانی سمگلر گرفتار

ملزم نے یورپ بھجوانے کے لیے ایک شہری سے 24 لاکھ روپے وصول کیے تھے

گجرات (یو این پی) وفاقی تحقیقاتی ادارے (ایف آئی اے) نے لیبیا کشتی حادثے کے بعد سے جاری کریک ڈاؤن کے دوران ریڈ بک میں شامل انتہائی مطلوب انسانی سمگلر (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 27)

مولانا فضل الرحمن کو ہماری جماعت سے تحفظات ہیں، ہم ان کی عزت کرتے ہیں، جنید اکبر

ہم مولانا صاحب کے تمام تحفظات دور کرنا چاہتے ہیں، ہم بانی پی ٹی آئی عمران خان تک دونوں جماعتوں کا موقف پہنچائیں گے

ہم امریکا سے بالکل امید نہیں لگا کے بیٹھے تھے، ہمیں بائیڈن انتظامیہ کے کردار پر تحفظات تھے: اڈیالہ جیل کے باہر میڈیا سے گفتگو

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان تحریک انصاف کے رہنما اور قومی اسمبلی کی پبلک اکاؤنٹس کمیٹی کے چیئرمین جنید اکبر نے کہا ہے کہ جمعیت علمائے اسلام (ف) کے سربراہ مولانا فضل الرحمٰن کو ہماری جماعت اور ہماری جماعت کو ان کی جماعت سے کچھ تحفظات ہیں جنہیں ہم دور کرنا چاہتے ہیں۔ اسلام آباد میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ مولانا فضل الرحمان کو ہماری جماعت اور ہماری جماعت کو بھی ان کی جماعت (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 33)

اسلام آباد: آسٹریلین ہائی کمشنر نیل ہاکنز وفاقی وزیر عبدالعلیم خان سے ملاقات کر رہے ہیں

اسلام آباد: گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی سے وزیر قانون سینیٹر اعظم نذیر تارڑ ملاقات کر رہے ہیں

روزنامہ قوت لاہور
چیف ایڈیٹر میاں محمد فیاض



سٹی نیوز

ڈاکوؤں کی موجیں، پولیس سڑکوں سے غائب شہری سرراہ لٹنے لگے

لاہور (کرائم رپورٹر) لاہور میں ڈاکوؤں اور چوروں کی موجیں، پولیس سڑکوں سے غائب شہری سرراہ لٹنے لگے، گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران مختلف جرائم کی 302 وارداتیں رپورٹ۔ پولیس زرائع کے مطابق نقب زنی کی وارداتوں میں چور شہر کے مختلف علاقوں میں 5 گھروں سے لاکھوں روپے مالیت کے طلائی زیورات، نقدی اور دیگر سامان لے اڑے، راہزنی کی وارداتوں میں ڈاکوؤں نے شہر میں اسلحہ کے زور پر مختلف مقامات پر 12 افراد سے لاکھوں روپے، 1 شہری سے موٹرسائیکل اور موبائل فونز چھین لیے، جھپٹا مار کاروائیوں میں ڈاکو 20 شہریوں سے شاہراہ عام پر ہزاروں روپے اور موبائل فونز چھین کر فرار ہو گئے جبکہ 24 گھنٹوں کے دوران شہر بھر سے 29 موٹرسائیکلیں، 2 دیگر وہیکل۔ 3 مویشی چوری ہو گئے اور متفرق چوری 230 وارداتیں رپورٹ ہوئیں

ڈولفن سکواڈ کی کارروائی: اغواء کے مقدمات میں مطلوب 02 اشتہاری گرفتار

لاہور (کرائم رپورٹر) ڈولفن سکواڈ نے کراچی و لاہور پولیس کو اغوائ× کے مقدمات میں مطلوب 02 اشتہاری گرفتار کر لیے۔ ترجمان کے مطابق ڈولفن سکواڈ نے دوران سنیپ چیکنگ اقبال ٹاو× ن اور شاہدرہ کے علاقے سے 2 افراد کو مشکوک جانتے ہوئے ان کا کریمنل ریکارڈ چیک کیا تو اے کیٹگری کے اشتہاری نکلے۔ ملزمان اغوائ× کے مقدمات میں راولپنڈی و لاہور پولیس کو مطلوب تھے ان کیخلاف تھانہ سرسید 235/24 (سینٹرل سندھ) اور 3200/24 مانگا منڈی (لاہور) میں خاتون اغوائ× کے مقدمات درج تھے اور ملزمان گرفتاری سے بچنے کیلئے لاہور میں روپوش تھے بعدازاں ٹیموں نے گرفتار عبدالرحمن اور رمضان کارروائی کیلئے تھانہ اقبال ٹاو× ن اور شاہدرہ کے حوالے کردیا

چوکی سپر ٹاؤن پولیس نے لاہور میں منشیات کی بڑی ترسیل ناکام بنا کر خاتون منشیات ڈیلر گرفتار کر لی

لاہور (کرائم رپورٹر) چوکی سپر ٹاو× ن پولیس نے لاہور میں منشیات کی بڑی ترسیل ناکام بنا کر خاتون منشیات ڈیلر گرفتار کر لی ترجمان کے مطابق چوکی سپر ٹاو× ن پولیس نے خفیہ اطلاع پر دوران چیکنگ بین الضلاعی ریکارڈ یافتہ خاتون منشیات ڈیلر طاہرہ بی بی منشیات کو ڈیلوری دینے آتے ہوئے رنگے ہاتھوں گرفتار کر کے اس سے لاکھوں روپے مالیت کی 12 کلو سے زائد چرس برامد، کر کے مقدمہ درج کرلیا

نشتر کالونی پولیس نے برقعہ پہنے خاتون بن کر منشیات سپلائی کرنیوالا ملزم گرفتار کرلیا

لاہور (کرائم رپورٹر) نشتر کالونی پولیس نے برقعہ پہنے خاتون بن کر منشیات سپلائی کرنیوالا ملزم گرفتار کرلیا ترجمان کے مطابق نشتر کالونی پولیس نے برقعہ پوش منشیات فروش عطائ× الرحمان کو پٹرولنگ کے دوران صوفیا آباد سے گرفتار کر کے اس کے قبضے سے سے 10 کلو چرس برآمد کر کے مقدمہ درج کرلیا پولیس کا کہنا ہے کہ ملزم برقعہ پہنے خاتون بن کر پشاور سے لاہور منشیات سپلائی کرنے آیا تھا

وحدت کالونی پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے نوسر باز چور گینگ گرفتار کرلیا

لاہور (کرائم رپورٹر) وحدت کالونی پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے نوسر باز چور گینگ گرفتار کرلیا ترجمان کے مطابق وحدت کالونی پولیس نے کاروائی کے دوران ڈولفنکی وردی پہنچ کر وارداتیں کرنے والے ملزم آرون ولسن اور ساتھی علی شہباز کو گرفتار کر کے واردات میں استعمال ہونے والی گاڑی سمیت 07 عدد برانڈڈ موبائل فونز، ہزاروں روپے نقدی، پستول بمہ گولیاں برآمد کر کے مقدمات درج کرلیے۔

ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل سیالکوٹ ایوب بخاری کا گراں فروشوں کے خلاف کریک ڈاؤن

مقررہ داموں سے زائد وصولی کی پاداش میں 15 دکانداروں کو مجموعی طور پر 3 لاکھ 90 ہزار روپے جرمانے کئے گئے

سیالکوٹ (بیورو چیف) ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل سیالکوٹ ایوب بخاری کا گراں فروشوں کے خلاف کریک ڈاؤن۔ 22 ناجائز منافع کے خلاف پرائس کنٹرول ایکٹ کے تحت کارروائی عمل میں لائی گئی، مقررہ داموں سے زائد وصولی کی پاداش میں 15 دکانداروں کو مجموعی طور پر 3 لاکھ 90 ہزار روپے جرمانے کئے گئے، 3 دکانوں کو سربمہر کر دیا گیا جبکہ 4 کے گراں فروشی کی پاداش مقدمات درج کروادیے۔ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل ایوب بخاری کے ہمراہ اسسٹنٹ کمشنر انعم بابر، پرائس مجسٹریٹس عدنان، ڈاکٹر تنویر، ڈی او انڈسٹریز تنویر احمد، نائب تحصیل حسنین طارق اور مقامی پولیس کے افسران بھی موجود تھے۔ اے ڈی سی جنرل ایوب بخاری نے کہا کہ دکاندار گراں فروشی سے گریز کریں اور ماہ صیام میں اپنی منافع کی شرح کو کم سے کم رکھیں بصورت دیگر کارروائی کیلئے تیار رہیں۔ انہوں نے کہا کہ ناجائز منافع خوری ہرگز برداشت نہیں کی جائے گی اور بلا امتیاز کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔

Youth Conference

چیف منسٹر پاپولیشن مینجمنٹ اینڈ فیملی پروگرام کے تحت یوتھ کانفرنس کا انعقاد کے موقع پر مہمان خصوصی ڈائریکٹر جنرل پاپولیشن ویلفیئر ثمن رائے کے ہمراہ شرکاء کا گروپ فوٹو

چیف منسٹر پاپولیشن مینجمنٹ اینڈ فیملی پروگرام کے تحت یوتھ کانفرنس کا انعقاد

مہمان خصوصی ڈائریکٹر جنرل پاپولیشن ویلفیئر ثمن رائے نے یوتھ کانفرنس کی افتتاحی تقریب سے خطاب

وزیر اعلیٰ پنجاب نے صوبہ کی آبادی میں اضافے کے چیلنجز سے نمٹنے کے لیے نوجوانوں کی شرکت اور اہمیت پر زور دیا ہے

حکومت پنجاب نوجوان سفیروں کا ایک نیٹ ورک قائم کرکے برادریوں میں رخاندانی منصوبہ بندی کے مقصد کو بہتر انداز میں آگے بڑھانے میں معاون ثابت ہونگے

یوتھ کانفرنس کے کلیدی مقاصد میں بیداری کیلئے نوجوانوں کو آبادی کے انتظام، خاندانی منصوبہ بندی، اور تولیدی صحت کی اہمیت سے آگاہ کرنا ہے

نوجوان ہمارے صوبے کا مستقبل ہیں، انہیں علم، مہارت اور رویوں سے بااختیار بنا کر مثبت تبدیلی کو تیزی سے آگے بڑھایا جا سکے گا

آبادی کے انتظام، خاندانی منصوبہ بندی، اور تولیدی صحت کے شعبے کے نامور ماہرین نے شرکاء کے ساتھ اپنی بصیرت اور تجربات کا اشتراک کیا

لاہور (خبر نگار) آبادی کے انتظام کے لیے نوجوان ذہنوں کو بااختیار بنانے کیلئے محکمہ بہبود آبادی پنجاب نے چیف منسٹر پاپولیشن مینجمنٹ اینڈ فیملی پروگرام کے تحت ایف سی سی کالج یونیورسٹی کے آڈیٹوریم میں یوتھ کانفرنس کا انعقاد کیا۔ محکمہ کی سالانہ ترقیاتی پرگرام کے تحت منعقد ہونے والی اس کانفرنس کا مقصد آبادی میں اضافے اور صوبے کے وسائل پر اس کے اثرات کے اہم مسئلے سے نمٹنے کے لیے نوجوان ذہنوں کو شامل کرنا مقصود ہے۔ مہمان خصوصی ڈائریکٹر جنرل پاپولیشن ویلفیئر ثمن رائے نے یوتھ کانفرنس کی افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب نے صوبہ کی آبادی میں اضافے کے چیلنجز سے نمٹنے کے لیے نوجوانوں کی شرکت اور اہمیت پر زور دیا ہے۔ انہوں نے کہا نوجوان ہمارے صوبے کا مستقبل ہیں، اور یہ ضروری ہے کہ ہم انہیں علم، مہارت اور رویوں سے بااختیار بنائیں تاکہ مثبت تبدیلی کو تیزی سے آگے بڑھایا جا سکے۔ اس کانفرنس کے ذریعے نوجوانوں کو آبادی کے انتظام اور خاندانی منصوبہ بندی کی کوششوں میں شامل کرنے کے لیے ایک وسیع تر اقدام کا آغاز کیا گیا ہے۔ حکومت پنجاب نوجوان سفیروں کا ایک نیٹ ورک قائم کرنے کا ارادہ رکھتی ہے جو اپنی برادریوں میں آبادی کے انتظام اور خاندانی منصوبہ بندی کے مقصد کو بہتر انداز میں آگے بڑھانے میں معاون ثابت ہونگے۔ اس یوتھ کانفرنس کے کلیدی مقاصد میں بیداری کیلئے نوجوانوں کو آبادی کے انتظام، خاندانی منصوبہ بندی، اور تولیدی صحت کی اہمیت سے آگاہ کرنا، نوجوانوں کو ان کی کمیونٹیز میں تبدیلی کے ایجنٹ بننے کے لیے ضروری علم، ہنر اور رویوں سے آراستہ کرنا ہے۔ نوجوانوں کو آبادی کے انتظام اور خاندانی منصوبہ بندی کی کوششوں میں فعال کردار ادا کرنے کی ترغیب دینا شامل ہے۔ آبادی کے انتظام، خاندانی منصوبہ بندی، اور تولیدی صحت کے شعبے کے نامور ماہرین نے شرکاء کے ساتھ اپنی بصیرت اور تجربات کا اشتراک کیا۔ اس موقع پر نوجوانوں نے آبادی میں اضافے سے نمٹنے اور خاندانی منصوبہ بندی کو فروغ دینے کے لیے اپنے اختراعی منصوبوں اور خیالات بارے آگاہی بھی دی۔ شرکاء نے آبادی کے انتظام اور خاندانی منصوبہ بندی میں پیش آنے والے چیلنجوں اور مواقع پر مباحثے پیش کیے۔

نمازوں کے اوقات



صبح صادق	5:15
فجر	6:00
ظہر	1:30
عصر	4:30
مغرب	غروب آفتاب
عشاء	7:30

فقہ جعفریہ
فجر طلوع آفتاب سے ایک گھنٹہ قبل، ظہرین 1:30 جبکہ مغرب غروب آفتاب کے 10 منٹ بعد

ایمرجنسی نمبرز

پولیس ایمرجنسی	15
آئی جی شکایت سیل	8787
ریلوے انکوائری	117
پی آئی اے	114

ہسپتالوں کے نمبرز

جناح ہسپتال	111-809-809
سروسز ہسپتال لاہور	99203407-25
میو ہسپتال لاہور	9921110-6
جنرل ہسپتال لاہور	99284092-8
پی آئی سی لاہور	111-786-786

یونیورسٹی آف ایجوکیشن، لاہور میں خواتین کے عالمی دن کے حوالے سے شاندار تقریبات کا انعقاد

اس موقع پر مختلف فکری اور حوصلہ افزا سرگرمیوں کا اہتمام کیا گیا، جن کا مقصد خواتین کی کامیابیوں کو سراہنا اور صنفی مساوات و خواتین کے حقوق کے فروغ کے لیے آواز بلند کرنا تھا

لاہور (خبر نگار) یونیورسٹی آف ایجوکیشن، لاہور کے ویمن ڈویلپمنٹ سنٹر کے زیر اہتمام خواتین کے عالمی دن 2025ء کے حوالے سے تقریبات کا انعقاد کیا گیا۔ اس موقع پر مختلف فکری اور حوصلہ افزا سرگرمیوں کا اہتمام کیا گیا، جن کا مقصد خواتین کی کامیابیوں کو سراہنا اور صنفی مساوات و خواتین کے حقوق کے فروغ کے لیے آواز بلند کرنا تھا۔ اس موقع پر یونیورسٹی آف ایجوکیشن کے پہلے خواتین میگزین (شی شائنز) کے دوسرے شمارے کی تقریب رونمائی بھی کی گئی نے، جو خواتین کی آواز، کامیابیوں اور عزائم کی نمائندگی کرتا ہے۔ مرکزی تقریب کی صدارت وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر عاکف انور چودھری نے کی جبکہ مہمان خصوصی پرنسپل، کینیرڈ کالج فار ویمن یونیورسٹی، لاہور پروفیسر ڈاکٹر ارم انجم تھیں۔ تقریب میں مختلف علمی و انتظامی شعبوں سے ممتاز شخصیات بشمول پرنسپل، یونیورسٹی بینک روڈ کیمپس، پروفیسر ڈاکٹر ثمینہ مظہر، نجمہ راشد (ایڈووکیٹ، ہائی کورٹ آف پاکستان)، ڈاکٹر سارہ رضوی جعفری (شعبہ سوشیالوجی، فارمن کرسچین کالج، لاہور)، کیپٹن قادر سرفراز (پائلٹ اور سی ای او، ایئر مین گراؤنڈ)، اسماء اکرم (میڈلسٹ، ساؤتھ ایشین چیمپئن شپ)، ڈاکٹر صدف زہرا سید (ایم بی بی ایس، ایم سی پی ایس، ایف سی پی ایس، گنگا رام ہسپتال، لاہور)، سارہ ایوب (صوبائی کوآرڈینیٹر، نیشنل فورم آف ویمن وِد ڈس ایبلیٹیز) نے شرکت کی اور خطاب کیا۔ وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر عاکف انور چودھری نے اپنے خطاب میں خواتین کو بااختیار بنانے کے حوالے سے اپنے خیالات کا اظہار کیا۔ انہوں نے کہا کہ خواتین کے حقوق کا مسئلہ ملکی نہیں بلکہ عالمی ہے، جس کے لئے صرف خواتین نہیں بلکہ مردوں کو بھی علم و شعور دینے کی ضرورت ہے۔ مہمان خصوصی پرنسپل، کینیرڈ کالج فار ویمن یونیورسٹی، لاہور پروفیسر ڈاکٹر ارم انجم نے کہا کہ خواتین کو اپنے مسائل اور چیلنجز کو سامنے رکھتے ہوئے مضبوط بنیادوں پر کھڑا ہونے کی ضرورت ہے۔ تقریب کا ایک اہم جزو ×× تمام خواتین اور لڑکیوں کے لیے: حقوق، مساوات، خودمختاری ×× کے موضوع پر ایک پینل ڈسکشن تھا، جس میں مختلف پیشہ ورانہ شعبوں سے تعلق رکھنے والی ممتاز شخصیات نے شرکت کی۔ پینلسٹ نے صنفی مساوات، خواتین کو مختلف پیشوں میں درپیش چیلنجز اور خواتین و لڑکیوں کو بااختیار بنانے کی حکمت عملیوں پر اپنے تجربات اور آرا کا اظہار کیا۔ تقریب کے اختتام پر ڈاکٹر مقدس بٹ، انچارج یونیورسٹی ویمن ڈویلپمنٹ سنٹر نے تمام مہمانوں، مقررین اور منتظمین کا شکریہ ادا کیا اور اس یادگار تقریب کے انعقاد پر اطمینان کا اظہار کیا۔

والڈ سٹی نے اُچ شریف، ضلع بہاولپور میں مزارات کے تحفظ اور اپ گریڈیشن کا آغاز کر دیا

صوفی گزرگاہ/زیارات کی گزرگاہ، پروجیکٹ کے تحت اُچ شریف میں اہم مزارات کے تحفظ اور اپ گریڈیشن کا باضابطہ آغاز کر دیا ہے

لاہور (تخلیق صدیقی سے) والڈ سٹی آف لاہور اتھارٹی (ڈبلیو سی ایل اے) نے اُچ شریف، ضلع بہاولپور میں مزارات کے تحفظ اور اپ گریڈیشن کا آغاز کر دیا۔ والڈ سٹی آف لاہور اتھارٹی (ڈبلیو سی ایل اے) نے صوفی گزرگاہ/زیارات کی گزرگاہ، پروجیکٹ کے تحت اُچ شریف میں اہم مزارات کے تحفظ اور اپ گریڈیشن کا باضابطہ آغاز کر دیا ہے۔ اس اہم اقدام کا مقصد خطے کی تاریخی اور ثقافتی اہمیت کو بحال کرنا، رسائی کو بہتر بنانا اور سطح کی درستگی، فرش کی بہتری، برقی نظام کی تنصیب اور روشنی کے موثر انتظامات شامل ہیں۔ علاوہ ازیں، حضرت بدرالدین نقوی اور حضرت فضل الدین لاڈلہ کے مزارات کو ساختی استحکام فراہم کرنے کے ساتھ ساتھ برآمدوں اور پناہ گاہوں کی ازسرِ نو تعمیر بھی کی جائے گی۔ اس میں داخلی دروازوں، پارکنگ ایریاز، سیاحتی سہولت مرکز، بیت الخلاء، وضو کے مقامات اور پینے کے پانی کی فراہمی شامل ہے۔ مزارات کی طرف جانے والی گلیوں کی سطح کو بہتر بنایا ڈائریکٹر جنرل کامران لاشاری نے کہا ان تاریخی مزارات کا تحفظ محض ان کی بحالی تک محدود نہیں، بلکہ یہ اُچ شریف کی روحانی اور ثقافتی میراث کو زندہ کرنے کا ایک ذریعہ ہے۔ اس اقدام کے ذریعے ہمارا مقصد مذہبی سیاحت کو فروغ دینا، زائرین کو جدید سہولیات فراہم کرنا اور مقامی کاریگروں کے لیے مواقع پیدا کرنا ہے۔ یہ منصوبہ ہمارے ورثے کے تحفظ کے عزم کی عکاسی کرتا ہے، تاکہ اسے دنیا کے لیے مزید قابلِ رسائی بنایا جا سکے۔ مرمت و

مذہبی سیاحت کو فروغ دینا ہے۔ اس منصوبے کے تحت سات مقدس مزارات کے تحفظ پر توجہ دی جا رہی ہے، جن میں حضرت جلال الدین سرخ پوش بخاری، حضرت مخدوم جہانیاں جہاں گشت، حضرت بدر الدین نقوی، حضرت فضل الدین لاڈلہ، مسجد حاجات، حضرت راجن قتال، اور حضرت محبوب سبحانی شامل ہیں۔ مرمت و بحالی کے کاموں میں چھتوں کی بحالی، واٹر پروفنگ، لکڑی کے کام، جائے گا اور سیاحوں کی راہنمائی کے لیے رہنما تختیاں نصب کی جائیں گی۔ مزید برآں، اس منصوبے میں زیرِ زمین سیوریج اور نکاسی آب کے نظام کی تنصیب، زائرین کے لیے بیٹھنے کی سہولت، اور معتقدین کے راستے پر روشنی کے انتظامات شامل ہیں، تاکہ زائرین کو محفوظ اور آرام دہ ماحول فراہم کیا جا سکے۔ اس منصوبے کے حوالے سے بات کرتے ہوئے، والڈ سٹی آف لاہور اتھارٹی کے بحالی اور اپ گریڈیشن کا کام باضابطہ طور پر 28 جنوری 2025 کو شروع ہوا اور امید کی جا رہی ہے کہ یہ اُچ شریف کو ایک اہم مذہبی اور ثقافتی مقام کے طور پر فروغ دینے میں نمایاں کردار ادا کرے گا۔ اور اس امر کو یقینی بنانے کے لیے کوشاں ہے کہ یہ مقامات آنے والی نسلوں کے لیے بھی اپنی عظمت برقرار رکھ سکیں۔

پنجاب فوڈ اتھارٹی کی ضلع بھر میں کاروائیاں جاری، جرمانے عائد

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) پنجاب فوڈ اتھارٹی کی ضلع بھر میں کاروائیاں جاری متعدد افراد کو بھاری جرمانے تفصلات کے مطابق ماہ صیام میں ملاوٹ سے پاک اشیاء ضروریہ کی فراہمی کے لئے موثر اقدامات جاری ہیں ڈپٹی ڈائریکٹر آپریشنز پنجاب فوڈ اتھارٹی چنیوٹ ڈاکٹر محمد قاسم رضا کی سربراہی میں فوڈ سیفٹی ٹیمز کا قانون شکنی کرنے والوں کے خلاف کریک ڈاؤن متعدد سحری اور افطار پوائنٹس کی انسپکشنز، فوڈ پوائنٹس صفائی اور سٹوریج کے ناقص انتظامات، میڈیکل سکریننگ سرٹیفکیٹ کی عدم موجودگی اور حفظان صحت کے اصولوں کی خلاف ورزی پر 000,50 روپے کے جرمانے عائد، سحری کے اوقات میں ملک شاپس کو بھی چیک کیا گیا۔ دودھ کی ناقص کوالٹی کی وجہ سے 36000 روپے کے جرمانے عائد، 290 لیٹر ملاوٹی دودھ موقع پر تلف کر دیا اور کریانہ سٹورز کی انسپکشنز کے دوران ایکسپائرڈ مصنوعات کی موجودگی کی وجہ سے 37000 روپے کے جرمانے عائد کیا۔

یو ای ٹی ٹیچنگ سٹاف ایسوسی ایشن کے زیر اہتمام یوم سیاہ پر احتجاج

یو ای ٹی لاہور کیمپس سمیت دیگر کیمپسز میں بھی اساتذہ اور ملازمین سراپا احتجاج بن گئے

لاہور (خبر نگار) یو ای ٹی ٹیچنگ سٹاف ایسوسی ایشن (ٹی ایس اے) کے زیر اہتمام یوم سیاہ کے موقع پر یو ای ٹی لاہور سمیت دیگر کیمپسز جن میں کالا شاہ کاکو، فیصل آباد، نارووال اور رچنا موڑے۔ اساتذہ کوئی بزنس نہیں کرتے انکا گزارہ صرف تنخواہوں پر ہوتا ہے۔ اساتذہ کے پاس ذرائع آمدن محدود ہوتے ہیں اور یونیورسٹیز کے اساتذہ کا اپنے مطالبات کیلئے سڑکوں پر آنا لمحہ فکریہ

SAVE
TEACHER
TSA-UET

کیمپس شامل ہیں، میں اساتذہ اور ملازمین نے اساتذہ کی تنخواہوں سے 25 فیصد ٹیکس کٹوتی کیخلاف احتجاج کیا۔ ٹیکس ریبیٹ بحال کرنے کے مطالبے کیلئے یو ای ٹی اساتذہ اور ملازمین سراپا احتجاج بن گئے۔ احتجاج کی قیادت صدر ٹی ایس اے ڈاکٹر محمد شعیب اور جنرل سیکرٹری ڈاکٹر تنویر قاسم نے کی۔ اساتذہ اور ملازمین نے سیاہ پٹیاں باندھ کر پلے کارڈز اٹھا رکھے تھے جن پر مختلف نعرے اور مطالبات درج تھے۔ اساتذہ رہنماؤں صدر ٹی ایس اے ڈاکٹر محمد شعیب اور جنرل سیکرٹری ڈاکٹر تنویر قاسم شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ حکومت ٹیکس ریبیٹ کا رخ بزنس کمیونٹی کی طرف ہے۔ پہلے ہی ملک سے ذرخیز دماغ برین ڈرین باہر کی دنیا کا رخ کر رہا ہے اور ملک کو چھوڑ رہا ہے۔ اگر یہی سلسلہ یونیورسٹیز کیساتھ رہا تو یونیورسٹیز خالی ہوجائیں گی۔ یہ پر امن اور علامتی احتجاج ہے، اگر حکومت نے مطالبات نہ مانے تو کلاسز کا بائیکاٹ کریں گے اور نوبت یہاں تک بھی آسکتی ہے کہ طلباء بھی اس احتجاج میں شامل ہونگے۔ خبردار اگر یو ای ٹی کے مطالبات نہ مانے گئے تو اگلے مرحلے میں اورنج ٹرین اور جی ٹی روڈ بلاک کر دیا جائیگا۔ پہلے تو سرکاری ملازمین کی تنخواہوں میں اضافہ اونٹ کے منہ میں زیرہ کے برابر ہوتا ہے۔

اینٹی انکروچمنٹ آپریشن میں سیالکوٹ پولیس بھرپور معاونت کر رہی ہے: عثمان منیر سیفی

سیالکوٹ پولیس کی کرائم کنٹرول کاروائیاں کامیابی سے جاری ہیں: ایڈیشنل ایس پی سیالکوٹ

سیالکوٹ (خواجہ عامر جاوید) ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سیالکوٹ کی زیر قیادت سیالکوٹ پولیس کرائم کنٹرول میکنزم کے زریعے قانون شکن عناصر کیخلاف بھرپور کاروائیاں کرتے ہوئے اپنے اہداف کامیابی سے حاصل کر رہی ہے۔ منشیات فروشوں، جنسی جرائم میں ملوث افراد ہوں، مقدمات کے اشتہاری یا قانون شکن عناصر کیخلاف زیرو ٹالرنس پالیسی اپناتے سیالکوٹ پولیس بھرپور انداز میں کامیاب کاروائیاں کر رہی ہے جس کے نتیجے میں ضلع کے مختلف سرکل آفیسران کی حدود میں ایس ایچ اوز تھانہ جات نے گرفتاریاں عمل میں لائی ہیں۔ ان باتوں کا اظہار کرائم فائٹر ایڈیشنل ایس پی سیالکوٹ عثمان منیر سیفی نے میڈیا ٹاک میں کیا۔ ضلع بھر میں حکومت پنجاب کیجانب سے کامیاب اینٹی انکروچمنٹ آپریشن بارے سوال کے جواب میں انہوں نے کہا کہ ڈسٹرکٹ سیالکوٹ کی تمام چار تحصیلوں میں سیالکوٹ پولیس دیگر اسٹیک ہولڈرز کے ساتھ انکروچمنٹ آپریشن کی کامیابی میں بھرپور معاونت کر رہی ہے جو کامیابی سے جاری ہے۔ مجموعی طور پر سیالکوٹ پولیس کی اینٹی انکروچمنٹ آپریشن ہو یا کرائم کنٹرول کاروائیاں قانون کے نفاذ کیلئے بہترین عملی کاروائیاں

جہلم مارکیٹ کمیٹی کے نرخنامے پر پھل سبزیاں اور گوشت کی خریداری ناممکن

جہلم (بیورو رپورٹ) جہلم مارکیٹ کمیٹی کے نرخنامے پر پھل سبزیاں اور گوشت کی خریداری ناممکن۔ ماہ صیام میں بھی غریب عوام لٹنے پر مجبور پرائس کنٹرول مجسٹریٹس خاموش کارکردگی سوالیہ نشان بن گئی تفصیلات کے مطابق ماہ صیام میں جہلم ضلع بھر میں گراں فروشی پورے عروج پر پہنچ چکی ہے پھل سبزیاں اور گوشت کا سرکاری نرخنامے پر ملنا ناممکن ہو چکا ہے مارکیٹ کمیٹی کی جانب گزشتہ روز جو نرخ نامہ جاری کیا گیا اس کے مطابق تحصیل بھر میں کسی بھی جگہ پر سبزیاں پھل دستیاب نہیں شہریوں نے ڈپٹی کمشنر سے مطالبہ کیا ہے کہ روزانہ کی بنیاد پر بازاروں ٹھیلوں اور گلی محلوں میں واقع دکانوں سے خریداری کروا کے نرخ چیک کیے جائیں گراں فروشی اور کم تولنے والے دکانداروں کے خلاف فوجداری مقدمات درج کروائے جائیں تا کہسٹ مار کا خاتمہ ممکن ہو سکے

پریسیشن انجینئرنگ کے ملازمین کے لیے یہ دن شدید پریشانی اور بے یقینی کے دن بن چکے ہیں

کوئی نیا اعلان یا کوئی نیا اشارہ انہیں یہ باور کرانے کی کوشش کر رہا ہے کہ ان کا مستقبل اب ان کے ہاتھ میں نہیں رہا: سیکرٹری پی ایم این لیبر ونگ

کراچی (پریس ریلیز) پریسیشن انجینئرنگ کے ملازمین کے لیے یہ دن شدید پریشانی اور بے یقینی کے دن بن چکے ہیں۔ روزانہ کوئی نہ کوئی نئی خبر، کوئی نیا اعلان یا کوئی نیا اشارہ انہیں یہ باور کرانے کی کوشش کر رہا ہے کہ ان کا مستقبل اب ان کے ہاتھ میں نہیں رہا۔ آج ان ملازمین کے لیے ایک اور تشویشناک بات سامنے آئی جب پی آئی اے کے میڈیکل او پی ڈی میں جانے والے ملازمین اور ریٹائرڈ ملازمین کو دیے جانے والے لیٹرز پر "پی آئی اے ہولڈنگ کمپنی" کے الفاظ نمایاں نظر آئے۔ جو ملازمین پی آئی اے کے میڈیکل سے باہر کسی ڈاکٹر کو دکھانے کے لیے ریفرل لیٹر لینے گئے، ان کے لیٹرز کے کارنر پر بھی یہی لکھا ہوا پایا گیا۔ یہ ایک ایسا اشارہ ہے جس نے ملازمین کے خدشات کو مزید تقویت دے دی ہے۔ ایسا محسوس ہوتا ہے کہ ایک منصوبہ بندی کے تحت آہستہ آہستہ ملازمین کو ذہنی طور پر تیار کیا جا رہا ہے کہ وہ اب پی آئی اے کا حصہ نہیں رہے بلکہ ایک نئی حیثیت میں انہیں ڈھالا جا رہا ہے، اور یہ سب کچھ انہیں بتائے اور سمجھے بغیر ہو رہا ہے۔ یہ صورتحال نئی نہیں ہے۔ پاکستان میں اس سے پہلے بھی کئی اداروں کے ساتھ یہی کچھ کیا گیا۔ ایک وقت تھا جب شاہین ایئر لائن ایک کامیاب ادارہ تھی، مگر جیسے ہی اسے بدنظمی اور غلط فیصلوں کا نشانہ بنایا گیا، تو ہزاروں ملازمین بے روزگار ہو گئے۔ انہیں یقین دلایا گیا تھا کہ سب کچھ ٹھیک رہے گا، لیکن وقت نے ثابت کیا کہ ان کے ساتھ ایک ایسا کھیل کھیلا گیا جس کا نتیجہ صرف نقصان کی صورت میں نکلا۔ اسی طرح پی ٹی سی ایل کی نجکاری کے وقت بھی ملازمین کو سنہرے خواب دکھائے گئے، لیکن جیسے ہی یہ پرائیویٹ ہاتھوں میں گیا، ملازمین کی نوکریاں غیر محفوظ ہو گئیں، ان کی مراعات چھین لی گئیں، اور ایک وقت آیا کہ وہ لوگ جو سرکاری تحفظ کے تحت کام کر رہے تھے، بے یار و مددگار رہ گئے۔ اب یہی کچھ پریسیشن انجینئرنگ کے ساتھ ہو رہا ہے۔ پہلے انہیں بین الاقوامی معیار کے تحت چلنے والی ایک ایئر لائن کے ملازم کی حیثیت حاصل تھی، مگر اب آہستہ آہستہ انہیں کسی اور ڈھانچے میں ڈھالنے کی کوشش کی جا رہی ہے۔ کبھی انہیں یہ سننے کو ملتا ہے کہ ان کی کمپنی کو فاؤنڈیشن کے ماتحت چلایا جائے گا، کبھی نجکاری کی افواہیں گردش کرتی ہیں، اور اب تو باقاعدہ دستاویزات پر پی آئی اے ہولڈنگ کمپنی کے الفاظ نمایاں ہونے لگے ہیں۔ اس سب سے یہی تاثر ملتا ہے کہ ان کے مستقبل کا فیصلہ پہلے ہی کہیں ہو چکا ہے، اور اب اس فیصلے کو آہستہ آہستہ ان پر مسلط کیا جا رہا ہے۔ یہ سوال اب اور زیادہ اہم ہو چکا ہے کہ کیا ایک سرکاری ادارے کے ملازمین کو اس طرح بغیر کسی وضاحت کے کسی اور کمپنی کے حوالے کیا جا سکتا ہے؟ کیا ان کی نوکری، پنشن، میڈیکل، فضائی سفر کی سہولیات اور دیگر مراعات اسی طرح رہیں گی؟ یا آہستہ آہستہ انہیں ہر اس حق سے محروم کر دیا جائے گا جو ایک سرکاری ملازم کے طور پر انہیں حاصل تھا؟ سب سے زیادہ تکلیف دہ بات یہ ہے کہ اتنا بڑا فیصلہ، جو ہزاروں ملازمین کے روزگار اور مستقبل سے جڑا ہوا ہے، وہ ان سے پوچھے بغیر کیا جا رہا ہے۔ انہیں اعتماد میں لینا تو دور کی بات، روزانہ نئی نئی خبریں دے کر، نئے اعلانات کر کے اور چھوٹے چھوٹے اشارے دے کر انہیں ذہنی دباؤ میں ڈالا جا رہا ہے۔ اب فیصلہ ملازمین کو کرنا ہے کہ وہ خاموشی سے سب کچھ سہتے رہیں گے یا اپنی بات کہیں گے۔ اگر آج نہیں بولے، تو کل شاید بولنے کا موقع بھی نہ ملے۔

سیکرٹری/چیف ایڈمنسٹریٹر اوقاف پنجاب ڈاکٹر طاہر رضا بخاری کا داتا دربار کا دورہ

داتا دربار اور بادشاہی مسجد سمیت صوبہ بھر میں "اعتکاف" کے لیے تیاریاں شروع کر دی گئیں

لاہور (سپیشل رپورٹر) سیکرٹری/چیف ایڈمنسٹریٹر اوقاف پنجاب ڈاکٹر طاہر رضا بخاری کا داتا دربار کا دورہ، اعتکاف انتظامات کا جائزہ لیا۔ داتا دربار اور بادشاہی مسجد سمیت صوبہ بھر میں "اعتکاف" کے لیے تیاریاں شروع کر دی گئیں۔ اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ روزہ تزکیہ نفس کا سب سے بڑا ذریعہ ہے، ہمارا دین، محض انسان کو مادی ضروریات اور تقاضوں تک ہی محدود نہیں رکھتا بلکہ روحانی اور باطنی پاکیزگی کا بھی اہتمام کرتا ہے۔ جس کے لیے روزہ، تراویح اور پھر آخری عشرے میں "اعتکاف" بنیادی اہمیت رکھتا ہے۔ انہوں نے داتا دربار میں معتکفین کے لیے تیار کردہ اعتکاف ہال اور کیبنز کا تفصیلی دورہ کیا۔ نیز معتکفین کے لیے سحر و افطار کے لیے خورد و نوش کے امور کا جائزہ لیا۔ دورہ کے موقع پر زونل ایڈمنسٹریٹر اوقاف داتا دربار شیخ محمد جمیل نے معتکفین کے لیے صفائی، سیکیورٹی اور میڈیکل سہولیات سمیت دیگر امور کی بابت بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ داتا دربار میں دو ہزار سے زائد خوش نصیب اعتکاف بیٹھنے کی سعادت حاصل کریں گے، جس کے لیے مجوزہ فارم پر زائرین کی درخواستوں پر، سکروٹنی کا عمل جاری ہے۔ سیکرٹری اوقاف نے مزید کہا کہ ماہ رمضان المبارک "شہر المواسات" یعنی غمخواری اور غمگساری کا مہینہ ہے، اس میں ایک دوسرے کے ساتھ محبت رواداری اور انسان دوستی کا معاملہ کرتے ہوئے فلاحی معاشرے کی تشکیل کو یقینی بنائیں۔ نیز اس ماہِ مبارک کی برکات کو سمیٹنے کے لیے عبادات اور تراویح کو مدِ نظر رکھ کر اپنے دن کی مصروفیات ترتیب دیں۔

WALLED CITY OF LAHORE AUTHORITY

Government of the Punjab

RENTING OUT AUCTION OF THE
BASTION CAFE II AT LAHORE FORT

The Walled City of Lahore Authority intends to invite rental offers for the Bastion Cafe II Lahore Fort. The companies are requested to submit their rental offer by obtaining tender documents for Bastion Cafe II. The Bidding documents can be purchased worth Rs. 1000/- from the office of the undersigned in working days / hours before March 27, 2025. The technical bids will be received on March 28, 2025 till 1 pm and publically opened in the office of Walled City of Lahore Authority at 1:30pm on same day. The bidding documents can be obtained immediately on the same day after the publication of this advertisement during office hours. Any further information regarding the same may be acquired from the office of undersigned.

Note: -

The companies would submit technically proposal / design and financial proposal separately, clearly mentioned. Any proposal can only be rejected based on the evaluation criteria as per PPRA Rules.

(TANIA QURESHI)
Director Marketing/Tourism/Culture
Walled City of Lahore Authority,
Imdad Bilqees House,
54-Lawrence Road, Lahore
Phone No. 042-99204196

IPL:881

ABC CERTIFIED
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
چیف ایڈیٹر
میاں محمد فیاض
روزنامہ قوت
لاہور

نگہبان پیکج کی رقم میں کٹوتی کرنیوالوں کیخلاف سخت کاروائی ہوگی: ڈپٹی کمشنر حافظ آباد

حکومت پنجاب کی جانب سے ماہ مبارک میں مستحقین کی امداد کے لیے جو تاریخی رمضان نگہبان پیکج شروع کیا گیا ہے اسے ہرلحاظ سے بغیر کسی کٹوتی مستحق افراد تک پہنچایا جائیگا

حافظ آباد (بیورو رپورٹ) ڈپٹی کمشنر حافظ آباد عبدالرزاق نے کہا ہے کہ رمضان نگہبان پیکج کی رقم میں کٹوتی کرنے والوں کے خلاف بلا تفریق اور سخت کاروائی کرتے ہوئے انہیں گرفتار کرکے انکے خلاف مقدمات درج کروائے جائیں۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز کی جانب سے رمضان المبارک میں غریب اور مستحق افراد میں رمضان نگہبان پیکج کے تحت دس ہزار روپے کی رقم کو شفاف اور منصفانہ طریقے سے تقسیم کرنے کے لیے تمام بینک افسران اپنے ریٹیلرز /ایجنٹس کو واضح ہدایات جاری کریں کہ اگر کوئی شخص رمضان نگہبان پیکج میں کٹوتی یا اس حوالے سے کوئی اضافی رقم وصول کریگا تو اسکے خلاف قانونی کاروائی کرتے ہوئے انہیں گرفتاری اور مقدمہ درج کروایا جائیگا۔ ڈپٹی کمشنر عبدالرزاق کا کہنا تھا کہ حکومت پنجاب کی جانب سے ماہ مبارک میں مستحقین کی امداد کے لیے جو تاریخی رمضان نگہبان پیکج شروع کیا گیا ہے اسے ہرلحاظ سے بغیر کسی کٹوتی مستحق افراد تک پہنچایا جائیگا اور جو کوئی بھی اس رمضان نگہبان پیکج میں کسی بھی قسم کی کٹوتی کریگا اسکے خلاف مقدمات درج کروائے جائینگے۔ ڈپٹی کمشنر کا کہنا تھا کہ ضلعی انتظامیہ کے افسران رمضان نگہبان پیکج کی شفاف طریقے سے تقسیم کے حوالے سے تمام معاملات کو خصوصی طور پر مانیٹر کر رہے ہیں اور بینکوں کے ریٹیلرز اور ایجنٹس کی شاپس و دفاتر کو بھی خصوصی طور پر چیک کیا جا رہا ہے تاکہ کوئی بھی شخص غریب اور مستحق افراد کو حکومت پنجاب کی جانب سے ملنے والے رقم میں کٹوتی یا اضافی رقم وصول نہ کرسکے۔

کارکنان جیالے پاکستان پیپلز پارٹی کا قیمتی اثاثہ ہیں: سید حسن مرتضیٰ نقوی

پاکستان پیپلز پارٹی میں کارکنان کی رائے کو ہمیشہ مقدم رکھا جاتا ہے

ساہیوال (مہر اے ڈی لیسم پیرا سے) رہنما پاکستان پیپلز جنرل سیکرٹری پیپلز پارٹی پنجاب سید حسن مرتضیٰ نقوی نے کہا ہے کہ کارکنان جیالے پاکستان پیپلز پارٹی کا قیمتی اثاثہ ہیں پاکستان پیپلز پارٹی میں کارکنان کی رائے کو ہمیشہ مقدم رکھا جاتا ہے۔ پیپلز پارٹی کو متعدد بار اقتدار کا حصول کارکنان کی قربانیوں اور ان کی طویل جدوجہد کا ثمر ہے۔ چیئرمین پاکستان پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری کی ہدایت پر یونیٹی پنجاب بھر میں کارکنان کی رائے اور پارٹی کی بہتری پنجاب میں مضبوط کرنے کے لیے تجاویز لے رہی ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے رہنما پاکستان پیپلز پارٹی ممبر سنٹرل ایگزیکٹو کمیٹی سابق وفاقی وزیر مملکت مہر غلام فرید کاٹھیا کی صدارت میں ہونے والے اجلاس میں عہدیداران و کارکنان سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اجلاس میں مہر غلام فرید کاٹھیا نے کہا کہ گاؤں، وارڈ، یونین کونسل، تحصیل، ضلع ہر جگہ پاکستان پیپلز پارٹی کے منشور کو عوام تک پہنچانا اور کارکنان میں مایوسی ختم اور انہیں مطمئن کرنا ہے۔ کارکنان کی آواز چیئرمین بلاول بھٹو زرداری تک پہنچائی جائے گی۔

مخیر حضرات مستحقین کی دل کھول کر مدد کریں: میاں خالد محمود

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) استحکام پاکستان پارٹی کے مرکزی ایڈیشنل جنرل سیکرٹری و سابق صوبائی وزیر میاں خالد محمود نے کہا ہے کہ رمضان المبارک کے مقدس مہینے میں ضرورت مند افراد کیلئے صدقہ، خیرات اور زکوٰۃ ادا کرنے سے غریب و نادار افراد کی زندگیوں میں خوشیاں لائی جا سکتی ہیں مخیر حضرات اپنے ارد گرد بسنے والے غریب مستحق و نادار افراد کی زیادہ سے زیادہ مالی اعانت یقینی بنائیں تاکہ اللہ تعالیٰ کی رضا و خوشنودی حاصل کرسکیں، روزہ انسان میں عاجزی و انکساری، حسن سلوک اور محبت کا خوبصورت رشتہ پیدا کرتا ہے، رمضان المبارک بخشش اور رحمتیں سمیٹنے کا مہینہ ہے ہمیں اس مہینہ میں زیادہ سے زیادہ عبادت کرنے سمیت اخوت و بھائی چارے کے فروغ کیلئے بھرپور کردار ادا کرنا چاہیے۔

ڈپٹی کمشنر نے چکن کی قیمتوں میں بے جا اضافہ کا نوٹس لے لیا

اشیائے خورد و نوش کے سرکاری نرخ نامے پر عملدرآمد کیلئے پرائس کنٹرول مجسٹریٹس فیلڈ میں متحرک ہیں

جھنگ (بیورو رپورٹ) ڈپٹی کمشنر علی اکبر بھنڈر کے احکامات پر چکن اور گوشت کی قیمتوں میں اوو چارجنگ کی شکایات اور دیگر اشیائے خورد و نوش کے سرکاری نرخ نامے پر عملدرآمد کیلئے پرائس کنٹرول مجسٹریٹس فیلڈ میں متحرک ہیں۔ گزشتہ روز ضلع بھر میں پرائس کنٹرول مجسٹریٹس نے 13898 انسپکشنز کر کے خلاف ورزی کرنے والے 624 دوکانداروں کو 48 ہزار روپے سے زائد کے جرمانے عائد کئے جبکہ 58 دوکانیں سیل اور ایک سو سے زائد گرانفروشوں کو قانون کی گرفت میں لیا گیا۔ اس حوالہ سے ڈپٹی کمشنر نے پرائس کنٹرول مجسٹریٹس کو ہدایات جاری کی ہوئی ہیں کہ وہ اوو چارجنگ کی شکایات پر کریک ڈاؤن جاری رکھیں، دوران کارروائیاں مرتکب دوکانداروں کو بھاری جرمانے عائد کئے جائیں۔ رمضان بازاروں میں مناسب نرخوں پر اشیائے خوردونوش کی دستیابی سمیت سبزی، پھل، چینی، گوشت اور دیگر اشیائے ضروریہ کے معیار اور مقدار کو یقینی بنانے کے حوالہ سے خصوصی اقدامات کئے جائیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ ماہ رمضان میں مصنوعی قلت پیدا کرنے اور ناجائز منافع خوروں کے ساتھ سختی سے نمٹا جائیگا، گرانفروشی کے مرتکب دوکاندار عید جیل میں گزاریں گے۔

مضان سہولت بازار: اشیائے خورونوش کی کوالٹی اور قیمتوں کا جائزہ لیا

رمضان سہولت بازار میں خریداروں سے تاثرات دریافت کیے اور مختلف سٹالز پر اشیاء ضروریہ کی چیکنگ کی

دیپال پور (زاہد عمران جنجوعہ) دیپالپور اسسٹنٹ کمشنر نعیم بشیر نے رمضان سہولت بازار میں عوامی ریلیف کے پیش نظر اشیائے خوردونوش کی کوالٹی اور قیمتوں کا جائزہ لیا، انہوں نے رمضان سہولت بازار میں خریداروں سے تاثرات دریافت کیے اور مختلف سٹالز پر اشیاء ضروریہ کی چیکنگ کی۔ انہوں نے رمضان سہولت بازار میں مارکیٹ کمیٹی کے افسران کو ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ مختلف امور کی نگرانی کریں میونسپل کمیٹی کے عملہ کو تاکید کی کہ رمضان سہولت بازار میں صفائی ستھرائی کا خصوصی خیال رکھیں، انہوں نے کہا کہ رمضان سہولت بازار حکومت پنجاب کی عوام دوست پالیسی کا مظہر ہیں، لہٰذا ان کے انعقاد کے دوران کسی قسم کی سستی اور فرائض میں غفلت ہرگز برداشت نہیں کی جائے گی

جہلم شہر کے بازاروں میں چوتھے روزے کو پرچون سطح پر سبزیوں اور پھلوں کی کھلے عام گراں فروشی جاری

جہلم (بیورو رپورٹ) جہلم شہر کے بازاروں میں چوتھے روزے کو پرچون سطح پر سبزیوں اور پھلوں کی کھلے عام گراں فروشی جاری۔ تحصیل جہلم کے مختلف علاقوں کے رہائشیوں نے رابطہ کرکے بتایا ہے کہ ان کے علاقوں میں کہیں بھی سرکاری نرخنامے پر عملدرآمد نہیں ہو رہا سبزیاں اور پھل من مانے نرخوں پر فروخت کئے جا رہے ہیں اور سرکاری قیمتوں پر کہیں عملدرآمد نہیں ہو رہا سرکاری سطح پر کہیں بھی اقدام نظر نہیں آ رہے۔ شہریوں نے حکومت اور ضلعی انتظامیہ سے گراں فروشی روکنے اور سرکاری نرخنامے پر عملدرآمد کے لئے اوپن مارکیٹوں میں پٹرولنگ کا نظام لانے کی ضرورت پر زور دیا۔

گراں فروشوں کے خلاف کارروائیاں جاری

گراں فروشی پر 84 دوکانداروں کو مجموعی طور پر تین لاکھ تیرہ ہزار روپے جرمانہ کیا گیا

حافظ آباد (نمائندہ خصوصی) حافظ آباد میں پرائس کنٹرول مجسٹریٹس کی جانب سے مہنگے داموں اشیائے خوردونوش فروخت کرنے والے دوکانداروں کے خلاف کاروائیاں جاری۔ گراں فروشی پر 84 دوکانداروں کو مجموعی طور پر تین لاکھ تیرہ ہزار روپے جرمانہ کیا گیا جبکہ دو دوکانداروں کے خلاف مقدمات درج کروائے گئے۔ ڈسٹرکٹ آفیسر انڈسٹریز اینڈ انٹر پرائز محمد حامد بھٹی کا کہنا ہے کہ حکومت پنجاب اور ڈپٹی کمشنر حافظ آباد عبدالرزاق کی ہدایت پر ضلع بھر میں گراں فروشوں کے خلاف بلا تفریق کاروائیوں کا سلسلہ جاری ہے۔ اسٹنٹ کمشنر حافظ آباد سہیل ریاض نے گراں فروشی پر 55 ہزار، اسسٹنٹ کمشنر پنڈی بھٹیاں اشفاق احمد نے بھی 55 ہزار، تحصیلدار ندیم مسعود برتھ نے 62 ہزار، ڈسٹرکٹ آفیسر انڈسٹریز محمد حامد بھٹی نے 35 ہزار روپے جرمانہ کیا۔ انکا کہنا تھا کہ ضلعی انتظامیہ کے افسران اور دیگر پرائس مجسٹریٹس نے رواں ہفتہ کے دوران مختلف مارکیٹوں اور بازاروں میں چودہ ہزار پانچ سو انیس دوکانوں کی انسپکشنز کی اس دوران کریانہ، گوشت، سبزیاں، پھل اور دیگر اشیائے خوردونوش مہنگے داموں فروخت کرنے پر متعدد دوکانداروں کو مجموعی طور پر تین لاکھ تیرہ ہزار روپے جرمانہ کیا گیا۔ انہوں نے بتایا کہ حکومتی ہدایات کے مطابق رمضان المبارک کے دوران عوام کو سستی اور معیاری اشیاء کی فراہمی کے لیے تمام پرائس کنٹرول مجسٹریٹس مختلف مارکیٹوں، بازاروں، سبزی و فروٹ منڈیوں کے روزانہ کی بنیاد پر دورے کر رہے ہیں اور جہاں کہیں بھی مقررہ نرخوں کی خلاف ورزی سامنے آئے تو ایسے دوکانداروں کے خلاف کاروائیاں کی جا رہی ہیں۔

ڈپٹی کمشنر علی اکبر بھنڈر نے گورنمنٹ گرلز ہائی سکول جھنگ سٹی کا دورہ کیا

جھنگ (بیورو رپورٹ) ڈپٹی کمشنر علی اکبر بھنڈر نے گورنمنٹ گرلز ہائی سکول جھنگ سٹی کا دورہ کیا۔ اس موقع پر اساتذہ اور سٹاف کی حاضری سمیت سکول کے انتظامی امور کو چیک کیا اور صفائی ستھرائی کی صورتحال کو مزید بہتر بنانے کے احکامات جاری کئے۔ انہوں نے سکول میں انتظامی و تدریسی عمل کا جائزہ لیا اور دوران وزٹ کلاس رومز میں فرنیچر، عمارت کی تزئین و آرائش و دیگر سہولیات و بہتری کے حوالے سے احکامات جاری کئے۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ تعلیمی اداروں کو دور جدید کے تعلیمی تقاضوں سے ہم آہنگ کرنے کیلئے ٹھوس اقدامات کئے جا رہے ہیں۔ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی خصوصی ہدایات کی روشنی میں سکولوں کی مانیٹرنگ اور تعلیمی امور کی بہتری کیلئے منظم حکمت عملی پر عمل پیرا ہے تاکہ معیاری تعلیم کا فروغ تسلسل سے جاری رہے۔

ناجائز منافع خوری کی روک تھام کیلئے ضلعی انتظامیہ ان ایکشن

یکم مارچ سے اب تک 05 روز میں 02 لاکھ 18 ہزار 147 سے زائد چھاپہ مار کاروائیاں کیں اور 266 خلاف ورزیوں پر 14 لاکھ 82 ہزار روپے کے جرمانے عائد

دفتر یونین کونسل 10
دفتر یونین کونسل 5

گوجرانوالہ (نویدہ بخاری قوت بیورو) ناجائز منافع خوری کی روک تھام کیلئے ضلعی انتظامیہ ان ایکشن، یکم مارچ سے اب تک 05 روز میں 02 لاکھ 18 ہزار 147 سے زائد چھاپہ مار کاروائیاں کیں اور 266 خلاف ورزیوں پر 14 لاکھ 82 ہزار روپے کے جرمانے عائد، 05 مقدمات کا اندراج، 293 افراد گرفتار اور 697 گوداموں و دکانوں کو سیل کر دیا گیا۔ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے احکامات پر ڈپٹی کمشنر نوید احمد خود اور اسسٹنٹ کمشنرز، 5 سپیشل پرائس مجسٹریٹس گراں فروشی کی روک تھام، سپلائی چین مینجمنٹ ٹھوس کاروائیاں اور اقدامات جاری ڈپٹی کمشنر نے وزیر اعلیٰ پنجاب کے احکامات پر رمضان المبارک میں صارفین کو ریلیف کی فراہمی یقینی بنانے کے سلسلہ میں ایمن آباد موڑ، چندا قلعہ، سیالکوٹ روڈ کا دورہ کیا، اشیائے خورد و نوش کی قیمتوں اور معیار کا جائزہ لیا اور دکانداروں کو سختی سے ہدایت کی کہ رمضان المبارک میں عوام الناس کو حکومت پنجاب کے مقرر کردہ نرخوں پر اشیاء فروخت کریں۔ خلاف ورزی کی صورت میں سخت قانونی کاروائی کی جائے گی۔ پرائس کنٹرول ایکٹ کے تحت رمضان المبارک میں ناجائز منافع خوروں کیخلاف کریک ڈاؤن جاری ہے، اسسٹنٹ کمشنرز/ پرائس کنٹرول مجسٹریٹس نے یکم مارچ سے شروع سپیشل رمضان آپریشن کے دوران لاکھوں چھاپہ ماروائیاں کیں ہیں، 14 لاکھ سے زائد جرمانہ عائد کیا گیا، 200 سے زائد دوکانیں سیل کی ہیں، 40 سے افراد کو ناجائز منافع خوری کی شکایات پر گرفتار کرتے ہوئے جیل بھیجا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ شہری ضلعی انتظامیہ کے ساتھ تعاون کریں اور جہاں کہیں بھی مہنگے داموں اشیائے ضروریہ کی فروخت ہو تو فوری نشاندہی کرتے ہوئے 03290644442 پر یا قیمت ایپ پنجاب پر شکایات درج کروائیں تاکہ غیر قانونی منافع خوروں اور ذخیرہ اندوزوں کو قانون کے شکنجے میں لاتے ہوئے ان کے خلاف کاروائی عمل میں لائی جا سکے۔ ڈپٹی کمشنر نوید احمد نے کہا کہ ماہ رمضان میں تمام اسسٹنٹ کمشنرز/ پرائس کنٹرول مجسٹریٹس مصنوعی مہنگائی اور ناجائز منافع خوری کی روک تھام اور دیگر غیر قانونی سرگرمیوں میں ملوث افراد کیلئے فیلڈ میں متحرک رہیں اور روزانہ کی بنیاد پر چھاپہ مار کاروائیاں کریں، صارفین کی جیبوں پر ڈاکہ ڈالنے والوں کو قانون کے شکنجے میں لائیں تاکہ صارفین کے حقوق کا تحفظ ممکن بناتے ہوئے مصنوعی مہنگائی کے جن کو قابو کیا جاسکے۔ نگہبان رمضان پیکج کے پے آرڈرز کی تقسیم میں شفافیت کو یقینی بنانے کیلئے ڈپٹی کمشنر گوجرانوالہ نوید احمد کے یونین کونسل دفاتر کے دورے جاری ڈپٹی کمشنر گوجرانوالہ نوید احمد نے یونین کونسل 5 اور یونین کونسل 10 میں قائم وزیر اعلیٰ پنجاب رمضان نگہبان پے آرڈر سنٹر کا معائنہ کیا انتظامات کا جائزہ لے کر عملہ کو شفافیت سے چیک حقداران تک پہنچانے کی ہدایات جاری کر رہے ہیں۔ شہریوں سے بھی انہوں نے ملاقات کی اور ان سے پے آرڈر کی تقسیم میں شفافیت اور انتظامات کے حوالے سے بھی استفسار کیا، شہریوں کی طرف سے اطمینان کا اظہار کیا گیا۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر نوید احمد نے کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی خصوصی ہدایت پر "نگہبان رمضان پیکج 2025" کے تحت مستحق خاندانوں کو گھروں کی دہلیز پر 10 ہزار روپے کی مالی امداد فراہم کی جا رہی ہے۔ اس شاندار فلاحی اقدام کے تحت حکومت پنجاب نے 31 ارب روپے مختص کیے ہیں، تاکہ رمضان المبارک کے دوران عوام کو زیادہ سے زیادہ ریلیف فراہم کیا جاسکے۔ ڈپٹی کمشنر نے ہدایت دی کہ امدادی رقم کی شفاف ترسیل اور بروقت فراہمی کو یقینی بنایا جائے اور کسی بھی قسم کی بدانتظامی یا کوتاہی ہرگز برداشت نہیں کی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ حکومت پنجاب کی یہ کاوش عوام کو براہ راست ریلیف دینے کے لیے ہے، اور اس میں شفافیت کو یقینی بنانے کے لیے سخت مانیٹرنگ کا نظام متعارف کروایا گیا ہے۔

ریجنل پولیس آفیسر طیب حفیظ چیمہ کا سہولت بازار پیپلز کالونی کا سرپرائز وزٹ

دوران وزٹ سکیورٹی انتظامات کا جائزہ لیا ایس ایچ او پیپلز کالونی نے سکیورٹی کے حوالے بریفنگ دی

گوجرانوالہ (نویدہ بخاری قوت بیورو) ریجنل پولیس آفیسر طیب حفیظ چیمہ کا سہولت بازار پیپلز کالونی کا سرپرائز وزٹ۔ دوران وزٹ سکیورٹی انتظامات کا جائزہ لیا ایس ایچ او پیپلز کالونی نے سکیورٹی کے حوالے بریفنگ دی اور آر پی او نے ایس ایچ او کو رمضان المبارک کے دوران سکیورٹی ہائی الرٹ رکھنے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا ہے کہ سہولت بازار میں بھی گشت اور چیکنگ کے نظام کو مزید موثر بنایا جائے۔ شہریوں کو ہر صورت امن کی فضا فراہم کی جائے اس ضمن میں کوتاہی ناقابل برداشت ہوگی۔ مزید کہا کہ رمضان المبارک کے دوران مساجد، مارکیٹوں اور بازاروں میں سکیورٹی کے انتظامات میں کوئی کمی نہ چھوڑی جائے۔ موثر گشت اور ناکہ بندی سے مشکوک اشخاص اور گاڑیوں پر کڑی نظر رکھی جائے۔ آر پی او نے کہا کہ ایس ڈی پی او اور ایس ایچ او خود ڈیوٹی پر مامور جوانوں کو چیک کرنے کے ساتھ ساتھ مناسب بریف بھی کریں۔ شہریوں کے ساتھ ساتھ سہولت بازار میں ضلعی انتظامیہ کی جانب سے تعینات عملے کو بھی اس ضمن میں اعتماد میں لیا جائے اور انہیں بریف کیا جائے کہ کسی بھی مشکوک شخص یا شے کی موجودگی بارے فوری طور پر پولیس کو اطلاع دی جائے۔

عوام کو رمضان المبارک میں بھی ریلیف نا مل سکا

غریب عوام خالی پیٹ روزے رکھنے پر مجبور ہوگئی ہے اسٹورز کو اشیائے خوردونوش کا کم کوٹہ ملنے پر مسائل مزید بڑھنے لگے



الہ آباد (نامہ نگار) عوام کو رمضان المبارک میں بھی ریلیف نا مل سکا حکومت کے دعوے صرف نام کے دعوے رہ گئے غربت کی ماری عوام کو مہنگائی کی بلندیاں بھی مار رہی ہیں یوٹیلیٹی اسٹورز پر آٹا چینی اور اس کے ساتھ گھی کی بھی قلت پیدا ہوگئی ہے غریب عوام خالی پیٹ روزے رکھنے پر مجبور ہوگئی ہے اسٹورز کو اشیائے خوردونوش کا کم کوٹہ ملنے پر مسائل مزید بڑھنے لگے جبکہ شہری اوپن مارکیٹ سے مہنگے داموں اشیا خریدنے پر مجبور ہوگئے ہیں تفصیلات کے مطابق حکومت کی جانب سے سبسڈی دے کر چینی کی فی کلو قیمت 153 روپے مقرر کی گئی ہے لیکن یہ اسٹورز سے غائب ہوئی تو پھر نظر ہی نہیں آئی جبکہ سستا گھی کا ریٹ بھی سبسڈی پر 502 روپے فی کلو اور برانڈڈ گھی کا ریٹ 554 تو مقرر کیا گیا ہے لیکن موجود نہیں تاہم یوٹیلیٹی سٹورا انتظامیہ کے مطابق سٹوروں میں چینی اور گھی اوپن مارکیٹ کے مقابلے میں سستا ہے لیکن لوگوں کی تعداد زیادہ ہونے کی وجہ سے کوٹہ جلدی ختم ہو جاتا ہے شہریوں کا کہنا ہے کہ جن اشیاء کی قیمتیں مارکیٹ سے کم ہیں وہ سٹور میں ملتی ہی نہیں جبکہ یوٹیلیٹی سٹورز پر سبسڈی کے تحت ماہانہ 5 کلو چینی کے بجائے 2 یا 4 کلو ہی چینی دی جائے اور غریب کے لیے سستا گھی ہی فراہم کیا جائے تاکہ مسلمان کسی قسم کی پریشانی کے بغیر روزے رکھ سکیں حکومت بالا سے اپیل ہے کہ ان اشیاء کی فراہمی یقینی بنائی جائے

الیکشن مقررہ وقت پہ ہونگے، ہرورکر صحافی الیکشن لڑنے کا اہل ہے: ڈاکٹر محمد الیاس بٹ

رکنیت سازی میں تیزی اچھا شگون ہے، ہرورکر صحافی ہمارا بھائی ہے: مرزا اطہر سلطان مغل

گوجرانوالہ (نویدہ بخاری قوت بیورو) گلوبل یونین اف جرنلسٹس گوجرانوالہ کی نگران انتظامی کمیٹی کے اراکین ڈاکٹر محمد الیاس بٹ، مرزا اطہر سلطان مغل اور سید نویدہ بخاری نے ایک مشترکہ بیان میں کہا کہ گلوبل یونین آف جرنلسٹس جمہوری اقدار پر یقین رکھتی ہے یہی وجہ ہے کہ الیکشن کا انعقاد حتمی قرار پایا گیا ہے۔ واضح رہے کہ گزشتہ ماہانہ اجلاس میں جنرل سیکرٹری کی ایڈوائس پہ گلوبل یونین آف جرنلسٹس گوجرانوالہ کی ایگزیکٹو کو تحلیل کر دیا گیا تھا جس کا مقصد نئے الیکشن کا انعقاد اور جمہوری روایات کا تسلسل برقرار رکھنا تھا الیکشن کمیٹی کے مطابق 28 اپریل 2025 کو گلوبل یونین اف جرنلسٹس کے الیکشن منعقد ہوں گے جس سے شہر بھر کے صحافتی حلقوں میں ایک اچھی مثال قائم ہوگی نئی منتخب کابینہ کو کام کرنے کا موقع ملے گا جس سے گلوبل یونین کی ساکھ مزید مضبوط ہوگی گلوبل یونین کی سبکدوش کابینہ کے اراکین سے گفتگو کرتے ہوئے نگران انتظامی کمیٹی کے سربراہ ڈاکٹر محمد الیاس بٹ کے مطابق آئندہ چند روز میں الیکشن کی گہما گہمی اپنے عروج کو پہنچے گی اور ہرورکر جرنلسٹ کو الیکشن میں حصہ لینے کا بھرپور موقع ملے گا۔ جنرل سیکرٹری مرزا اطہر سلطان کے مطابق رکنیت سازی میں روز بہ روز تیزی آ رہی ہے جو ایک اچھا شگون ہے۔ ہمارا پیغام مثبت صحافت ہے اور ذاتی شناخت سے بالاتر ہوکر ہر صحافی کی غمی خوشی میں اس کا ساتھ دینا ہے۔ اس ملاقات کے دیگر شرکاء میں سابق وائس چیئرمین میاں مسعود احمد، علی رضا، شہباز خان سمیت دیگر افراد شامل تھے۔

جہلم محمودہ ویلفیئر ٹرسٹ کے تعاون سے ڈھوک سمش میں صاف پانی کی فراہمی واٹر فلٹریشن پلانٹ کا افتتاح

جہلم (بیورو رپورٹ) جہلم محمودہ ویلفیئر ٹرسٹ کے تعاون سے ڈھوک سمش میں صاف پانی کی فراہمی واٹر فلٹریشن پلانٹ کا افتتاح محمد عیسیٰ عابد محمد اسرار عابد کی خصوصی شرکت شہریوں کی کثیر تعداد میں شرکت تفصیلات کے مطابق معروف سماجی تنظیم محمودہ ویلفیئر ٹرسٹ کے تعاون سے تحصیل دینہ کے علاقہ ھون موہال کی ڈھوک سمش میں صاف پانی کا فلٹر پلانٹ لگا دیا علاقہ مکینوں میں خوشی کی لہر دوڑ گئی ڈھوک سمش کے مکین پینے کے صاف پانی کی نعمت سے عرصہ دراز سے محروم تھے، جس پر معروف فلاحی تنظیم کے رہنماؤں نے علاقہ مکینوں کی مشکلات کو مدنظر رکھتے ہوں بور کروایا جوکہ پتھریلی زمین کی وجہ سے انتہائی مشکل تھا کیونکہ اس علاقے میں زیرزمین پانی کی گہرائی تقریباً ساڑھے تین 350 سوفٹ ہے محمودہ ویلفیئر ٹرسٹ کے تعاون سے ہیوی مشینری سے بور کروایا گیا اور اہلیان علاقہ کو صاف پانی فراہم کر دیا گیا اس بور اور فلٹریشن پلانٹ کا خرچہ محمد عیسیٰ عابد اور محمد اسرار عابد نے اپنی نانی اماں کے ایصال ثواب کے لیے عطیہ کیا ڈھوک سمش کے لوگوں نے بتایا کہ اس سے پہلے ایک بہت بڑا تالاب تھا جس میں بارشوں کا پانی جمع ہوتا تھا جس سے مکین پانی پینے پر مجبور تھے۔

مصطفی آباد: پرچم کشائی کی تقریب کے اوقات کار کے بورڈز آویزاں

اس سے قبل شہری پریڈ ٹائمنگ کے اوقات کار موسم کے لحاظ سے تبدیل ہوتے رہنے کی وجہ سے پریشانی کا شکار ہوتے تھے



مصطفی آباد/للیانی (نمائندہ خصوصی) گنڈا سنگھ بارڈر پر روزانہ منعقد ہونے والی پرچم کشائی کی پرتکلف تقریب کے اوقات کار کے بورڈز شہر کے داخلی اور خارجی راستوں پر نصب کر دیئے گئے، اس سے قبل شہری پریڈ ٹائمنگ کے اوقات کار موسم کے لحاظ سے تبدیل ہوتے رہنے کی وجہ سے پریشانی کا شکار ہوتے تھے، ونگ کمانڈر رینجرز سید علی ہادی نقوی پرچم کشائی کی تقریب کے لئے اعوام کو مزید سہولیات اور تفریح دینے کے لئے سرگرم۔ تفصیلات کے مطابق گنڈا سنگھ بارڈر پر روزانہ منعقد ہونے والی پرچم کشائی کی پرتکلف تقریب کے اوقات کار کے بورڈز شہر کے داخلی اور خارجی راستوں پر نصب کر دیئے گئے جس سے اب پرچم کشائی کی پریڈ دیکھنے والوں کے لئے سہولت اور آسانی پیدا ہوگی، اس سے قبل شہری پریڈ ٹائمنگ کے اوقات کار موسم کے لحاظ سے تبدیل ہوتے رہنے کی وجہ سے پریشانی کا شکار ہوتے تھے اور اکثر اس شاندار تقریب سے لطف اندوز ہونے کے لئے تاخیر کا شکار ہو جاتے تھے لیکن اب ڈپٹی کمشنر قصور اور ونگ کمانڈر رینجرز سید علی ہادی نقوی کی خصوصی کاوش اور دلچسپی کی بدولت شہریوں کو اس مشکل کا سامنا نہیں ہوگا، مذکورہ بورڈز لاہور قصور روڈ مصطفی آباد للیانی ٹول پلازہ سمیت دیپالپور بائی پاس چوک، کمال چشتی چوک اور قصور سے دیپالپور روڈ پر واقع لاہور بائی پاس چوک پر آویزاں کئے گئے ہیں۔

نگہبان رمضان پیکج کے تحت مستحق افراد میں امدادی رقوم کی تقسیم کا عمل جاری

ساہیوال (مہر اے ڈی لیسم پیرا سے) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز کے احکامات پر ڈپٹی کمشنر شاہد محمود کی سربراہی میں نگہبان رمضان پیکج کے تحت مستحق افراد میں امدادی رقوم کی تقسیم کا عمل جاری ہے اور ضلعی انتظامیہ امدادی رقوم کی شفاف تقسیم کو یقینی بنانے کیلئے سخت مانیٹرنگ کر رہی ہے۔ ڈپٹی کمشنر شاہد محمود کی ہدایت پر نائب تحصیلدار طاہر نوید انجم نے کاروائی کرتے ہوئے مدینہ فوٹو سٹیٹ شاپ بالمقابل گورنمنٹ ٹیچنگ ہسپتال کو سیل کر دیا اور دوکان مالک مدثر کے خلاف تھانہ فرید ٹاؤن میں مقدمہ درج کروا دیا۔ انہوں نے کہا کہ حکومتی امداد میں کسی قسم کی کٹوتی یا اضافی رقم کا تقاضا ناقابل معافی جرم ہے۔ ڈپٹی کمشنر شاہد محمود نے شہریوں سے اپیل کی کہ کسی بھی مقام پر امدادی رقوم کی تقسیم میں بے ضابطگی، کٹوتی یا زائد رقم وصول کرنے کی شکایات ہوں تو فوری طور پر ضلعی انتظامیہ کو آگاہ کریں۔

میونسپل کمیٹی پتوکی حکام نے سیکرٹری فنانس پنجاب کے احکامات ہوا میں اڑا دیئے

7 تاریخ ہوگئی پنشنرز کو ماہ فروری کی پنشن کی ادائیگی نہ ہوئی، حکام سے نوٹس کا مطالبہ

پتوکی (نامہ نگار) میونسپل کمیٹی پتوکی حکام نے سیکرٹری فنانس پنجاب کے احکامات ہوا میں اڑا دیئے 7 تاریخ ہوگئی پنشنرز کو ماہ فروری کی پنشن کی ادائیگی نہ ہوئی، حکام سے نوٹس کا مطالبہ۔ تفصیل کے مطابق گزشتہ ماہ گورنر پنجاب کی ہدایات پر سیکرٹری فنانس پنجاب نے صوبہ بھر میں ملازمین کو ماہ فروری کی تنخواہیں اور پنشن کی 28 فروری تک ادائیگی کا نوٹیفیکیشن جاری کیا جسکو میونسپل کمیٹی پتوکی حکام اور اکاؤنٹ برانچ نے ٹھیکیداروں سے ذاتی کمیشن کے لالچ میں ہوا میں اڑاتے ہوئے تنخواہوں کی ادائیگی گزشتہ روز 6 مارچ کو کی جبکہ ریٹائرڈ ملازمین کی پنشنز کو روک کر انکا معاشی قتل کر دیا جس پر متعدد پنشنرز کا کہنا تھا کہ اکاؤنٹ برانچ بلدیہ تنخواہوں اور پنشنز کی مد میں آئی گرانٹ کی رقم ٹھیکیداروں کو ادا کر کے کمیشن کماتا ہے اور تنخواہوں اور پنشنز کو روک کر ملازمین خصوصاً ریٹائرڈ ملازمین کا معاشی قتل کرتا ہے گزشتہ ماہ گورنر پنجاب کے احکامات کے باوجود ملازمین کو 28 فروری تک تنخواہیں دینے کی بجائے گزشتہ روز تنخواہوں کی ادائیگی کی اور پنشنرز کو روک کر ریٹائرڈ بزرگ ملازمین کا معاشی قتل کر دیا۔

رمضان نگہبان پیکج کے تحت پے آرڈرز کی گھر گھر تقسیم کا جائزہ

پرائس کنٹرول اینڈ کموڈیٹیز مینجمنٹ سلمی بٹ نے ڈپٹی کمشنر ننکانہ صاحب کا دورہ

ننکانہ صاحب (چوہدری محمد عرفان گجر) معاون خصوصی وزیر اعلیٰ پنجاب برائے پرائس کنٹرول اینڈ کموڈیٹیز مینجمنٹ سلمی بٹ نے ڈپٹی کمشنر ننکانہ صاحب محمد تسلیم اختر راؤ کے ہمراہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے رمضان نگہبان پیکج کے تحت پے آرڈرز کی گھر گھر تقسیم کا جائزہ لینے کے لیے ضلع کے مختلف علاقوں کا دورہ کیا۔ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو شرینہ جونیجو، اسسٹنٹ کمشنر وجیہہ ثمرین سمیت دیگر افسران بھی ہمراہ تھے۔ معاون خصوصی سلمی بٹ نے فیلڈ ٹیموں سے پے آرڈرز ترسیل کے ریکارڈ کی جانچ پڑتال کی اور رمضان نگہبان پیکج سے مستفید ہونے والے شہریوں سے عملے کے رویے بارے بھی دریافت کیا۔ دوران وزٹ معاون خصوصی سلمی بٹ کو ڈپٹی کمشنر محمد تسلیم اختر راؤ نے بتایا کہ حکومت پنجاب کی ہدایت پر رمضان نگہبان پیکج کے تحت پے آرڈرز کم آمدنی والے افراد کے گھر کی دہلیز پر پہنچائے جا رہے ہیں۔ ضلع میں 01 ہزار سے زائد ملازمین عوام کی امانتیں انکے گھروں تک پہنچانے کیلئے فیلڈ میں موجود ہیں، ضلعی انتظامیہ کو موصول پے آرڈرز کو اسی دن مستحق گھرانے تک پہنچایا جا رہا ہے۔ اس موقع پر معاون خصوصی وزیر اعلیٰ پنجاب سلمی بٹ نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ شہری کسی ٹیم ممبر کو پے آرڈر ترسیل کی مد میں کوئی رقم نہ دیں، شہری بینکوں یا دیگر برانچز سے پورے 10 ہزار وصول کریں، کٹوتی کرنے والوں کی اطلاع فوری ضلعی انتظامیہ کو دیں۔ انہوں نے کہا کہ حکومتی ایجنسیز، بینکوں سمیت دیگر برانچز کی کڑی مانیٹرنگ جاری رکھے ہوئے ہیں۔

مصطفی آباد: ڈپٹی کمشنر قصور عمران علی کا مصطفی آباد عام مارکیٹ کا دورہ

مصطفی آباد/للیانی (نمائندہ خصوصی) ڈپٹی کمشنر قصور عمران علی کا مصطفی آباد عام مارکیٹ کا دورہ، 2 ناجائز منافع خور گرفتار مقدمات درج ایک بیف فروش کو بھاری جرمانہ عائد مین سڑک پر پارکنگ پر 2 گاڑیاں اور 2 رکشوں کے چالان اور تھانہ میں بند کروا دیئے، تفصیلات کیمطابق ڈپٹی کمشنر قصور عمران علی نے مصطفی آباد عام مارکیٹ اور ریڑھی بازار کا اچانک دورہ کر کے اشیائے ضروریہ کی قیمتوں، معیار اور دستیابی کو چیک کیا، انہوں نے سبزی، پھل، گوشت، دالوں اور دیگر روز مرہ استعمال کی اشیاء کے نرخوں کا جائزہ لیا اور مقرر کردہ ریٹ لسٹوں کی نمایاں جگہوں پر موجودگی کو بھی چیک کیا۔ چیکنگ کے دوران مرغی فروش محمد شہباز اور سبزی فروش نثار احمد سرکاری نرخنامے کیخلاف ورزی کرتے ہوئے زائد قیمتیں وصول کر رہے تھے، ڈپٹی کمشنر نے شہریوں کی شکایات پر کاروائی کرتے ہوئے موقع پر 2 دوکانداروں کو گرفتار کر کے مقدمات درج کروا دیئے، اس کے علاوہ ایک بیف فروش یونس کو بھاری جرمانہ جبکہ متعدد دوکانداروں کو وارننگ دی گئی، اس موقع پر ڈپٹی کمشنر کا کہنا تھا کہ رمضان المبارک میں ناجائز منافع خوری اور ذخیرہ اندوزی کسی صورت برداشت نہیں کی جائیگی، علاوہ ازیں ڈپٹی کمشنر نے مین فیروز پور روڈ پر پارکنگ اور ٹریفک روانی میں مشکلات کا باعث بننے والی 2 گاڑیوں اور 2 رکشوں کے چالان کروا کر تھانہ میں بند کروا دیئے

منشیات فروشوں کیخلاف جرائم پیشہ عناصر کیخلاف کارروائیاں جاری

دیپالپور (زاہد عمران جنجوعہ قوت) دیپالپور وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے وژن کے مطابق اور آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور کے احکامات کی روشنی میں ڈی پی او اوکاڑہ راشد ہدایت کے احکامات تھانہ صدر دیپالپور کے ایس ایچ او فخر حیات وٹو اور اس ٹیم چوکی انچارج پپلی پہاڑ محمد ارشد گھچی اور مہر عباس سیال منشیات فروشوں کیخلاف جرائم پیشہ عناصر کیخلاف کاروائیاں جاری تفصیل کے مطابق تھانہ صدر دیپالپور کے ایس ایچ او فخر حیات وٹو اور اس کی ارشد گھچی مہر عباس سیال زاہد عمران جنجوعہ سے گفتگو کرتے ہوئے کہا ہے کہ کرائم کی روک تھام اور امن قائم کرنے کے لیے کوشاں رہیں گے جرائم پیشہ عناصر اور منشیات فروشوں کیخلاف ضلع بھر میں کارروائیاں جاری ہیں جرائم پیشہ عناصر جرم چھوڑ دیں یا علاقہ چھوڑ دیں منشیات فروش اور جرائم پیشہ عناصر کو ختم کرنا میری اولین ترجیح ہے ہمارے علاقے میں چوری اور ڈکیتی کی وارداتوں میں نمایاں کمی ہوئی ہے۔

جھنگ: سپورٹس ڈیپارٹمنٹ نے شجرکاری مہم کا باقاعدہ آغاز کر دیا

اس مہم کے تحت ضلع بھر کے مختلف گراؤنڈز اور سپورٹس کمپلیکس میں 2000 پودے لگائے جائیں گے

قومی شجرکاری مہم

جھنگ: (بیورو رپورٹ) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز کی ہدایت پر ضلع جھنگ کے سپورٹس ڈیپارٹمنٹ نے شجرکاری مہم کا باقاعدہ آغاز کر دیا ہے۔ اس مہم کے تحت ضلع بھر کے مختلف گراؤنڈز اور سپورٹس کمپلیکس میں 2000 پودے لگائے جائیں گے، جس کا مقصد ماحولیاتی تحفظ کو فروغ دینا اور شہریوں کو صاف اور سرسبز ماحول فراہم کرنا ہے۔ اس موقع پر ڈسٹرکٹ سپورٹس آفیسر محمد عمران نے بتایا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز کے وژن کے مطابق یہ شجرکاری مہم شروع کی گئی ہے، جو نہ صرف ماحول کو بہتر بنائے گی بلکہ آنے والی نسلوں کو بھی فائدہ پہنچائے گی۔ انہوں نے کہا کہ پودے لگانے کے ساتھ ساتھ ان کی دیکھ بھال پر بھی خصوصی توجہ دی جائے گی تاکہ یہ درخت بڑے ہو کر ماحولیاتی آلودگی کو کم کرنے میں اہم کردار ادا کر سکیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ شجرکاری مہم میں مقامی لوگوں کی شرکت کو یقینی بنایا جائے گا تاکہ عوام میں ماحولیاتی بیداری پیدا کی جا سکے۔ اس کے علاوہ، اس مہم کے ذریعے نوجوانوں کو بھی ماحول دوست سرگرمیوں میں شامل کیا جائے گا۔ یہ اقدام حکومت پنجاب کی جانب سے ماحولیاتی تحفظ اور شجرکاری کو فروغ دینے کی کوششوں کا ایک اہم حصہ ہے

چیئرمین بورڈ نے سوشل میڈیا کی شکایات کا نوٹس لے لیا

گیمبر اوکاڑہ چھاؤنی (نامہ نگار) چیئرمین بورڈ نے سوشل میڈیا کی شکایات کا نوٹس لے لیا میٹرک امتحانی سینٹر نورشاہ کی لیڈی سپرنٹنڈنٹ سرکاری فرائض میں غفلت پر معطل نئی سپرنٹنڈنٹ تعینات تفصیلات کے مطابق۔ بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن ساہیوال میٹرک کے امتحانی سنٹر نورشاہ کی لیڈی سپر نٹنڈنٹ مسمات انجم ناز کو سرکاری فرائض میں غفلت برتنے کے الزام میں معطل کر دیا ہے اور اس کی جگہ گورنمنٹ ایلیمنٹری سکول 65 فور آر کی عمارہ نذیر ایس ایس ٹی کو سپرنٹنڈنٹ مقرر کر دیا گیا ہے۔ آج جب بورڈ کے امتحان شروع ہوئے تو سپرنٹنڈنٹ غائب پائی گئی جس کی وجہ سے پیپر تاخیر سے شروع ہوا۔ بتایا گیا ہے کہ میٹرک کے امتحان کے پہلے روز گورنمنٹ گرلز ایلیمنٹری سکول 56 اے جی ڈی کی انجم ناز نے بعض وجوہات کی بنا پر ڈیوٹی دینے سے انکار کر دیا۔

بازار سکڑ کر چند فٹ رہ گئے گزرنا محال رہی سہی کسر موٹر سائیکلوں نے نکال دی

انتظامیہ تجاوزات کا خاتمہ کرنے میں ناکام: بہتری کی کوششیں بھی ضائع

نارنگ منڈی (نمائندہ خصوصی) ناجائز تجاوزات کی بھرمار انتظامیہ کے تمام حربے بری طرح ناکام شاہراہوں بازاروں سے گزرنا محال ہوگیا تاجروں نے دوکانوں کے آگے دوکانیں بنا لیں رہی سہی کسر ریڑھی اور موٹر سائیکلوں نے نکال دی وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز کا ویژن ستھرا پنجاب مشن کے تحت تجارتی مراکز کی خوبصورتی بھی دم توڑ گیا تفصیل کے مطابق نارنگ منڈی اور گردونواح میں تجاوزات کی بھرمار حکومتی دعوے صرف دعوے ہی بن رہ گئے انتظامیہ بے بسی کی تصویر بن کر دفتروں کا محدود ہو چکی حکومتی آپریشن کیلئے کیے گئے اقدامات بھی کھٹارے میں پڑ چکے ہیں شاہراہوں بازاروں میں تجاوزات کی بھرمار سے سابقہ صورت حال بحال ہو چکی ہے جس سے اندازہ لگایا جا سکتا ہے کہ شاید انتظامیہ نے بھی سمجھوتہ کرتے ہوئے ہتھیار ڈال دیئے ہیں تجاوزات کی بھرمار سے خرم گلفام پارک روڈ ریلوے روڈ تھانہ روڈ ریل بازار اور صدر بازار میں گزرنے والوں کو شدید پریشانی کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے دوکانوں کے آگے ٹھیلے اور دوکانیں سجانے والوں نے انتہا کر دی رہی سہی کسر ریڑھی بانوں اور موٹر سائیکل سواروں نے نکال دی اہل علاقہ نے شدید احتجاج کرتے ہوئے وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز سے نوٹس لینے کا مطالبہ کیا ہے۔

الائیڈ ہیلتھ پروفیشنلز شیخوپورہ کے وفد کی ممبر صوبائی اسمبلی طیاب راشد سندھو سے ملاقات

نارنگ منڈی (نمائندہ خصوصی) الائیڈ ہیلتھ پروفیشنلز شیخوپورہ کے وفد کی ممبر صوبائی اسمبلی طیاب راشد سندھو سے ملاقات فور نائر سروس اسٹرکچر اور مسائل سے آگاہ کیا گیا الائیڈ ہیلتھ سروس اسٹرکچر 2011 میں نافذ ہوا مگر بدقسمتی سے اس پر عمل نہیں ہو سکا ہمارا حق ہمیں دیا جائے تفصیل کے مطابق گزشتہ روز الائیڈ ہیلتھ پروفیشنلز شیخوپورہ عہدیداران محمد ایوب چیئرمین الائیڈ ہیلتھ پروفیشنلز محمد شبیر صدر شیخوپورہ ذوالفقار احمد جنرل سیکرٹری سمیت سید سرفراز حسین شاہ، خالد نعیم رانا اور محمد نوید نواز مغل پر مشتمل وفد نے ممبر صوبائی اسمبلی طیاب راشد سندھو سے ملاقات کی جس میں وفد کا کہنا تھا کہ الائیڈ ہیلتھ پروفیشنلز پنجاب کا سروس سٹرکچر 2011 میں وزیر اعلیٰ پنجاب نے منظور کیا تھا اور پنجاب بھر میں ہیلتھ ڈیپارٹمنٹ میں فوری نافذ کرنے کے احکامات جاری کر دیئے گئے تھے لیکن بدقسمتی سے یہ مکمل طور پر پنجاب ہیلتھ ڈیپارٹمنٹ میں نافذ عمل نہیں ہوسکا جس وقت سروس اسٹرکچر بنایا گیا تھا اسوقت 30 ہزار الائیڈ ہیلتھ پروفیشنلز تھے جبکہ ان میں سے 9 ہزار ملازمین بغیر مراعات لئے ریٹائرڈ اور فوت ہو چکے ہیں صدر الائیڈ ہیلتھ پروفیشنلز محمد شبیر نے گفتگو کرتے ہوئے کہا تمام پیرامیڈیکس محکمہ صحت میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتے ہیں مگر ان کو ہمیشہ نظرانداز کیا جاتا ہے عرصہ چودہ سال گزر جانے پر بھی ہمیں ہمارا حق نہیں دیا گیا ممبر صوبائی اسمبلی طیاب راشد سندھو نے الائیڈ ہیلتھ پروفیشنلز شیخوپورہ کے وفد کو یقین دلایا کہ میں خود اس مسئلہ کو پنجاب اسمبلی کے فلور پر اٹھاؤں گا ملازمین کے استحصال کو کسی بھی صورت برداشت نہیں کیا جائے گا۔

گورنمنٹ گریجوایٹ گرلز کالج گلستان کالونی فیصل آباد میں سپورٹس اینڈ کلچر ڈے کا انعقاد

کلچرل ڈے کی مناسبت سے طالبات نے صوفیانہ کلام پر بھی شاندار پرفارمنس پیش کی

فیصل آباد (سٹاف رپورٹر) گورنمنٹ گریجوایٹ گرلز کالج گلستان کالونی فیصل آباد میں سپورٹس اینڈ کلچر ڈے کا انعقاد کیا گیا جس کا آغاز مہمانوں نے پرچم کشائی اور ہوا میں غبارے چھوڑ کر کیا۔ کھلاڑیوں اور طالبات نے مارچ پاسٹ بھی پیش کیا۔ کلچرل ڈے کی مناسبت سے طالبات نے صوفیانہ کلام پر بھی شاندار پرفارمنس پیش کی۔ فزیکل ایجوکیشن اور سپورٹس مقابلوں کی طالبات نے شاندار پی ٹی شو بھی پیش کیا۔ ریگولر سٹاف اور کالج ٹیچر انٹرنیز کے مابین رسہ کشی کا مقابلہ ہوا۔ طالبات کے مابین سو میٹر ریس بھی کروائی گئی۔ طالبات نے کراٹے اور سیلف ڈیفنس پرفارمنس بھی پیش کی۔ ایڈیشنل سیکرٹری اعظم خان، ڈی پی آئی کالجز سید انصر، ڈائریکٹر کالجز ڈاکٹر بشرہ پروین، پرنسپل ڈاکٹر عائشہ ظفر نے طالبات کی کلچرل پریزنٹیشن کا وزٹ بھی کیا۔ سپورٹس اور کلچرل ڈے تقریب میں سپورٹس ڈائریکٹر وقاص اکبر، ڈپٹی ڈائریکٹر کالجز ڈاکٹر حبیب الرحمن، فوکل پرسن ایچ ای ڈی سپورٹس ڈاکٹر شکیل احمد گل، چیمبر آف کامرس ایجوکیشن کمیٹی سے رخسانہ قمر، سپورٹس انچارج ثنا مجید، کوچ آمنہ عاشق، اساتذہ اور طالبات کی بڑی تعداد نے شرکت کی جبکہ سپورٹس اینڈ کلچر ڈے کے موقع پر کراٹے اور سیلف ڈیفنس پرفارمنس پیش کرنے پر ہونہار طالبہ کشف متین طارق پرنسپل ڈاکٹر عائشہ ظفر اور سپورٹس انچارج ثنا مجید سے سرٹیفکیٹ اور انعام وصول کر رہی ہیں۔

ایڈیٹوریل DAILY QUWAT

quwateditorial786@gmail.com

نوٹ: ادارہ تمام کالم نیک نیتی کی بنیاد پر شائع کرتا ہے لہٰذا کسی بھی کالم نگار کی رائے سے ادارے کا متفق ہونا ضروری نہیں

اقتصادی جائزہ، آئی ایم ایف کے وفد کی پاکستان آمد

اعالمی مالیاتی ادارے آئی ایم ایف کا وفد اقتصادی جائزے کیلئے گذشتہ روز پاکستان پہنچ گیا۔ اسکے ساتھ ہی پاکستان اور آئی ایم ایف کے مابین جائزہ مذاکرات شروع ہوگئے۔ مذاکرات 2 ہفتے تک جاری رہیں گے۔ گزشتہ دنوں آئی ایم ایف کا وفد پاکستان کا دورہ کر چکا ہے۔ اس کے ساتھ کئی معاملات طے پاچکے تھے۔ ان میں پیشرفت کیلئے اب پھر وفد پاکستان آیا ہے۔ آئی ایم ایف نے پاکستان میں ریئل اسٹیٹ سیکٹر میں ٹیکس چوری روکنے کے لیے سخت اقدامات کا مطالبہ کیا ہے، جس کے جواب میں حکومت نے ریئل اسٹیٹ ریگولیٹری اتھارٹی کو فعال کرنے کی یقین دہانی کرائی ہے۔ اس کا مقصد پراپرٹی کی غلط مالیت ظاہر کرنے والوں کے خلاف کارروائی، جرمانے اور سزائیں عائد کرنا ہے۔ مزید برآں، رجسٹریشن نہ کرانے والے پراپرٹی ایجنٹس پر جرمانے، غلط معلومات فراہم کرنے پر سزا، اور پراپرٹی ٹرانسفر میں بے ضابطگیوں کے خلاف سخت کارروائی کا عندیہ دیا گیا ہے۔ یہ اصلاحات اپنی جگہ درست اور ضروری ہیں کیونکہ پاکستان میں ریئل اسٹیٹ سیکٹر کو طویل عرصے سے بلیک منی کی پارکنگ کے لیے استعمال کیا جاتا رہا ہے۔ تاہم، یہ سوال پیدا ہوتا ہے کہ کیا یہ اقدامات ملکی معاشی پالیسی کا حصہ ہیں یا محض آئی ایم ایف کی شرائط پوری کرنے کے لیے کیے جا رہے ہیں؟ پاکستان اور بین الاقوامی مالیاتی فنڈ (IMF) کے درمیان جاری مذاکرات ایک بار پھر ملک کی اقتصادی پالیسیوں پر بیرونی اثر ورسوخ کے حوالے سے اہم سوالات کو جنم دے رہے ہیں۔ موجودہ مذاکرات نہ صرف 7 ارب ڈالر کے قرضے کی اگلی قسط کے حصول کے لیے اہم ہیں بلکہ پاکستان کے معاشی نظم ونسق، مالیاتی پالیسیوں، اور خودمختاری پر بھی ان کے گہرے اثرات مرتب ہو سکتے ہیں۔ پاکستان اور آئی ایم ایف کے درمیان مذاکرات میں ٹیکس نیٹ میں اضافے، ریٹیلرز کو ٹیکس نیٹ میں لانے، اور زرعی آمدن پر ٹیکس لگانے جیسے معاملات بھی زیر بحث آئے۔ بلاشبہ، ٹیکس نیٹ کو وسعت دینا اور معیشت کو دستاویزی بنانا ایک ضروری امر ہے، لیکن اگر یہ اصلاحات ملکی ضروریات کے بجائے محض قرض دہندہ ادارے کے دباؤ پر کی جا رہی ہیں تو یہ خودمختاری پر ایک بڑا سوالیہ نشان کھڑا کرتا ہے۔ آئی ایم ایف کی طرف سے معاشی پالیسیوں پر اس قدر اثر و رسوخ اس تاثر کو تقویت دیتا ہے کہ پاکستان کی معیشت اس مالیاتی ادارے کے تابع ہو چکی ہے۔ اگر حکومت ٹیکس نیٹ کو وسعت دینے میں سنجیدہ ہے تو یہ اقدامات آئی ایم ایف کے کہنے سے پہلے ہی ہونے چاہیے تھے، اور یہ پالیسی سازی پاکستان کی ضروریات اور زمینی حقائق کے مطابق ہونی چاہیے تھی نہ کہ بیرونی شرائط پر۔ آئی ایم ایف کے ساتھ پہلے تکنیکی مذاکرات اور اس کے بعد پالیسی سطح کے مذاکرات میں وزیر خزانہ پاکستان کی نمائندگی کریں گے۔ ان مذاکرات میں بجٹ تجاویز، ایف بی آر ریونیو، پاور سیکٹر، نیپرا، اور صوبائی مالیاتی امور جیسے حساس موضوعات پر گفتگو ہوگی۔ آئی ایم ایف کی شرائط میں سے ایک یہ بھی ہے کہ سرکاری ملازمین کی تنخواہوں میں اضافے کو آئی ایم ایف کی منظوری سے مشروط کیا جائے۔ یہ پاکستان کی معاشی خودمختاری اور قومی سلامتی پر ایک سنگین سوالیہ نشان ہے۔ ایک خودمختار ریاست کے لیے یہ ناقابل قبول ہونا چاہیے کہ وہ اپنے عوام کی فلاح کے فیصلے ایک بین الاقوامی مالیاتی ادارے کی منظوری سے مشروط کرے۔ حالیہ دنوں پارلیمنٹیرینز کی مراعات میں کئی گنا اضافہ کیا گیا ہے۔ پہلی بات تو یہ ہے کہ کیا اتنے بڑے اضافے کا موجودہ حالات میں کوئی جواز بنتا ہے؟ دوسری یہ کہ کیا یہ اضافہ آئی ایم ایف سے پوچھ کر کیا گیا ہے۔ کیونکہ یہ بھی تو تنخواہ دار ہی ہیں۔ کیا آج کے مخدوش معاشی حالات اس اضافے کی واپسی کے متقاضی نہیں ہیں؟ یہ حقیقت کہ پاکستان کو اگلی قسط کے حصول کے لیے آئی ایم ایف کی سخت شرائط پر عملدرآمد کرنا پڑ رہا ہے، اس بات کا اشارہ ہے کہ معیشت کافی حد تک آئی ایم ایف کے زیر اثر آچکی ہے۔ آئی ایم ایف کا ایک اہم مقصد قرضوں کی واپسی کو یقینی بنانا ہوتا ہے، جس کے لیے وہ سخت مالیاتی نظم وضبط (Discipline Fiscal) کو یقینی بنانے پر زور دیتا ہے۔ تاہم، یہ تاثر کہ پاکستان کی معاشی پالیسیاں آئی ایم ایف کی ڈکٹیشن پر چل رہی ہیں، قومی خودمختاری کے لیے ایک سنجیدہ خطرہ ہے۔ یہ انتہائی ضروری ہے کہ حکومت یہ تاثر زائل کرے کہ پاکستان اپنی معیشت کو بیرونی اداروں کے اشاروں پر چلا رہا ہے۔ اس کے لیے ضروری ہے کہ: اقتصادی پالیسیوں کا تعین ملکی مفاد میں کیا جائے، نہ کہ محض قرضوں کے حصول کے لیے عالمی اداروں کی ڈکٹیشن پر۔ ٹیکس نیٹ کو وسعت دینا اور ٹیکس اصلاحات ملکی پالیسی کے تحت ہوں، آئی ایم ایف کے دباؤ میں نہیں۔ ٹیکس نیٹ میں اضافے کی ضرورت ہی نہیں ہے۔ پہلے ہی کوئی کاروبار اور شہری نیٹ کے باہر رہ نہیں گیا۔ ضرورت ہے تو شفاف طریقے سے ٹیکس وصولی کی ہے۔ اس میں نقب اور کٹ ختم ہو جائیں تو مقررہ ہدف سے دوگنا نہیں تو ڈیڑھ گنا اضافہ ضرور ہو سکتا ہے۔ بجٹ سازی اور مالیاتی فیصلے کسی بھی بین الاقوامی ادارے کی منظوری کے محتاج نہ ہوں۔ قرضوں پر غیر ضروری انحصار کم کیا جائے اور مقامی وسائل کو بہتر انداز میں بروئے کار لایا جائے۔ پاکستان کو ایک خودمختار معیشت کے طور پر خود کو مستحکم کرنا ہوگا، جہاں اقتصادی فیصلے ملکی مفادات اور عوام کی فلاح و بہبود کو مدنظر رکھ کر کیے جائیں، نہ کہ محض آئی ایم ایف کی شرائط پر عمل کرنے کے لیے۔ اس کے لیے ضروری ہے کہ حکومت بیرونی دباؤ کے بجائے داخلی وسائل کو مضبوط کرے، محصولات میں اضافے کے لیے خودمختار پالیسی بنائے جو کرپشن کی روک تھام کی صورت میں ہو سکتی ہے۔ طویل المدتی معاشی استحکام کو یقینی بنانے کے لیے اصلاحات متعارف کرائے۔ پاکستان کو آج ایک اہم فیصلے کا سامنا ہے: یا تو وہ بیرونی مالیاتی اداروں کے سہارے پر چلتا رہے، یا اپنی معاشی خودمختاری بحال کرنے کے لیے عملی اقدامات کرے۔ اس وقت ملکی قیادت کے لیے سب سے بڑا چیلنج یہی ہے کہ وہ آئی ایم ایف کے ساتھ مذاکرات میں اپنی خودمختاری کو قربان کیے بغیر، ملکی مفادات کا تحفظ کیسے یقینی بناتی ہے؟

ٹرمپ اور عالمی تنازعات، یورپ، ایشیا کے خدشات

سائرن

محمد اکرم چوہدری

lahore1947@gmail.com

یوکرائن کا مسئلہ درحقیقت عالمی امن اور یورپ کیلئے حساس موضوع ہے، خاص طور پر صدر ٹرمپ کے ماضی کے بیانات اور اقدامات پر غور کیا جائے۔ اگر ٹرمپ دوبارہ منتخب ہوئے تو یوکرائن جنگ کے بارے میں ان کے نقطہ نظر کے اہم اثرات مرتب ہو سکتے ہیں اس نے دعویٰ کیا ہے کہ وہ جنگ کو جلد ختم کر دے گا، لیکن فوری حل کا حصول ناممکن ہے ایسے خدشات ہیں کہ ٹرمپ یوکرائن کو ایک غیر پائیدار جنگ بندی کی طرف دھکیل سکتے ہیں جو مزید روسی جارحیت کا باعث بن سکتا ہے یوکرین پہلے ہی اپنی آمادگی ظاہر کر چکا ہے کہ اگر ضرورت پڑی تو امریکی حمایت کے بغیر جنگ لڑی جائے گی۔ صورتحال اس حقیقت سے مزید پیچیدہ ہے کہ ریپبلکن پارٹی کے تقریباً نصف ووٹروں کا خیال ہے کہ امریکہ یوکرائن کو بہت زیادہ امداد دے رہا ہے۔ اس تنازعے نے نیٹو کے کردار اور امریکہ کی شمولیت کی سطح کے بارے میں بھی بحث چھیڑ دی ہے۔ نیٹو کے بارے میں ٹرمپ کے ماضی کے تبصروں اور اتحاد کے لیے امریکی وعدوں کا ازسرنو جائزہ لینے کی ان کی رضامندی نے یورپی رہنماو؟ں میں تشویش کو جنم دیا ہے۔ مجموعی طور پر صورت حال غیر مستحکم ہے، اور بین الاقوامی برادری قریب سے دیکھ رہی ہے کہ واقعات کیسے سامنے آتے ہیں۔

یورپ سے امریکی فوجی موجودگی کا ممکنہ انخلاء، برطانیہ اور یورپ کے دفاعی بجٹ اور توسیع کے لحاظ سے یورپی عوام کی زندگیوں پر نمایاں اثر ڈال سکتا ہے۔ یہاں کچھ ممکنہ مضمرات ہیں: امریکی تعاون کے بغیر، یورپی ممالک کو اپنی دفاعی صلاحیتوں کو برقرار رکھنے کے لیے مزید فنڈز مختص کرنے کی ضرورت پڑ سکتی ہے، جس سے وسائل کو دیگر ضروری عوامی خدمات، جیسے کہ صحت کی دیکھ بھال اور تعلیم سے ہٹایا جاسکتا ہے۔ امریکی فوجی اثاثوں کا انخلا یورپی فوجی صلاحیتوں میں کمی کا باعث بن سکتا ہے، جس سے یورپی ممالک کے لیے سیکیورٹی خطرات کا مو؟ثر جواب دینا زیادہ مشکل ہو جائے گا۔ امریکی فوجی موجودگی میں کمی سے سیکیورٹی خلا پیدا ہو سکتا ہے، جو ممکنہ طور پر روس جیسے دشمنوں کو خطے میں مزید جارحانہ کارروائیاں کرنے کے لیے حوصلہ دے سکتا ہے۔ امریکی انخلاء نیٹو کی ہم آہنگی اور تاثیر کو بھی نقصان پہنچا سکتا ہے، جو ممکنہ طور پر یورپی سلامتی کے وسیع تر عدم استحکام کا باعث بن سکتا ہے۔

یورپی سیکورٹی میں کمی کے منفی معاشی نتائج ہو سکتے ہیں، بشمول سرمایہ کاری، تجارت اور سیاحت میں کمی۔ امکان ہے کہ یورپی رہنما ان ممکنہ مضمرات کے بارے میں فکر مند ہوں گے اور ممکنہ طور پر امریکی انخلا سے پیدا ہونے والے چیلنجوں سے نمٹنے کے لیے انہیں اپنی دفاعی حکمت عملیوں اور بجٹ کا ازسرنو جائزہ لینے کی ضرورت ہوگی۔

امریکہ کے اقدامات کے معاشی اثرات دور رس اور کثیر جہتی ہو سکتے ہیں۔ اس کو بہتر طور پر سمجھنے کے لیے، آئیے ممکنہ اثرات کو کئی اہم شعبوں میں تقسیم کرتے ہیں: امریکی معیشت امیگریشن سے فائدہ اٹھا سکتی ہے، کیونکہ یہ نئی مہارتیں، اختراعات اور ہنر لاتی ہے۔ درحقیقت، تارکین وطن کے اپنے کاروبار شروع کرنے، ملازمتیں پیدا کرنے اور معاشی ترقی کو آگے بڑھانے کا زیادہ امکان ہوتا ہے۔ تاہم کچھ مطالعات سے پتہ چلتا ہے کہ تارکین وطن کی آمد محنت کی منڈی میں قلیل مدتی نقل مکانی کا باعث بن سکتی ہے۔ امریکی تجارتی پالیسیاں عالمی معیشت پر نمایاں اثر ڈال سکتی ہیں۔ محصولات اور تجارتی پابندیاں صارفین کے لیے زیادہ قیمتوں، برآمدات میں کمی اور ممکنہ تجارتی جنگوں کا باعث بن سکتی ہیں۔ دوسری طرف، آزاد تجارتی معاہدے اقتصادی ترقی کو بڑھا سکتے ہیں، ملازمتیں پیدا کر سکتے ہیں اور مسابقت میں اضافہ امریکی حکومت کے اخراجات اور مالیاتی پالیسیاں مجموعی معیشت کو متاثر کر سکتی ہیں۔ حکومتی اخراجات میں اضافہ معاشی نمو کو فروغ دے سکتا ہے، لیکن اس سے زیادہ خسارے اور قرضے بھی بڑھ سکتے ہیں۔ اس کے برعکس، حکومتی اخراجات میں کمی قلیل مدتی اقتصادی سکڑاو؟ کا باعث بن سکتی ہے۔ یو ایس فیڈرل ریزرو کی مالیاتی پالیسیاں، خاص طور پر شرح سود، معیشت کو متاثر کر سکتی ہے۔ سود کی کم شرح قرض لینے، اخراجات اور اقتصادی ترقی کی حوصلہ افزائی کر سکتی ہے، جبکہ زیادہ شرح سود معیشت کو سست کر سکتی ہے۔ یہ نوٹ کرنا ضروری ہے کہ عالمی معیشت کی حالت، تکنیکی ترقی، اور آبادیاتی تبدیلیوں جیسے عوامل کے لحاظ سے امریکی اقتصادی پالیسیوں کے اثرات مختلف ہو سکتے ہیں۔ خطے میں تبدیلی کے اثرات خاص طور پر یورپ سے امریکی انخلاء کے حوالے سے پاکستان، بھارت، ایران، چین اور روس پر نمایاں ہو سکتے ہیں۔ یہاں ممکنہ مضمرات کی ایک خرابی ہے: پاکستان اپنے اسٹریٹجک اتحادوں کا دوبارہ جائزہ لے سکتا ہے، ممکنہ طور پر چین اور دیگر علاقائی کھلاڑیوں کے ساتھ تعلقات کو مضبوط بنا سکتا ہے۔ عالمی تجارتی حرکیات میں تبدیلیوں اور امریکی اقتصادی پالیسیوں میں ممکنہ تبدیلیوں سے پاکستان کی معیشت متاثر ہو سکتی ہے۔ پاکستان کو اپنی سیکیورٹی حکمت عملی کا ازسرنو جائزہ لینے کی ضرورت پڑ سکتی ہے، خاص طور پر خطے میں امریکی فوجی موجودگی میں ممکنہ تبدیلیوں کے تناظر میں۔ ہندوستان اپنے علاقائی اثر و رسوخ کو بڑھانے کا موقع دیکھ سکتا ہے، خاص طور پر خطے سے ممکنہ امریکی انخلاء کے تناظر میں۔ ہندوستان کی معیشت تجارت اور سرمایہ کاری کے بڑھتے ہوئے مواقع سے فائدہ اٹھا سکتی ہے، جو ممکنہ طور پر عالمی اقتصادی حرکیات میں تبدیلیوں سے پیدا ہو ہندوستان کو اپنی سیکیورٹی حکمت عملی کا ازسرنو جائزہ لینے کی ضرورت پڑ سکتی ہے، خاص طور پر خطے میں امریکی فوجی موجودگی میں ممکنہ تبدیلیوں اور چین کے بڑھتے ہوئے اثر ورسوخ کے تناظر میں۔

ایران کی معیشت امریکی پابندیوں کی پالیسیوں میں ممکنہ تبدیلیوں سے متاثر ہو سکتی ہے، جس سے اس کی تیل کی برآمدات اور مجموعی اقتصادی استحکام متاثر ہو سکتا ہے۔ ایران اپنے علاقائی اثر و رسوخ کو بڑھانے کا موقع دیکھ سکتا ہے، خاص طور پر خطے سے امریکی انخلا کے ممکنہ تناظر میں ایران کو اپنی سیکیورٹی حکمت عملی کا ازسرنو جائزہ لینے کی ضرورت پڑ سکتی ہے، خاص طور پر خطے میں امریکی فوجی موجودگی میں ممکنہ تبدیلیوں کے تناظر میں۔

چین اپنے عالمی اثر ورسوخ کو بڑھانے کا موقع دیکھ سکتا ہے، خاص طور پر خطے سے امریکی انخلا کے ممکنہ تناظر میں چین کی معیشت تجارت اور سرمایہ کاری کے بڑھتے ہوئے مواقع سے فائدہ اٹھا سکتی ہے، جو ممکنہ طور پر عالمی اقتصادی حرکیات میں تبدیلیوں سے پیدا ہوتی ہوں چین کو اپنی سیکیورٹی حکمت عملی کا ازسرنو جائزہ لینے کی ضرورت پڑ سکتی ہے، خاص طور پر خطے میں امریکی فوجی موجودگی میں ممکنہ تبدیلیوں کے تناظر میں روس اپنے عالمی اثر و رسوخ کو بڑھانے کا موقع دیکھ سکتا ہے، خاص طور پر خطے سے امریکی انخلا کے ممکنہ تناظر میں روس کی معیشت تجارت اور سرمایہ کاری کے بڑھتے ہوئے مواقع سے فائدہ اٹھا سکتی ہے، جو ممکنہ طور پر عالمی اقتصادی حرکیات میں تبدیلیوں سے پیدا ہوتی ہے۔

روس کو اپنی سیکیورٹی حکمت عملی کا ازسرنو جائزہ لینے کی ضرورت پڑ سکتی ہے، خاص طور پر خطے میں امریکی فوجی موجودگی میں ممکنہ تبدیلیوں کے تناظر میں۔ خلاصہ یہ کہ ان ممالک پر خطے میں ہونے والی تبدیلی کے اثرات مختلف عوامل پر منحصر ہوں گے، جن میں امریکہ کے ساتھ ان کے انفرادی تعلقات، ان کی اقتصادی اور سلامتی کی حکمت عملی، اور بدلتی ہوئی عالمی حرکیات سے ہم آہنگ ہونے کی ان کی صلاحیت شامل ہے۔

اگر امریکہ اور یوکرین سفارتی طور پر تصادم کرتے ہیں اور امریکہ اپنی حمایت واپس لے لیتا ہے تو خطے میں فوجی طاقت کا توازن درحقیقت درہم برہم ہوسکتا ہے۔ اس ممکنہ تصادم اور حمایت سے دستبرداری کے یوکرین کی روسی جارحیت کے خلاف اپنے دفاع کی صلاحیت پر اہم اثرات مرتب ہو سکتے ہیں۔ امریکی انخلاء سے طاقت کا خلا پیدا ہو سکتا ہے، جس سے روس کو خطے میں مزید اثر ورسوخ پیدا کرنے کا موقع ملے گا۔ امریکی حمایت کا نقصان یوکرین کی فوج کو بری طرح سے کمزور کر سکتا ہے، جس سے ملک کے لیے روسی جارحیت کا مقابلہ کرنا مزید مشکل ہو جائے گا۔ امریکہ اور یوکرین کے درمیان سفارتی تصادم کشیدگی میں اضافے کا باعث بن سکتا ہے، ممکنہ طور پر خطے میں تنازعہ کو بڑھا سکتا ہیا امریکی انخلاء کے نتائج خطے سے باہر پھیل سکتے ہیں، ممکنہ طور پر عالمی سلامتی کی حرکیات اور طاقت کے توازن کو متاثر کر سکتے ہیں۔ روس امریکی انخلاء کو خطے میں اپنا اثر و رسوخ بڑھانے کے ایک موقع کے طور پر دیکھ سکتا ہے، جو ممکنہ طور پر مزید جارحیت کا باعث بن سکتا ہے۔ یورپی ممالک کو اپنی سیکیورٹی حکمت عملیوں کا ازسرنو جائزہ لینے کی ضرورت پڑ سکتی ہے، جو ممکنہ طور پر دفاعی اخراجات اور تعاون میں اضافے کا باعث بنتی ہے۔ چین اپنے عالمی اثر ورسوخ کو بڑھانے کا موقع دیکھ سکتا ہے، جو ممکنہ طور پر خطے کے ممالک کے ساتھ اقتصادی اور فوجی تعاون میں اضافے کا باعث بن سکتا ہے۔ ممکنہ نتائج کو متاثر کرنے والے متعدد عوامل کے ساتھ صورت حال پیچیدہ اور رواں ہے۔ اس خطے کی تبدیل شدہ صورتحال عالمی جنگ کا پیش خیمہ بھی ثابت ہو سکتی ہے کیونکہ اس ملک میں موجود دو روایتی دشمن ملک پاکستان اور بھارت کسی بھی طرح ایک دوسرے کی برتری کو تسلیم نہیں کریں گے یہ کرکٹ تو ایک دوسرے کے ملک کھیلنے کے لیے تو تیار نہیں، بظاہر کچھ اچھا نظر نہیں آرہا۔

☆☆☆

آج کی تراویح میں پڑھے جانے والے قرآن پاک کی تفہیم

نکتہ اعتراض

رانا شفیق پسروری

shafiqpasruri@hotmail.com

پانچویں تراویح

سورۃ الاعراف: 7ویں سورت

سورۃ اعراف مکی سورت ہے۔ 206 آیات اور 24 رکوع ہیں۔ آٹھویں پارہ کے نویں رکوع سے نویں پارہ کے 14 ویں رکوع تک ہے۔ اعراف عربی میں بلند جگہ یا ریت کے ٹیلہ کو کہا جاتا ہے۔ اس سورت کی آیات 46-47 میں "اعراف" اور "اصحاب اعراف" کا ذکر آتا ہے اس لئے اس سورت کو "سورۃ اعراف" کہتے ہیں، یعنی وہ سورت جس میں اعراف کا ذکر ہے۔ اعراف جنت اور دوزخ کے درمیان ایک مقام ہے جس میں ایک خاص قسم کے لوگوں کو ٹھہرایا جائے گا، یہ وہ لوگ ہوں گے جن کی نیکیاں اور گناہ برابر ہوں گے، نیکیاں دوزخ میں جانے سے روکیں گی اور نہ خود اتنی ہی ہوں گی کہ جنت میں جانے کا باعث ہوں۔ یہ لوگ ایک خاص مدت تک یہاں روکے جائیں گے۔ بعد ازاں رب العزت کی رحمت سے یہ لوگ جنت میں داخل ہو جائیں گے۔ اس سورۃ کا زمانہ نزول اور سورۃ انعام کا زمانہ نزول ایک ہی ہے۔ اس کا مرکزی مضمون ضرورت نبوت اور دعوت رسالت ہے۔ انسان کو بتایا گیا ہے کہ دنیا کی زندگی بسر کرنے کیلئے جس رہنمائی کی ضرورت ہے اور اپنے وجود کی غرض وغایت نیز کائنات کی حقیقت سمجھنے کیلئے جو علم درکار ہے اور اپنے اخلاق، تہذیب وتمدن اور معاشرت کی تصحیح کیلئے جو اصول ضروری ہیں، ان کیلئے بہرحال نبوت کی ضرورت ہے۔ سورت کے آغاز میں حروف مقطعات ہیں، جن کے معانی اور اصل مفہوم کو سوائے رب تعالیٰ کے اور کوئی نہیں جانتا۔

شروع میں نزولِ قرآن کی غرض بتائی گئی ہے کہ اس سے منکرین کو برے انجام سے ڈرایا جائے اور مومنین کو آگاہ کیا جائے کہ اللہ پاک نے اپنے رسولوں کے ذریعے کس کس طرح ان کی اصلاح چاہی۔ اب لباس کا ذکر ہے کہ وہ ستر پوشی کے لئے ہوتا ہے لیکن تقویٰ کا لباس سب سے بہتر ہے۔ جو تقویٰ اختیار نہیں کرتے وہ شیطان کے حملوں سے محفوظ نہیں رہ سکتے۔ اللہ کی عبادت اور دعا خلوص سے ہونی چاہئے اور یہ کہ بعض گمراہ لوگ خود کو حق پر گامزن سمجھتے ہیں، حالانکہ وہ شیطان کے رفیق ہوتے ہیں۔ مسجد سے رشتہ رکھنے اور اس سے اپنی زینت (عزت) حاصل کرنے کا حکم بھی اور اسراف سے بچنے کا بھی حکم ہے۔ زینت اور حلال رزق کبھی حرام نہیں۔ البتہ کفر، نفاق، ظلم، تکبر اور شرک وغیرہ حرام ہے۔ اصحاب اعراف اور اصحاب جنت کا مکالمہ بھی ہے کہ اصحاب اعراف، جنت کے امیدوار ہوں گے اور اہل جنت سے پکار کر کہیں گے کہ سلامتی ہو تم پر اور جب وہ اصحاب اعراف، دوزخیوں کو دیکھیں گے تو کہیں گے کہ اے رب، ہم کو ظالموں کا ساتھی نہ بنا۔ اہل جنت، اہل دوزخ اور اصحاب اعراف کے کچھ مکالموں کا بھی ذکر ہے کہ جنت والے کس قدر آرام وآسائش کے ساتھ رہیں گے اور دوزخ والے کتنی تکلیفوں میں ہوں گے اور ہمیشہ کیلئے یہی صورت ہو گی اور اس دنیا میں واپسی کا سوال ہی نہ ہوگا اور اس دن معلوم ہوگا کہ اللہ نے اپنے رسولوں کے ذریعے جو پیام دیا تھا وہ کتنا سچا تھا۔ اب ارشاد ہوتا ہے کہ آسمانوں اور زمینوں کو اللہ نے چھ دن میں بنایا اور وہ خود عرش پر ہے۔ رات اور دن، سورج، چاند اور ستارے سب اس کے حکم پر ہیں۔ اسلئے صرف اسی کو گڑگڑا کر پکارو اور زمین میں فساد نہ کرو اور پکارو اللہ کو خوف اور توقع کے ساتھ۔ آگے مختلف انبیاء اور انکی قوموں کا تذکرہ ہے۔

اسی طرح جہاں کہیں کسی نبی علیہ السلام کو مبعوث کیا اور قوم نے جھٹلایا تو پہلے معاشی تنگی، قحط سالی اور وبائیں آئیں پھر فراغت اور خوش حالی سے ان کو آزمایا لیکن ان آسائشوں کے باوجود انہوں نے حق کا راستہ اختیار نہیں کیا تو پھر عام تباہی آئی۔ اگر قرآن کے ساتھ بھی اسی طرح کی سرتابی اور بغاوت کی گئی تو اس طرح کا عذاب پھر بھی آ سکتا ہے۔ لوگوں کو تنبیہ کی جاتی ہے کہ دیکھیں موسیٰ علیہ السلام کے ساتھ فرعون اور اس کے سرداروں نے کیا کیا۔ موسیٰ علیہ السلام سے نشانی طلب کی گئی۔ انہوں نے اپنا عصا ڈالا تو وہ اژدہا بن گیا اور ہاتھ آستین سے باہر نکالا تو وہ سفید اور روشنی کے ساتھ نظر آیا۔ لیکن یہ نشانیاں جادو سمجھی گئیں اور ان کے مقابلے میں جادوگر بلوائے گئے لیکن وہ سب بازی گر سجدے میں گر پڑے اور اللہ کی ربوبیت کے قائل ہو گئے لیکن فرعون نے سرتابی کی۔ پھر موسیٰ علیہ السلام نے اپنی قوم کو نصیحت کی کہ وہ اللہ سے مدد مانگیں۔ ادھر فرعون اور اس کے ماننے والوں پر قحط سالی کا عذاب آیا تاکہ وہ کچھ اصلاح پائیں لیکن ان کا حال تو یہ تھا کہ جب کوئی بھلائی ان کو حاصل ہوتی تو سمجھتے کہ وہ ہمارا حق ہے اور تباہی آتی تو کہتے موسیٰ علیہ السلام کی وجہ سے ہے۔ آخر ان پر طوفان، ٹڈی، مینڈک وغیرہ کا عذاب آیا تو کہنے لگے کہ اے موسیٰ علیہ السلام تم اپنے رب سے دعا کرو کہ ہم اس عذاب سے بچ جائیں، پھر ہم لوگ تم پر ایمان لے آئیں گے اور تمہاری قوم بنی اسرائیل کو چھوڑ دیں گے لیکن جب ان پر سے عذاب ہٹ جاتا تو وہ پھر سرتابی کرتے، آخر کار ان سب کو غرق کر دیا گیا اور بنی اسرائیل کے لئے نیکی اور بھلائی کا وعدہ پورا کیا گیا۔

لیکن بنی اسرائیل جب دریا کے پار ہوئے تو ایک بت پرست قوم کو دیکھ کر خود بھی بت پرستی کے خواہشمند ہوئے۔ موسیٰ علیہ السلام نے ان کو ڈرایا اور اللہ کے انعامات یاد دلائے۔ پھر موسیٰ علیہ السلام کوہ طور پر گئے۔ چالیس دن کا اعتکاف کیا۔ تورات ان کو دی گئی۔ اس موقع پر انہوں نے اللہ کا جلوہ دیکھنا چاہا تو جواب ملا کہ تم نہیں دیکھ سکتے۔ لیکن جب تجلی کا ظہور ہوا تو پہاڑ ٹکڑے ٹکڑے ہو گیا اور موسیٰ علیہ السلام بے ہوش ہو گئے۔ پھر جب آپ کو افاقہ ہوا تو آپ کو رسالت اور وحی کی تختیاں اور پتھر پر لکھی (الواح) حاصل ہوئیں۔ آپ کے کوہ طور پر جانے سے قوم بچھڑے کی پرستش میں مبتلا ہو گئی تھی۔ آپ اپنے بھائی ہارون علیہ السلام پر ناراض ہوئے کہ ان کی موجودگی میں ایسا کیوں ہوا۔ قوم آخر پچھتائی۔ نافرمان لوگوں پر بے شک عذاب نازل ہوا لیکن موسیٰ علیہ السلام کی عاجزانہ دعاؤں سے وہ عذاب پھر ٹل گیا کہ اللہ کی رحمت بہت وسیع ہے۔

تورات کی اس پیش گوئی کا ذکر بھی آیا ہے کہ حضور انور ﷺ (نبی امی) تشریف لائیں گے اور انہی کی پیروی میں قیامت تک فلاح ونجات ہے۔ اور یہ کہ وہ کسی خاص قوم، کسی خاص خطہ اور کسی خاص زمانے کیلئے نہیں ہیں، بلکہ ہر زمانے اور تمام انسانیت کیلئے ہیں۔ اب ذکر ہے کہ ازل میں انسانوں نے توحید کا اعتراف کر لیا تھا جبکہ اللہ نے ان سے فرمایا تھا کہ "کیا میں نہیں ہوں رب تمہارا؟" محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو جنون نہیں ہے۔ وہ تو اللہ کی طرف سے ڈرانے والے ہیں۔ قیامت کا علم اور غیب کا علم سب اللہ کے لئے ہے اور محمد صلی اللہ علیہ وسلم نذیر و بشیر ہی ہیں۔ غیر اللہ کو پکارنے والے کبھی کامیاب نہیں ہو سکتے۔ وہ شیطان کے بھائی ہیں جو گمراہی کی طرف چلے جا رہے ہیں اور رسول صلی اللہ علیہ وسلم پر بھی اعتراض کرتے ہیں۔ اب ارشاد ہے کہ جب قرآن پڑھا جائے تو سنو اور خاموش رہو تاکہ تم پر رحم ہو اور تم اللہ کو یاد کرو دل میں اور گڑگڑاتے ہوئے اور ڈرتے ہوئے اور خاموشی کے ساتھ اور تم غافل نہ بن جاؤ۔ اللہ کو یاد کرنے والے تکبر نہیں کرتے اور یاد کرتے ہیں اللہ کو اور اسی کو سجدہ کرتے ہیں۔

☆☆☆

ترک صدر کا تاریخی دورہ پاکستان!



حیدر علی

گزشتہ برس ترکی انقرہ میں دو ہفتے گزرے یقین کریں جتنی عزت وتکریم ترک پاکستانیوں کو دیتے ہیں ایسا لگتا ہے کہ جیسے یہ بندھن، یہ محبت، دوستی صدیوں پرانی ہے۔ جس ہوٹل میں ٹھہرے ہوئے تھے وہاں کا و؟ نٹر سے لیکر ویٹر تک جب انہیں معلوم ہوا کہ ہمارا تعلق پاکستان سے ہے تو کچھ انگلش اور کچھ فارسی زبان میں انتہائی محبت بھرے جملوں کا تبادلہ ہوا۔ ہمارے ایک عزیز جو انقرہ میں کافی سالوں سے بسلسلہ روزگار مقیم ہیں ہوٹل میں ملنے آئے تو انہیں اچھا خاصا ترک زبان پر عبور حاصل ہے ان کے ہمراہ جتنے بھی ترک بھائیوں سے ملاقاتیں یا مصافحے ہوئے ہمیشہ ان کے چہروں پر پاکستان کیلئے ایک اپنائیت پائی۔ انقرہ میں مقیم اپنے عزیز سے جب سوال کیا کہ پاکستان چین کی دوستی کی د؟ نیا مثال دیتی ہے، اسی طرح پاکستان کے تمام مسلم وبین الاقوامی دیگر ممالک سے بھی تعلقات ہیں لیکن آج ترکی میں پاکستان اور پاکستانیوں کیلئے اتنی محبت اور بھائی چارہ دیکھ کر حیران ہیں اور خوشی بھی ہے پہلےس؟ نتے تھے آج دیکھ رہے ہیں تو ہمارے عزیز نے بتایا کہ ت؟ رک بزرگ آج بھی ہندوستانی مسلمانوں کی قربانیوں کا ذکر کرتے ہیں جو؟ نہوں نے ترکی کیلئے دی تھیں۔ اور اس وقت صدر رجب طیب اردوان برسر اقتدار ہیں اور ان کی جماعت اور حکومت کی سب سے بڑی خوبی ہی یہی ہے کہ وہ اپنے دوست ممالک اور خصوصاً مسلمان اور سب سے بڑھ کر پاکستان کی دوستی کے حوالے سے ہر پلیٹ فارم اور ہر اہم قومی یا بین الاقوامی مواقع پر ذکر کرتے ہیں۔ اپنے عزیز سے جب مزید تفصیل پوچھی تو س؟ ن کر مزید خوشی ہوئی کہ ترک قوم شاعر مشرق، حکیم الامت ڈاکٹر علامہ محمد اقبال اور قائداعظم محمد علی جناح کی بہت زیادہ عزت اور عقیدت رکھتے ہیں۔ گزشتہ دنوں جب ترک صدر رجب طیب ایردوان اپنی اہلیہ کے ہمراہ دو روزہ دورے پر پاکستان پہنچے تو ان کے چہروں پر خوشی دیدنی تھی اور جو اعزاز اور ویلکم حکومت پاکستان کی جانب سے کیا گیا وہ بھی انتہائی قابل تحسین ہے۔ صدر مملکت آصف علی زرداری اور وزیر اعظم محمد شہباز شریف نے نور خان ایئربیس پر ان کا بھرپور استقبال کیا۔ معزز مہمان کے اعزاز میں 21 توپوں کی سلامی دی گئی اور روایتی لباس میں ملبوس سکول کے بچوں نے انکو خوش آمدید کہا جبکہ ملٹری بینڈ نے بھی روایتی انداز میں انکا استقبال کیا۔ پاکستان کی فضائی حدود میں داخل ہونے کے بعد پاک فضائیہ کے JF-17 طیاروں نے معزز مہمان کا فضائی استقبال کیا اور انکے جہاز کو اپنے حصار میں اسلام آباد لائے۔ اگر پاکستان اور ترکی کی خارجہ پالیسیوں اور امت مسلمہ کے حوالے سے دیکھا جائے تو دونوں ممالک کا موقف ایک ہے خصوصاً فلسطین اور کشمیر کے حوالے سے ہمیشہ ترکیہ نے پاکستان کا اور پاکستان نے ترکیہ کے موقف کا ساتھ دیا۔ اقوام عالم کے تمام پلیٹ فارمز پر جس طرح ترک صدر رجب طیب اردوان نے مظلوم فلسطینیوں اور کشمیریوں کے حق میں آواز اٹھائی اسی طرح وزیر اعظم اسلامی جمہوریہ پاکستان محمد شہباز شریف نے بھی بانگ دہل مظلوم فلسطینیوں اور کشمیریوں کا بھرپور مقدمہ لڑا۔ اگر بات کی جائے حالیہ دورے کی تو یوں تو دونوں ممالک میں دوستی کیساتھ ساتھ تجارتی تعلقات بھی ہمیشہ مضبوط رہے لیکن ترک صدر کے حالیہ دورہ پاکستان میں ان تعلقات میں مزید گرمجوشی پیدا ہوئی اور دونوں ممالک میں تجارتی تعلقات کے ایک نئے دور کا آغاز ہوا ہے۔ حالیہ دورے میں ترکیہ پاکستان اعلیٰ سطحی تزویراتی تعاون کونسل کے ساتویں اجلاس میں جن منصوبوں پر اتفاق رائے کیا گیا ان میں ایکسپورٹ کریڈٹ بینک آف ترکیہ اور ایکسپورٹ امپورٹ بینک آف پاکستان کے درمیان مفاہمتی یادداشت کی ڈیکلیریشن، سینٹرل بینک آف ترکیہ اور اسٹیٹ بینک آف پاکستان کے درمیان تکنیکی تعاون کے شعبے میں مفاہمتی یادداشت، سامان کی تجارت بڑھانے کے معاہدے کے حوالے سے مشترکہ وزارتی اسٹیٹمینٹ صنعتی پراپرٹی میں تعاون کے حوالے سے مفاہمتی یادداشت، تجارت میں استعمال ہونے والے اوریجن سرٹیفکیٹس کی تصدیق کی ڈیجیٹائزیشن کے حوالے سے مفاہمتی یادداشت، سماجی اور ثقافتی مقاصد کے لئے ملٹری اور سول پرسنیلز کے تبادلے کی مفاہمتی یادداشت، ایئر فورس الیکٹرانک وارفیئر کے حوالے سے مفاہمتی یادداشت، ملٹری ہیلتھ کے شعبے میں تربیت اور تعاون کا پروٹوکول، ترکیہ کے سیکریٹریٹ آف ڈیفنس انڈسٹریز اور پاکستان کی وزارت دفاعی پیداوار کے درمیان مفاہمتی یادداشت، ترکیہ کی ایرو اسپیس انڈسٹریز اور نیول ریسرچ اینڈ ڈویلپمنٹ انسٹیٹیوٹ، پاکستان کے درمیان مفاہمتی یاد داشت، حلال تجارت کے شعبے میں تعاون کے حوالے سے مفاہمتی یاد داشت، لیگل میٹرولوجی انفرااسٹرکچر کے قیام کے حوالے سے مفاہمتی یادداشت، زرعی بیجوں کی پیداوار کے حوالے سے تعاون کا معاہدہ، پاکستان اور ترکیہ کے درمیان ہائیڈروکاربنز کے شعبے میں تعاون کے معاہدے میں ترمیم کا پروٹوکول، انرجی ٹرانزیشن کے شعبے میں تعاون کی مفاہمتی یادداشت، کان کنی کے شعبے میں تعاون کی مفاہمتی یاد داشت، پانی کے شعبے میں تعاون کا معاہدہ، تعلقات عامہ اور ابلاغ کے شعبوں میں تعاون کی مفاہمتی یادداشت، میڈیا اور ابلاغ کے شعبوں میں تعاون کی مفاہمتی یادداشت، ثقافت کے شعبے میں تعاون کا معاہدہ، آڈیو وژول سروسز کی کو پروڈکشن کا معاہدہ، مذہبی خدمات اور مذہبی تعلیم کے شعبوں میں تعاون کی مفاہمتی یادداشت، صحت اور فارماسیوٹیکل کے شعبوں میں تکنیکی تعاون شامل ہیں۔ یوں تو ترک صدر رجب طیب اردوان کے دورہ پاکستان پر دونوں قیادتوں میں بھرپور گرمجوشی دیکھی گئی لیکن حکومت پاکستان نے ایف نائن انٹرچینج کو ترکیہ کے صدر کے نام سے منسوب کر کے دونوں ممالک کی عوام کے بھی دل جیت لئے اور اس کی نقاب کشائی بھی معزز مہمان نے وزیر اعظم ہاو؟ س میں منعقدہ تقریب میں خود کی۔ گزشتہ روز اتفاقاً اہلخانہ کے ہمراہ ایف نائن سے واپسی پر انٹرچینج سے گزرنا ہوا تو دیکھ کر مزید خوشی ہوئی کہ سڑک کارنگ بھی س؟ رخ اور سکرین پر ترک صدر کی پاکستان آمد کے حوالے سے ویڈیو چل رہی تھی۔ ترک صدر رجب طیب اردوان اور ان کی اہلیہ کے دورہ پاکستان سے نہ صرف دونوں ممالک کے تعلقات میں مزید گرمجوشی پیدا ہوگی بلکہ دونوں ممالک کی عوام میں محبتوں اور دوستی کا یہ رشتہ مزید مضبوط ہوگا۔

طارق بن زیاد



مکتوب امریکہ

طیبہ ضیا

ایک مصرعے "ہر ملک ملکِ ماست کہ ملکِ خدائے ماست" میں طارق کے پورے خطبے کو جس صراحت کے ساتھ بیان کر دیا گیا ہے، یہ اقبال کے فن کا اعجاز ہے۔ اس ایک مصرعے میں طارق کا جوشِ ایمانی، جذبہ سرفروشی، اعلائے کلمۃ الحق کے لئے اسباب و وسائل سے بے نیازانہ جہاد، جرات وہمت غرضیکہ پورا کردار سمٹ کر آگیا ہے۔

طارق بن زیاد بربر نسل شمالی افریقہ مراکش سے تعلق رکھنے والے مسلم سپہ سالار اور بنو امیہ کے جرنیل تھے۔ ہم نے مراکش میں اٹلس پہاڑی سلسلے کی آغوش میں بربر علاقے کا بھی وزٹ کیا اور وہاں کی زبان اور ثقافت کا مشاہدہ کیا۔ طارق بن زیاد نے 711ء میں ہسپانیہ (اسپین) میں عیسائی حکومت کا خاتمہ کر کے یورپ میں مسلم اقتدار کا آغاز کیا۔ انہیں اسپین کی تاریخ کے اہم ترین عسکری رہنماؤں میں سے ایک سمجھا جاتا ہے۔ شروع میں وہ اموی صوبے کے گورنر موسیٰ بن نصیر کے نائب تھے، جنہوں نے ہسپانیہ میں گوتھ بادشاہ کے مظالم سے تنگ عوام کے مطالبے پر طارق کو ہسپانیہ پر چڑھائی کا حکم دیا۔ طارق بن زیاد نے مختصر فوج کے ساتھ یورپ کے عظیم علاقے اسپین کو فتح کیا اور یہاں دینِ اسلام کا علم بلند کیا۔ اسپین کی فتح اور یہاں پر اسلامی حکومت کا قیام ایک ایسا تاریخی واقعہ ہے، جس نے یورپ کو سیاسی، معاشی اور ثقافتی پسماندگی سے نکال کر ایک نئی بصیرت عطا کی اور اس پر ناقابل فراموش اثرات مرتب کیے تھے۔ طارق بن زیاد کی تعلیم وتربیت موسیٰ بن نصیر کی زیر نگرانی ہوئی تھی، جو ایک ماہرِ حرب اور عظیم سپہ سالار تھے۔ اسی لیے طارق بن زیاد نے فن سپہ گری میں جلد ہی شہرت حاصل کر لی۔ ہر طرف ان کی بہادری اور عسکری چالوں کے چرچے ہونے لگے۔ طارق بن زیاد بن عبداللہ نہ صرف دنیا کے بہترین سپہ سالاروں میں سے ایک تھے بلکہ وہ متقی، فرض شناس اور بلند ہمت انسان بھی تھے۔ ان کے حسنِ اخلاق کی وجہ سے عوام اور سپاہی انہیں احترام کی نظر سے دیکھتے تھے۔ افریقا کی اسلامی سلطنت کو اندلس کی بحری قوت سے خطرہ لاحق تھا، جب کہ اندلس کے عوام کا مطالبہ بھی تھا۔ اسی لیے گورنر موسیٰ بن نصیر نے دشمن کی طاقت اور دفاعی استحکام کا جائزہ لے کر طارق بن زیاد کی کمان میں سات ہزار (بعض مورخین کے نزدیک بارہ ہزار) فوج دے کر انہیں ہسپانیہ کی فتح کے لیے روانہ کیا۔ اسلامی لشکر ہسپانیہ کے ساحل پر اترا اور ایک پہاڑ کے نزدیک اپنے قدم جما لیے، جو بعد میں طارق بن زیاد کے نام سے جبل الطارق کہلایا۔ طارق بن زیاد نے جنگ کے لیے محفوظ جگہ منتخب کی۔ اس موقع پر اپنی فوج سے نہایت ولولہ انگیز خطاب کیا اور کہا کہ ہمارے سامنے دشمن اور پیچھے سمندر ہے۔ جنگ سے قبل انہوں نے اپنے تمام بحری جہازوں کو جلا دینے کا حکم دیا تاکہ دشمن کی کثیر تعداد کے باعث اسلامی لشکر بددل ہو کر اگر پسپائی کا خیال لائے تو واپسی کا راستہ نہ ہو۔ اس صورت میں اسلامی فوج کے پاس صرف ایک ہی راستہ باقی تھا کہ یا تو دشمن کو شکست دے دیں یا اپنی جان جانِ آفرین کے سپرد کر دیں۔ یہ ایک ایسی زبردست جنگی چال تھی کہ جس نے اپنی اہمیت کی داد آنے والے عظیم سپہ سالاروں سے بھی پائی۔ 7 ہزار کے مختصر اسلامی لشکر نے پیش قدمی کی اور عیسائی حاکم کے ایک لاکھ کے لشکر کا سامنا کیا، گھمسان کا رَن پڑا، آخر کار دشمن فوج کو شکست ہوئی اور شہنشاہ راڈرک مارا گیا، بعض روایتوں کے مطابق وہ بھاگ نکلا تھا، جس کے انجام کا پتا نہ چل سکا۔ اس اعتبار سے یہ جنگ فیصلہ کن تھی کہ اس کے بعد ہسپانوی فوج کبھی متحد ہو کر نہ لڑ سکی۔ طارق بن زیاد کی فتح کی خبر سن کر موسیٰ بن نصیر نے حکومت اپنے بیٹے عبداللہ کے سپرد کی اور خود طارق بن زیاد سے آملے۔ دونوں نے مل کر مزید کئی علاقے فتح کیے۔ اسی دوران خلیفہ ولید بن عبدالملک نے اپنے قاصد بھیج کر دونوں کو دمشق بلوالیا اور یوں طارق بن زیاد کی عسکری زندگی کا اختتام ہوا جب کہ اسلامی دنیا کے اس عظیم فاتح نے 720ء میں دمشق میں وفات پائی۔ انھوں نے اموی خلافت کی خدمت کی اور اسپین اور پرتگال پر مسلم اموی فتح کا آغاز کیا۔ انھوں نے اپنی فوجوں کو اس مقام پر مستحکم کیا جسے آج جبرالٹر کی چٹان کے نام سے جانا جاتا ہے۔ طارق بن زیاد کی یاد سپین اور شمالی افریقہ المغرب مراکش وزٹ میں ہمہ وقت ہمارے ساتھ ہوتی ہے۔ مراکو کے قدیم شہر فیض میں صوفیا اور علما کرام کی قبور مساجد اور زاویہ (عبادت خانے) کا بھی وزٹ کیا۔ ان میں سرفہرست مولائے ادریس بن عبداللہ کا مزار ہے۔ سید حسنی یعنی حضرت حسن رضی اللہ کے پڑپوتے اور شمالی المغرب کے ایک حصے میں ادریسی سلطنت کے بانی تھے، مولے ادریس پاکستان کے داتا گنج بخش رح کے پائے کے بزرگ ہیں اور پورے مراکش کے علاوہ دنیا بھر میں ان کے عقیدت مند موجود ہیں۔ بینظیر بھٹو بھی مولے ادریس رح سے عقیدت رکھتی تھیں، وزیراعظم پاکستان کی حیثیت سے جب وہ مراکش تشریف لائیں تو انہوں نے خصوصی طور پر مولے ادریس کے مزار پر حاضری دی۔ ہم نے ابن خلدون کا گھر بھی دیکھا جسے مقامی قالین کا تین منزلہ سٹور بنا دیا گیا ہے۔ ابن خلدون بڑے دماغوں میں سے ایک دماغ تھا انہوں نے ایک عجیب بات کہی! اگر مجھے ظالم حکمرانوں اور غلاموں میں سے کسی ایک کو مٹانے کا اختیار ملے تو میں غلاموں کو مٹا دوں گا کیونکہ یہ غلام ہی ہیں جنہوں نے ظالم حکمران پیدا کیے ہیں۔ سوچ کی غلامی ملک وقوم کو تباہ کر دیتی ہے۔

☆☆☆

بس یہی داستاں ہماری ہے۔ عظمیٰ مسعود کی خودنوشت

ان کہی

نسیم شاہد

nasimshahid7@hotmail.com

لاہور سے ہمارے دوست قلم فاؤنڈیشن انٹرنیشنل کے سربراہ علامہ عبدالستار عاصم نت نئی کتابیں بھیجتے رہتے ہیں۔ کتاب کلچر کے فروغ کی جتنی کاوشیں وہ کر رہے ہیں، شاید ہی کوئی اور کر رہا ہو۔ انہوں نے چند ہفتے پہلے پروفیسر عظمیٰ مسعود کی خودنوشت "بس یہی داستاں ہماری ہے" بھیجی تھی، ساتھ یہ بھی کہا تھا یہ کتاب آپ کو عام خودنوشتوں سے مختلف لگے گی۔ میں نے کہا ہے یہ کہا ہے اسے پڑھنا شروع کیا تو واقعی یہ لگا میں بیکوقت افسانہ، سفرنامہ، تنقید اور آپ بیتی کے مختلف فن پارے پڑھ رہا ہوں۔ خودنوشت لکھتے ہوئے سب سے اہم بات اُس کا سانچہ ہوتا ہے۔ ویسے تو ناول، افسانے اور ڈرامے کا بھی ایک پلاٹ ہوتا ہے اور مضبوط پلاٹ ہی اُن کی کامیابی کا باعث بنتا ہے، تاہم خودنوشت لکھتے ہوئے بھی اس کی شدید ضرورت محسوس ہوتی ہے۔ ایک پوری زندگی خودنوشت کے پیچھے موجود ہوتی ہے۔ اُس زندگی کو کیسے پیش کرنا ہے، واقعات کے تسلسل سے کام لینا ہے یا عمرِ رواں کے ماہ وسال کی ترتیب سے، سوچ کی تلاطم خیز موجوں میں سفر کرنا ہے یا دیکھ بھال کے سنبھل سنبھال کے قدم اٹھانے ہیں، یہ سب چیزیں پیش نظر رہتی ہیں مثلاً میں اکثر سوچتا ہوں اگر میں اپنی خودنوشت لکھوں تو آغاز کہاں سے کروں۔ اگر میں حالات زندگی کے مطابق لکھتا ہوں تو کیا اُس میں قارئین کی دلچسپی کا بھی کوئی سامان ہو گا۔ اگر میں مختلف ادوار میں پیش آنے والے واقعات و سانحات کو اپنی خودنوشت میں اولیت دیتا ہوں تو کیا قاری کے لئے اُس میں ایک تسلسل اور ترتیب کی صورت موجود رہے گی؟ کچھ عرصہ پہلے طارق محمود کی خودنوشت "دام خیال" شائع ہوئی تو مجھے بھی ملی، چونکہ میں طارق محمود کو نصف صدی سے جانتا ہوں تو اُن کے بارے میں پڑھ کے مجھے اجنبیت محسوس نہیں ہوئی، بلکہ اس بات پر حیرت سے ہمکنار ہونا پڑا کہ انہوں نے کتنی جزئیات کو نصف صدی سے بھی زائد ہوگئے سہولت اور صحت کے ساتھ بیان کیا۔ اُن کی خودنوشت کا کینوس چونکہ اُن کی سرکاری ذمہ داریوں کی وجہ سے بہت وسیع ہے اس لئے اُس میں دلچسپی کے بہت سے سامان موجود ہیں۔ اس تناظر میں جب میں نے پروفیسر عظمیٰ مسعود کی خودنوشت کو پڑھنا شروع کیا تو ہر باب کے ساتھ میری دلچسپی بڑھتی گئی۔ ہجرت کے تجربے سے آغاز کرنے والی پروفیسر عظمیٰ مسعود اپنی خودنوشت میں ایک دبنگ، نڈر اور صاف گو خاتون نظر آتی ہیں۔ ایسے لوگوں کی خودنوشت پڑھتے ہوئے اس لئے زیادہ لطف آتا ہے کہ قاری تصنع اور یکسانیت سے بچ جاتا ہے۔

انہوں نے اس کتاب کا جو پیش لفظ لکھا ہے وہ درحقیقت اُن کی شخصیت کا ضمیر ہے جس سے وہ تعمیر ہوئیں اور آگے چل کر جسے انہوں نے اپنا ایک بڑا اثاثہ بنائے رکھا۔ وہ خودکلامی کے انداز میں اُس عظمیٰ سے ہمکلام ہوتی ہیں جو ننھی سی بچی ہیں تو وہ انہیں باور کراتی ہے۔

"آپ کی کہانی زبردست کہانی نہیں ہے۔ آپ کی روداد تو بہت معمولی ہے، کیونکہ جب پاکستان بنا آپ نے تو صرف باپ ہی کھویا، جن کی بیٹیاں چھن گئیں، جن کے جوان بیٹوں کی گردنیں اُن بہنوں کو بچاتے بچاتے ماردی گئیں، جو اپنی ماؤں کے سامنے شہید کر دیے گئے، لوگ گھروں سے بے گھر کر دیے گئے، تو کہیں جاکے پاکستان بنا، اُن کا سوچیں۔" عظمیٰ مسعود کی شخصیت کا وہ گداز ہے، جو اس خودنوشت پر غالب نظر آتا ہے۔ ہاں یہ پہلو اُن کے لہجے میں اُس کڑواہٹ کا باعث بھی بنتا ہے جو تقسیم کے بعد لوٹ مار کی کہانیوں، جعلی کلیموں اور لوٹ کھسوٹ کو دیکھ کر اُس وقت کے ہر محب وطن پاکستانی کے ذہن و دل میں اُمڈ آتی تھی۔ عظمیٰ مسعود کی شخصیت کے اس پہلو کا اثر اُن کی پوری خودنوشت میں نظر آتا ہے تاہم وہ فکری جمود کا شکار نہیں ہوتیں، آگے بڑھتی ہیں، زندگی کے امکانات کا کھوج لگاتی ہیں، خود بھی دیکھتی ہیں اور دوسروں کو بھی دکھاتی ہیں۔ پروفیسر عظمیٰ مسعود کی زندگی متنوع انداز میں گزری ہے وہ شعبہ تعلیم سے بطور استاد منسلک رہیں یہ شعبہ اُن کی کمزوری رہا۔ اسے وہ سب سے زیادہ اہمیت دیتی تھیں۔ وہ براڈکاسٹر بھی کمال کی تھیں۔ اس حوالے سے بھی انہوں نے بہت نام کمایا۔ اُن کے پاؤں میں چکر بھی رہا، جس کی وجہ سے سیر وسیاحت اُن کی زندگی میں شامل رہی، پھر ایک اور پہلو اُن کی فیملی اور اُس سے جڑی محبتیں اور یادیں ہیں، جو انہیں قدم قدم پر اپنے حصار میں لئے رکھتی ہیں اس خودنوشت میں جگ بیتی بھی ہے اور آپ بیتی بھی اور وہ بیتی بھی جو اُن پر نہ چاہتے ہوئے بیتی۔ اپنی تعلیمی یادوں سے لے کر شادی اور اُس کے بعد کی زندگی کا دلچسپ احوال تو اس خودنوشت میں موجود ہے، تاہم غور کیا جائے تو اس حوالے سے اُس دور کا لاہور بھی اُبھر کر سامنے آتا ہے اور وہ رویے بھی جو اس ڈیجیٹل دور سے پہلے ہماری زندگیوں کا حصہ تھے۔

خودنوشت کی سب سے بڑی خوبصورتی یہ ہوتی ہے کہ وہ قاری کو بوجھل محسوس نہ ہو۔ سادہ بات ہے کسی کو کیا پڑی کہ وہ آپ کی زندگی کے بارے میں داستان پڑھے۔ اس لحاظ سے دوسری اصناف کی نسبت یہ ایک مشکل کام ہے۔ ایک افسانہ اپنے خیال کی وجہ سے قاری کی توجہ حاصل کر سکتا ہے، ایک ناول اپنے موضوع کی وجہ سے قارئین کو متوجہ کر لیتا ہے، اسی طرح ایک غزل، نظم یا کوئی دوسری تخلیق اپنا اثر چھوڑ جاتی ہے۔ بڑے لوگوں کی خودنوشت اس لئے پڑھی جاتی ہے کہ لوگ اُن کے بارے میں جاننا چاہتے ہیں کہ وہ کیسے بڑے آدمی بنے، لیکن ایک عام پروفیسر، عام لکھاری یا عام صحافی جب خودنوشت لکھتا ہے تو اس کے پاس بتانے کو بڑی بڑی کہانیاں یا واقعات نہیں ہوتے، ہاں اُس کے پاس صرف ایک چیز ہوتی ہے کہ جسے تخیل اور تخلیقی عمل کہتے ہیں۔ اس سے کام لے کر وہ اپنی ایک عام سی زندگی کے واقعات کو بھی اس طرح خاص بنا دیتا ہے کہ اُن میں قاری کی دلچسپی بڑھ جاتی ہے۔ پروفیسر عظمیٰ مسعود لکھتی ہیں "میں اپنی سوانح لکھ رہی ہوں اور نجانے کیوں لکھ رہی ہوں"۔ یہ ایک ایسا سوال ہے جس نے اس سے یہ خودنوشت اس انداز میں لکھوائی ہے کہ ایک بڑی سوانح بن گئی ہے۔ اس کے مختلف ابواب میں، جن کا دائرہ ماضی سے حال اور حال سے مستقبل تک پھیلا ہوا ہے صرف یہ نہیں اس میں سفر نامے کی بھی چاشنی بھی موجود ہے، سفر کا احوال اتنی خوبصورتی سے بیان ہوتا ہے کہ قاری یہ بھول جاتا ہے وہ کوئی خشک خودنوشت پڑھ رہا ہے۔ وہ مختلف ممالک اور معاشروں کی اُس زندگی تک رسائی حاصل کر لیتا ہے، جو عام سیاحوں کی آنکھ سے اوجھل ہوتے ہیں۔ پروفیسر عظمیٰ مسعود کی یہ خودنوشت میرے نزدیک ایک جہان دانش کا مرقع ہے۔ زندگی کو انہوں نے جس طرح دیکھا، گزارا اور ریاضت کیا، یہ خودنوشت اُس کا ایک بھرپور آئینہ ہے۔ اُن کا اسلوب اس قدر اچھوتا اور خوبصورت ہے کہ اُس پر لکھنے کے لئے ایک علیحدہ فرصت درکار ہے۔

'قندھار' اور 'کابل' کے اختلافات اور حامد الحق حقانی کی شہادت

برملا

نصرت جاوید

nusrat.javeed@gmail.com

وائٹ ہاؤس میں یوکرین کے صدر کو کیمروں کے سامنے بٹھا کر امریکی صدر اور نائب صدر نے اپنے 'اتحادی' کی جو بے عزتی کی وہ کئی پہلوؤں سے توجہ کی طالب ہے۔ فی الوقت مگر میں 'گھر کی فکر میں' مبتلا ہوں۔ اسلام آباد سے ایک گھنٹے سے بھی کم کی مسافت پر نوشہرہ جاتے ہوئے ہمارے دائیں ہاتھ عالمی سطح پر مشہور ہوا ایک مدرسہ آتا ہے۔ قیام پاکستان کے چند ہی ہفتوں بعد قائم ہوئے اس مدرسے کا نام مولانا عبدالحق سے منسوب ہے۔ ان کی نگرانی میں دینی تعلیم سے مستفید ہوکر بے تحاشا افراد نے اپنی قبائلی شناخت ترک کر کے خود کو 'حقانی' کہلوانے کو ترجیح دی۔ امریکا کی نائن الیون کے بعد افغانستان پر مسلط کردہ 21 سالہ طویل جنگ کے دوران 'حقانی' کہلاتے گروہ کو ایک متشدد 'نیٹ ورک' ٹھہرادیا گیا۔ مجھ جیسے پاکستانی عالمی میڈیا پر نابغے تصور ہوتے تبصرہ نگاروں کو سمجھانے کی کوشش کرتے رہے کہ طالبان اور 'حقانی' دو مختلف گروہ تو ہوسکتے ہیں مگر نظریاتی اعتبار سے ان میں قابل ذکر اختلافات موجود نہیں ہیں۔ دونوں ہی دیوبند میں پروان چڑھی تشریح اسلام پر کاربند ہیں۔ پاکستان کے قبائلی علاقوں سے ملحق افغان علاقوں میں 'حقانی' کثیر تعداد میں موجود تھے۔ اسی باعث انھیں پاکستان کے دفاعی اداروں کے لیے 'خاص' ٹھہرایا گیا۔ انھیں طالبان سے زیادہ 'متشدد' اور القاعدہ کے حلیف بھی گردانا گیا۔ اسی گروہ کے سراج الدین حقانی نے دوحہ مذاکرات کے دوران نیویارک ٹائمز کے صفحہ؟ اول پر ایک طویل مضمون لکھا۔ نام نہاد 'متشدد دہشت گرد' کو مضمون لکھنے کی بدولت 'صلح جو دانشور' محسوس ہونے لگا۔

دوحہ مذاکرات کے نتیجے میں طالبان بالآخر فاتح کی صورت افغانستان لوٹ آئے۔ ہمیں بتایا گیا کہ کابل میں موجود اہم ترین وزارتیں مگر 'حقانیوں' نے ہتھیالی ہیں۔ اس ضمن میں سراج الدین حقانی کا وزارت داخلہ پر فائز ہونا تواتر سے یاد دلایا جاتا رہا۔ موصوف کی طاقت کو اجاگر کرتے ہوئے درحقیقت پیغام یہ دیا جاتا رہا کہ کابل میں طالبان نہیں بلکہ 'حقانی' اقتدار میں واپس آئے ہیں اور مبینہ طور پر وہ 'ہدایات' قندھار میں براجمان امیر المومنین سے نہیں بلکہ اسلام آباد سے لے رہے ہیں۔

حقانیوں کے ساتھ مل کر افغان جہاد میں متحرک رہے پاکستانی طالبان مگر کابل سے امریکی افواج کے انخلاء کے بعد ہمارے ریاستی اداروں کو نشانہ بنانا شروع ہوگئے۔ طالبان حکومت نے ان پر قابو پانے میں سنجیدگی نہیں دکھائی۔ اس کالم کے باقاعدہ قارئین گواہ ہیں کہ امریکی افواج کی افغانستان سے رخصت کے قریب میں بدنصیب تواتر سے خبردار کرتا رہا کہ 'غلامی کی زنجیریں توڑنے' کا جشن نہ منایا جائے۔ خواجہ آصف کو بھی ان دنوں اپوزیشن میں ہونے کے باوجود طالبان کی کابل واپسی پر خود فریب سرشاری سے گریز کرنا چاہیے تھا۔

1986ء سے 2002ء تک متعدد بار افغانستان گیا ہوں۔ وہاں کے بازاروں میں گھومتے اور عام لوگوں سے گفتگو کرتے ہوئے میں نے دریافت کیا کہ افغان عوام کی بے پناہ اکثریت باہمی اختلافات کو بالائے طاق رکھ کر ہر پاکستانی کو 'پنجابی' پکارتی ہے۔ ہمیں وہ اپنی مشکلات کا حقیقی ذمہ دار سمجھتے ہیں اور اس امر پر مصر بھی کہ افغانستان کو 'جنگ میں جھونک کر' پاکستان نے اپنی معیشت کو سنوارا۔ دفاع کو مضبوط تر کیا۔

بدقسمتی سے یہ حقیقت ہمارے نام نہاد مین سٹریم میڈیا نے پاکستانیوں کے روبرو رکھنے کی کوشش ہی نہیں کی۔ 'افغان باقی، کہسار باقی' کا راگ ہی الاپتے رہے۔ 2021ء میں لیکن طالبان فاتح کی صورت کابل لوٹے تو بتدریج ہم افغان عوام پر 'احسان فراموشی' کا الزام لگانے لگے۔ افغان 'احسان فراموش' کیوں ہیں؟ یہ سوال سنجیدگی سے میڈیا میں زیر بحث نہیں آیا۔ ٹک ٹاک کی نقالی میں مصروف 'صحافی' اڈیالہ سے شروع ہو کر اڈیالہ پر ہر کہانی ختم کر دیتے ہیں۔ شیر افضل مروت میسر ہوجائیں تو ریٹنگ کا داؤ بھی لگ جاتا ہے۔ افغانستان میں کئی دنوں سے جو کھچڑی پک رہی تھی اس پر غور کی ضرورت ہی کسی نے محسوس نہیں کی۔

نقارخانے میں طوطی کی آواز والے امکان کو ذہن میں رکھتے ہوئے بھی اصرار کروں گا کہ جمعہ کے روز دارالعلوم حقانیہ کے مدارالمہام مولانا حامد الحق کی خودکش بمبار کے ہاتھوں شہادت افغانستان میں کئی دنوں سے تیز تر ہوتے مسلکی اختلافات کا دل دہلا دینے والا اظہار ہے۔ ان کے ظالمانہ قتل کو چند ہی روز قبل انتہا پسندوں کے ہاتھوں ہلاک ہوئے خلیل حقانی کے انجام کے ساتھ ملاکر دیکھنا ہوگا۔ کتنی بار ہمارے میڈیا نے ہمیں بتایا ہے کہ طالبان حکومت کے کون سے اہم ترین وزیر ان دنوں کابل کے بجائے وہاں سے یکے بعد دیگرے کھسک کر کونسے خلیجی ممالک میں بیٹھے کس وقت کا انتظار کر رہے ہیں۔ پیچیدہ معاملات کو مختلف انٹرنیٹ پلیٹ فارموں کے ذریعے سمجھنے والے 'باشعور' نوجوان جن کے Bulge سے ہمارے کئی دانشور شاداں محسوس کر رہے ہیں ان کا توجہ سے قطعاً محروم ہو چکے ہیں۔ ان کا Attention Span (وقت توجہ) ڈیڑھ سے دو منٹ تک محدود ہے۔ اسی سے کام لیتے ہوئے مولانا حامد کا 'گناہ' محض یہ بتایا گیا ہے کہ انہوں نے متعدد علماء کے ساتھ مل کر ایک اجتماعی یادداشت پر دستخط کیے تھے جو افغان خواتین کو تعلیم کا حق دینے کا تقاضا کرتی ہے۔

سوال اٹھتا ہے کہ افغانستان میں وہ کون سی قوت ہے جو افغان خواتین کو اس حق سے 'شرعی جواز' کے ساتھ محروم رکھنا چاہتی ہے۔ ایسے افراد کی صف اوّل میں افغانستان کے 'امیر المومنین' ہیبت اللہ اخوندزادہ بھی شامل ہیں۔ اس کے علاوہ محض داعش ہی نہیں بلکہ افغانستان کے مشرق میں متحرک کئی 'سلفی' کہلاتی تنظیمیں بھی خواتین کو اس حق سے محروم رکھنا اپنا 'دینی فریضہ' تصور کرتی ہیں۔

اہم ترین مسئلہ مگر 'قندھار' اور 'کابل' کے مابین فکری اختلافات ہیں۔ 'قندھار' اور 'کابل' کے فکری اختلافات کوئی انوکھی بات نہیں۔ 1970 کی دہائی میں افغانستان کی کمیونسٹ پارٹی بہت طاقتور تھی۔ اس کے بھی مگر دو دھڑے ہوئے۔ ایک کا نام تھا 'خلق' اور دوسرا تھا 'پرچم'۔ دونوں ہی ماسکو نواز تھے۔ اس کے باوجود اپریل 1978ء کا 'کمیونسٹ انقلاب' آیا تو قندھار سے ابھرے نور محمد ترکئی نے انتہا پسندانہ سوچ کے ساتھ افغان ثقافت کو نظر انداز کرتے ہوئے 'کمیونزم' کا سختی سے نفاذ چاہا۔ اس کی لگائی آگ ٹھنڈا کرنے کے لیے خلق ہی سے حفیظ اللہ امین ابھرا۔ وہ بھی مگر 'کابل' سے وابستہ 'پرچم' کا دل جیتنے میں ناکام رہا۔ بالآخر دسمبر 1979ء میں روسی فوج کو خود کابل میں داخل ہو کر پرچم کے ببرک کارمل کو اقتدار میں لانا پڑا۔

'قندھار' اور 'کابل' اب سخت گیر مسلمان ہیں۔ اسلام کے عملی نفاذ کے حوالے سے مگر ان کے مابین اختلافات شدید سے شدید تر ہورہے ہیں۔ مولانا حامد الحق حقانی کی شہادت کو اس تناظر میں دیکھتے ہوئے آپ کو یہ بھی یاد رکھنا ہوگا کہ نوشہرہ اسلام آباد سے کتنا دور ہے۔

☆☆☆

روزنامہ قوت لاہور
چیف ایڈیٹر میاں محمد فیاض
ایڈیٹر امداد اللہ قریشی

کم عمری کی شادیاں: پاکستان کا چھٹا نمبر

21 فیصد لڑکیاں 18 سال کی عمر سے پہلے ہی بیاہ دی جاتی ہیں

میگزین رپورٹ

پاکستان میں لڑکیوں کی شادیوں سے متعلق اعداد و شمار بہت پریشان کن ہیں۔ 21 فیصد لڑکیوں کی شادیاں اٹھارہ سال کی عمر سے پہلے ہی کردی جاتی ہیں جبکہ 13 فیصد بچیاں تو اپنی عمر کے چودہویں سال میں ہی بیاہ دی جاتی ہیں۔ دنیا کی 95 فیصد کم عمر ماؤں کا تعلق غریب ممالک سے ہے اور پاکستان کم عمری کی شادیوں کے حوالے سے دنیا میں چھٹے نمبر پر ہے۔ پسماندہ علاقوں میں یہ رواج عام ہے اور ایسی شادیوں کا نتیجہ فسٹولا اور دیگر بیماریوں کی صورت میں بھی نکلتا ہے۔ ماہرین کا کہنا ہے کہ کم عمری کی شادی معیشت پر اس طرح براہ راست اثر انداز ہوتی ہے کہ شادی کے بعد ایسے نابالغ شہریوں کی تعلیم رک جاتی ہے، ان کا کیریئر بننے سے پہلے ہی ختم ہو جاتا ہے اور وہ معاشرے کے مفید شہری بننے کے بجائے اپنی زندگی ایک بوجھ کی صورت بسر کرتے ہیں۔ جب کسی بچی کو زبردستی شادی پر مجبور کیا جاتا ہے، تو اسے اس کے نتائج عمر بھر بھگتنا پڑتے ہیں۔ پہلے تعلیم مکمل کرنے کے مواقع کم ہو جاتے ہیں اور پھر شوہر کی طرف سے زیادتی اور دوران حمل پیچیدگیوں کے امکانات بھی بہت بڑھ جاتے ہیں۔

کم عمر شادی کو جرم قرار دینے سے متعلق ایک قانونی مسودہ قومی اسمبلی میں مسترد

پاکستان میں نابالغ شہریوں کی شادی قانوناً منع ہونا چاہیے یا نہیں، اس بارے میں حال ہی میں اسلام آباد میں قومی اسمبلی میں ایک بار پھر بحث دیکھنے میں آئی۔ لیکن اس بحث کا نتیجہ یہ نکلا کہ پاکستانی پارلیمان نے اٹھارہ برس سے کم عمر شہریوں کی شادی کو جرم قرار دینے سے متعلق ایک قانونی مسودہ مسترد کر دیا۔

حقوق نسواں کے لیے سرگرم پاکستان کی ایک معروف غیر سرکاری تنظیم عورت فاؤنڈیشن کی ڈائریکٹر ایڈووکیسی رابعہ ہادی نے اس بارے میں کہا کہ وفاقی پارلیمان میں اس بل کی مخالفت ایک مخصوص سوچ کی عکاس ہے۔ یہ عمل قول وفعل میں تضاد کا ثبوت بھی ہے۔ یہ وہی سوچ ہے، جس کے حامی انسانی حقوق کی پامالی کے مرتکب بھی ہوتے ہیں۔ کتنا عجیب تضاد ہے کہ قانون ساز اس بات کے حامی تو ہیں کہ شناختی کارڈ کے حصول، الیکشن میں ووٹ دینے، زمین کی خرید و فروخت اور ڈرائیونگ لائسنس تک کے لیے لازمی شرط کے طور پر متعلقہ فرد کی عمر کم از کم بھی اٹھارہ برس ہونا چاہیے لیکن وہ کم عمری کی شادیوں کی عملی مخالفت نہیں کرتے۔ ایسی شادیاں انسان کو عجیب کشمکش میں مبتلا کر دیتی ہیں۔ یوں تعلیم، صحت اور اظہار رائے سمیت کئی بنیادی حقوق کی نفی کا شدید خطرہ پیدا ہو جاتا ہے۔

ایسی لڑکیاں خون کی کمی کا شکار ہو کر جان لیوا مرض میں مبتلا ہو جاتی ہے: ماہرین صحت

گزشتہ برسوں میں کم عمری کی شادیوں پر قانونی پابندی کی سب سے زیادہ مخالفت اسلامی نظریاتی کونسل کے سابق چیئرمین مولانا شیرانی نے کی تھی۔ لیکن اس کونسل کے موجودہ چیئرمین قبلہ ایاز نے اس بارے میں کہا کہ ایسی شادیوں کی کسی بھی صورت حوصلہ افزائی نہیں کی جاسکتی۔ ان کی تو حوصلہ شکنی کی جانا چاہیے۔ قابل افسوس بات یہ بھی ہے کہ اسلامی نظریاتی کونسل بھی اس بات پر متفق نہ ہوسکی کہ اس موضوع پر کوئی قانون سازی کی جائے۔ کونسل کے مطابق اگر ایسا کوئی قانون بن بھی گیا، تو اس پر عمل درآمد کا مسئلہ تو رہے گا۔ اسلامی نظریاتی کونسل نے البتہ سفارش کی کہ ملک میں اس موضوع پر عوامی شعور کی بیداری کے لیے مؤثر اقدامات کیے جائیں۔

پاکستانی دارالحکومت اسلام آباد کے سیکٹر جی نائن کے علاقے کراچی کمپنی کی رہائشی ایک 30 سالہ خاتون شاہدہ پروین نیا کہ ان کے سات بچے ہیں۔ وہ صرف تیرہ سال کی تھیں، تو ان کی شادی 'وٹے سٹے' کے تحت ایک 32 سالہ مرد سے کردی گئی۔ انہوں نے کہا، ''ہم آٹھ بہن بھائی تھے، گھر میں غربت تھی اور گزارہ بہت مشکل سے ہوتا تھا۔ اس لیے گھر والوں نے بھی بچپن ہی میں میری شادی کر کے اپنی جان چھڑائی اور کبھی پلٹ کر پوچھا بھی نہیں۔ اب میں مختلف لوگوں کے گھروں میں کام کرتی ہوں۔'' شاہدہ پروین نے مزید کہا کہ م عمری کی شادی بہت بڑا عذاب ہے۔ میں خون کی کمی کے باعث آئے دن سرکاری ہسپتال میں داخل رہتی ہوں۔ میرا شوہر چار سال تک بیمار رہنے کے بعد عرصہ ہوا انتقال کر چکا ہے۔ میرا ایک بچہ معذور پیدا ہوا تھا، وہ بستر سے اٹھ بھی نہیں سکتا۔ میں سوچتی ہوں کاش میری شادی بچپن میں ہی نہ ہوئی ہوتی۔ ایسا نہ ہوتا تو آج میں بھی پڑھی لکھی اور خود اپنے پاؤں پر کھڑی ہوتی۔

پاکستان میں تبدیلی کے نعرے لگانے والی حکمران جماعت تحریک انصاف کے ایک رہنما اور وفاقی وزیر فواد چوہدری نے قومی اسمبلی میں اس بل کی مخالفت کرنے والوں پر کڑی تنقید کی تھی۔ لیکن یہ بھی سچ ہے کہ خود تحریک انصاف کے کئی ارکان نے بھی کھلم کھلا اس بل کی مخالفت کی تھی اور کئی دیگر ارکان پارلیمانی رائے شماری کے وقت غائب ہو گئے تھے۔ کم عمر بچوں کی شادیوں کے خلاف یہ بل قومی اسمبلی میں اسی طرح مسترد ہو گیا تھا۔ اس بارے میں پاکستان پیپلز پارٹی کی رکن قومی اسمبلی شمس النساء نے میڈیا کو بتایا کہ اس بل کے مسترد کیے جانے کی بنیادی وجہ وہ مذہبی عقیدہ ہے، جس کے تحت بچیوں کے بالغ ہوتے ہی ان کی شادی کر دینے کی اجازت ہے۔ وہ کہتی ہیں، "یہ حکومت کی ذمہ داری تھی کہ وہ اس بل کے لیے تمام جماعتوں کو ساتھ لے کر چلتی۔ یہ صرف کسی ایک یا چند پارٹیوں کا کام نہیں تھا۔ یہ ہماری موجودہ اور آئندہ نسلوں کی صحت اور مستقبل کی بات ہے۔ مگر تبدیلی کے نام پر خالی نعرے لگانے والی حکمران جماعت تحریک انصاف کے کئی ماڈرن لوگوں نے بھی قومی اسمبلی میں اس بل کی یوں کھلم کھلا مخالفت کی کہ عقل دنگ رہ گئی۔'' ایم این اے شمس النساء نے بتایا، "میرا تعلق ٹھٹھہ سے ہے۔ میں نے وہاں کام کرتے ہوئے بارہا ایسی بچیاں دیکھیں ہیں، جن کی گود میں مڑے ہوئے پاؤں والے بچے ہوتے ہیں، کم عمری کی شادیوں کا نتیجہ۔ لیکن یہ بات کسی کو سمجھ ہی نہیں آتی۔'' ان کے بقول اس حوالے سے نکاح خوان حضرات سے لے کر سیاسی رہنماؤں تک ہر کسی کو اپنا مثبت کردار ادا کرنا چاہیے۔

ماہر گائناکالوجسٹ غزالہ خالد کے مطابق ان کے پاس آئے روز ایسے کیسز آتے ہیں جن میں زیادہ تر کم عمری میں شادی کے باعث لڑکیوں کو فسٹولا، جسے پیشاب کی نالی کا ناسور بھی کہا جاتا ہے، جیسا تکلیف دہ مرض لاحق ہو جاتا ہے۔ اس کے علاوہ سرطان اور اندرونی انفیکشن بھی ایسی لڑکیوں کی زچگی کے دوران اموات کی بڑی وجوہات ہیں۔ مزید یہ کہ ایسی شادی شدہ لڑکیوں میں جنسی طور پر منتقل ہونے والی بیماریوں کا خطرہ بھی بڑھ جاتا ہے اور ان کی تولیدی صحت بھی متاثر ہوتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ غربت اور لاعلمی کے باعث فسٹولا جیسے مرض کا جب علاج نہیں کروایا جاتا، تو مسلسل رسنے والے پیشاب اور بدبو کے باعث اکثر شوہر ایسی لڑکیوں کو طلاق دے دیتے ہیں۔ ایک اور بڑا مسئلہ یہ کہ ہر سال ایک اور بچے کی پیدائش سے گھبرا کر ایسی بچیاں ناتجربہ کار دائیوں سے اسقاط حمل بھی کراتی ہیں، جو ان کی صحت کے لیے اضافی خطرات کا سبب بنتا ہے۔ ڈاکٹر غزالہ نے کہا کہ ایسی غریب بچیوں کا علاج کرتے ہوئے میں اکثر سوچتی ہوں کہ ان کے والدین ان کی شادیاں کرنے سے پہلے یہ کیوں نہیں سوچتے کہ ایسی شادیاں بربادی ثابت ہوتی ہیں۔ بار بار اسقاط حمل یا بچے پیدا کرنے سے ایسی لڑکیاں خون کی کمی کا شکار بھی ہو جاتی ہیں، جو آخر کار ان کے لیے جان لیوا ثابت ہوتی ہے۔

ایسی شادیوں کی کسی بھی صورت حوصلہ افزائی نہیں کی جاسکتی: اسلامی نظریاتی کونسل

بچپن کی شادی ہر بار صرف والدین کی غلطی ہی نہیں بلکہ بڑے جرائم کا نتیجہ بھی ہوتی ہے۔ اسلام آباد کی میرا آبادی کی رہائشی اور مختلف گھروں میں کام کر کے اپنے آٹھ بچوں کا پیٹ پالنے والی رضیہ بی بی کی بیٹی کے ساتھ پیش آنے والا واقعہ بھی کم تکلیف دہ نہیں ہے۔ رضیہ بی بی نے اس حوالے سے کہا کہ آٹھ ماہ قبل خود کو بے اولاد قرار دینے والا ایک جوڑا ہمارے ہمسائے میں آکر رہنے لگا۔ پھر ان کا محلے کے گھروں میں آنا جانا شروع ہوگیا۔ اس جوڑے نے میری تیرہ سالہ بیٹی مسرت کو اغوا کیا اور پھر اس کی عمر اٹھارہ سال بتا کر اس کا نکاح پڑھا دیا۔ ہم پندرہ دن تک مسرت کو تلاش کرتے رہے۔ پولیس کو رپورٹ بھی درج کروائی۔ پھر ایک دن پولیس نے بتایا کہ لڑکی تو مل گئی ہے لیکن اب کچھ نہیں ہوسکتا کیونکہ اس کا نکاح ہو چکا ہے۔ اس کے بعد میری صرف پانچ منٹ کے لیے میری بیٹی سے ملاقات کرائی گئی، تو مسرت نے بتایا کہ اس کی زبردستی غیر اخلاقی ویڈیو بنائی جا چکی ہے اور اسی لیے جیسا اسے کہا گیا ہے، وہ ویسا ہی بیان دینے پر مجبور ہے۔ رضیہ بی بی نے بتایا کہ اس کی بیٹی کا فخر نامی جس لڑکے سے نکاح پڑھایا گیا ہے، وہ نشہ کرتا ہے اور چوری کے کئی واقعات میں بھی ملوث رہ چکا ہے۔ پاکستانی دارالحکومت کی رہنے والی اس خاتون نے روتے ہوئے بتایا، ''میں اب تک ستر ہزار روپے قرض لے کر مختلف لوگوں کو دے چکی ہوں، لیکن کسی نے میری کوئی مدد نہیں کی۔ پولیس صرف یہ کہتی ہے کہ تمہاری بیٹی کا نکاح ہو چکا ہے، اب کچھ نہیں ہوسکتا۔ میں کس سے پوچھوں کہ میری تیرہ سالہ بے قصور بیٹی کے ساتھ اتنا ظلم کیوں کیا گیا؟ فخر کی عمر ستائیس سال ہے اور مسرت کو ڈرا کر کہا گیا ہے کہ اگر اس نے فخر کے خلاف کوئی بھی بیان دیا، تو اس کی ویڈیو ریکارڈنگز عام کردی جائیں گی۔'

دنیا میں سالانہ 1 کروڑ 20 لاکھ کم عمر بچیوں کی شادیاں

پاکستان میں مختلف معاشرتی رجحانات پر نظر رکھنے والے ماہر عمرانیات ذوالفقار راؤ کے بقول چائلڈ میرج کا مسئلہ پوری دنیا میں شدت اختیار کرتا جا رہا ہے لیکن پاکستان میں تو صورتحال خاص طور پر ابتر ہے۔ انہوں نے اس بارے میں بتایا کہ کئی دیگر مسلم ممالک، جیسے متحدہ عرب امارات، مصر اور لیبیا وغیرہ میں لڑکیوں کی بلوغت کی عمر اٹھارہ سال ہے، لیکن ہم ابھی تک 1929 کے قانون کو لے کر چل رہے ہیں۔ دس سال سے ایک بل منظور کرانے کی کوششیں جاری ہیں، جو ابھی تک کامیاب نہیں ہوسکیں۔ کم عمری کی شادی کا رواج پسماندہ علاقوں اور طبقات میں زیادہ اور تعلیم یافتہ اور خوشحال گھرانوں میں کم ہے۔ اس کے بڑے محرکات غربت، پسماندگی اور ناخواندگی بھی ہیں۔'' ذوالفقار راؤ کے مطابق پاکستان کا آئین کہتا ہے کہ کوئی بھی قانون شریعت کے منافی نہیں بن سکتا لیکن شریعت کی اپنی اپنی مگر باہم متضاد تشریحات کرنے والے مذہبی رہنما اجتہاد کے بجائے اپنی ہی سوچ کو پروان چڑھانا اپنا فرض سمجھتے ہیں، ''ہمارے ہاں اگر کوئی قانون بن بھی جاتا ہے، تو اس پر عمل درآمد نہیں ہوتا۔ اگر عمل ہو بھی جائے، تو سزا اور جرمانہ اتنے معمولی ہوتے ہیں کہ کوئی بھی سزا سے ڈرتا نہیں ہے۔'' انہوں نے اعداد و شمار کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ آج دنیا بھر میں سالانہ اٹھارہ برس سے کم عمر کی بارہ ملین بچیوں کی شادیاں کردی جاتی ہیں اور اگر یہی رجحان جاری رہا تو 2030ء تک ایسی لڑکیوں کی سالانہ تعداد 150 ملین سے تجاوز کر جائے گی، جن کو کم عمری میں ہی بیاہ دیا جاتا ہے۔

پاکستانی خواتین کی پیشہ ورانہ میدانوں میں کامیابی کا سفر جاری

پشپا کوہلی سندھ میں اقلیتی برادری سے صوبے کی پہلی پولیس افسر، زینب ملک خانیوال میں ایس ایچ او، حمیرا فرخ پہلی کرکٹ امپائر

میگزین رپورٹ

پاکستانی خواتین ہر شعبہ زندگی میں اپنا مقام بنا رہی ہیں۔ کھیلوں کے میدان ہوں یا فورسز کی ملازمتیں، تعلیم وادب، سول سروس، تجارت ہر میدان میں انہیں کامیابی مل رہی ہے۔ حال ہی میں سندھ کے شہر عمرکوٹ کی رہائشی پشپا کوہلی نہ صرف اپنے علاقے بلکہ پورے صوبے کی پہلی خاتون پولیس افسر منتخب ہوئی ہیں جن کا تعلق ہندو کمیونٹی سے ہے۔ عمرکوٹ کے گاؤں سارو کی پشپا پانچ بہن بھائیوں میں سب سے چھوٹی ہیں۔ انہوں نے ڈاؤ میڈیکل کالج کراچی سے ایمرجنسی میڈیکل کیئر میں گریجویشن کر رکھی ہے۔ وہ سول ہسپتال کراچی سے منسلک ٹراما سنٹر میں بطور میڈیکل سٹاف فرائض انجام دے رہی تھیں جب انہوں نے سنہ 2016 میں سندھ پبلک سروس کمیشن کے تحت پولیس میں بطور اسسٹنٹ سب انسپکٹر (اے ایس آئی) بھرتی ہونے کے لیے اپلائی کیا تھا۔ جب حتمی میرٹ لسٹ آویزاں ہوئی تو اس میں اپنا نام دیکھ کر پشپا کوہلی کی خوشی کی انتہا نہ رہی اور وہ یہ خوشخبری اپنے گھر والوں کو سنانے فوراً گاؤں روانہ ہوگئیں۔ وہ ہندو برادری کی پہلی خاتون کمیشنڈ افسر ہوں گی۔ پشپا شادی شدہ ہیں اور ان کے شوہر نارائن کراچی میں ایک نجی ادارے کے لیے بطور ویلفیئر افسر کام کرتے ہیں۔ پشپا کوہلی نے بتایا کہ ان کا تعلق جس برادری سے ہے اس میں عموماً بچیوں کو پڑھانے کا اتنا رواج نہیں لیکن ان کی والدہ ڈاکٹر ہیں اور ان کی خالہ بھی اعلیٰ تعلیم یافتہ ہیں، یہی سوچ کر انہوں نے اپنی بیٹیوں کو بھی اعلیٰ تعلیم دلوائی۔ پشپا کا کہنا تھا ان کے خاندان کے لیے یہ نہایت فخر کی بات ہے کہ وہ اپنی برادری کی پہلی خاتون ہیں جو پولیس میں بطور افسر بھرتی ہوں گی۔ یہ میرے ماں باپ کی محنت اور دعاؤں کا نتیجہ ہے کہ میں آج کامیابی کی سیڑھی پر چڑھی ہوں، میں ایک بہادر اور ایماندار پولیس افسر کی حیثیت سے اپنی شناخت بنانا چاہتی ہوں۔ پشپا کوہلی نے مزید کہا کہ ''اس دنیا میں کوئی بھی شخص اپنی ذات، رنگ یا نسل کی بنیاد پر نہیں جانا جاتا بلکہ وہ اپنے کردار اور اپنے کام سے جانا جاتا ہے۔'' انہوں نے اپنی خواہش کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ''میں چاہتی ہوں کہ میری برادری کی دیگر لڑکیاں بھی تعلیم حاصل کریں اور پاکستان کا نام روشن کریں جب پشپا کے شوہر نارائن سے پوچھا گیا کہ بیگم کے پولیس میں بھرتی ہونے کے بعد کیا ان کی زندگی میں کوئی تبدیلی آئے گی، تو انہوں نے بتایا کہ پشپا پہلے بھی نوکری کر رہی تھیں اور انہیں اہلیہ کی نوکری کرنے سے کوئی پریشانی نہیں۔ وہ اس بات پر بہت فخر محسوس کر رہے ہیں کہ ان کی اہلیہ پولیس افسر بنیں گی۔ کراچی پولیس کے ترجمان عادل نے کو بتایا کہ پولیس بھرتی کے لیے منتخب ہونے کے بعد اب پشپا کوہلی کو پولیس اکیڈمی سے ایک سال کی ٹریننگ حاصل کرنا ہوگی جس کے بعد انہیں کمیشن دیا جائے گا۔

ادھر ٹھٹھہ صادق آباد سمیت ضلع بھر میں 17 ایس ایچ اوز کے تبادلے کیے گئے، اس دوران ضلع خانیوال کی تاریخ میں پہلی بار ایک تھانے کا چارج خاتون سب انسپکٹر کے سپرد کردیا گیا ہے۔ تفصیل کے مطابق ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر خانیوال عمر سعید ملک کی ہدایت پر بنائی گئی کمیٹی نے انسپکٹر رانا ادریس ایس ایچ او سٹی خانیوال، سب انسپکٹر حسن آفتاب کیانی ایس ایچ او صدر خانیوال، خاتون سب انسپکٹر زینب ملک ایس ایچ او کہنہ، سب انسپکٹر ظفر اقبال ایس ایچ او مخدوم پور تعینات، سب انسپکٹر فرخ سجاد ایس ایچ او سٹی میاں چنوں، سب انسپکٹر شعبان خالد ایس ایچ او صدر میاں چنوں، انسپکٹر منور گجر ایس ایچ او تلمبہ، انسپکٹر فرحان فیصل ایس ایچ او سٹی کبیروالا تعینات، سب انسپکٹر اصغر انجم ایس ایچ او سرائے سدھو، انسپکٹر غلام مرتضیٰ ایس ایچ او عبدالحکیم، سب انسپکٹر صابر قریشی ایس ایچ او جہانیاں، انسپکٹر انصر جٹ ایس ایچ او حویلی کورنگا، انسپکٹر شوکت بلوچ ایس ایچ او صدر کبیروالا، سب انسپکٹر اخلاق احمد پی ایس او ٹو ڈی پی او خانیوال، سب انسپکٹر عمر شاہد او ایس آئی، سب انسپکٹر عدنان خورشید ایس ایچ او چھب کلاں اور سب انسپکٹر غلام مصطفیٰ سنگھیڑا کو ایس ایچ او ٹھٹھہ صادق آباد تعینات کرنے کی سفارش کردی جس پر عملدرآمد کرتے ہوئے سب انسپکٹر زینب کو ایس ایچ او بنادیا گیا ہے۔

خواب دیکھنا اور پھر اس کی تعبیر پالینا محض کہنے میں تو آسان لگتا ہے مگر عملی زندگی میں یہ کر دکھانا بہت مشکل ہوتا ہے۔ اسکول، کالج اور یونیورسٹی کی سطح پر کرکٹ کی مختلف سرگرمیوں میں حصہ لینے والی حمیرا فرخ کو پاکستان کرکٹ بورڈ کے ویمن ونگ کی پہلی بار خاتون امپائر بنایا گیا ہے۔ یہ ایک ایسا اعزاز ہے جو اب ان سے کوئی نہیں چھین سکتا۔ حمیرا اب تک 170 سے زائد کرکٹ میچز سپروائز کرچکی ہیں۔ قومی کھیل ہاکی کی خواتین ٹیم میں نمائندگی کا اعزاز حاصل کرنے والی یہ خاتون شخصیت گذشتہ 28 سال سے اسپورٹس ایڈمنسٹر بھی ہیں۔ لاہور گریژن یونی ورسٹی میں ڈائریکٹر سپورٹس کے عہدے پر فائز حمیرا فرخ سپورٹس سائنسز میں پی ایچ ڈی کی تعلیم بھی حاصل کر رہی ہیں۔ حمیرا فرح کا کہنا ہے کہ سال 2005 میں جب پہلی مرتبہ علم ہوا کہ پی سی بی ویمن ونگ کے قیام کا ارادہ رکھتا ہے تو اسی روز خاتون امپائر بننے کا فیصلہ کرلیا تھا۔ ان کا مزید کہنا تھا کہ میں نے اسی سال پی سی بی پینل 1 اور پینل 2 امپائرنگ کورسز مکمل کر کے باقاعدہ امپائرنگ کا آغاز کردیا۔ پاکستان کی پہلی خاتون کرکٹ امپائر بننا میرے لیے قابل فخر اعزاز ہے۔ انہوں نے کہا کہ مجھ سے پہلے کوئی خاتون پاکستان میں امپائرنگ کے شعبے میں نہیں آئی تھی، مگر اب تک 8 مزید خواتین پی سی بی امپائرنگ پینل کا حصہ بن چکی ہیں۔ حمیرا کو یقین ہے کہ وہ امپائرنگ میں پاکستان کی پہچان بنیں گی۔ 170 سے زائد ویمن میچز سپروائز کرنے والی خاتون امپائر آئی سی سی امپائرنگ پینل میں شامل علیم ڈار اور احسن رضا سے متاثر ہیں۔

ان کا کہنا ہے کہ وہ بھی امپائرنگ میں پاکستان کی پہچان بننے والے علیم ڈار اور احسن رضا کے نقشے قدم پر چلنے کی صلاحیت رکھتی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان میں خواتین کرکٹ کے مقابلوں کی تعداد میں اضافے سے خواتین امپائرز کو اپنی صلاحیتوں میں نکھار لانے کے مواقع میسر آئیں گے۔ لاہور سے تعلق رکھنے والی حمیرا فرح کا کہنا ہے کہ انہیں فخر ہے کہ وہ ملک میں بسنے والی دیگر خواتین کے لیے ایک رول ماڈل ہیں۔

دنیا کی متاثر کن شخصیات میں ملالہ نمایاں

عالمی انڈیکس رینکنگ کی جاری کردہ فہرست میں گزشتہ سال کی طرح اِس سال بھی وزیراعظم عمران خان اور ملالہ یوسف زئی فہرست میں شامل ہیں۔ عمران خان کا نام 17 ویں نمبر پر درج ہے جبکہ دُنیا کی قابلِ تعریف اور متاثر کن خواتین میں ملالہ یوسف زئی کا نام 6 نمبر پر ہے۔ عالمی انڈیکس رینکنگ میں گزشتہ سال کی طرح اِس سال بھی بل گیٹس کا نام سرفہرست ہے جبکہ دُنیا کی متاثر کن خواتین میں امریکا کی سابق خاتونِ اول اور سابق صدر باراک اوباما کی اہلیہ مشیل اوباما سرفہرست ہیں۔ واضح رہے کہ گزشتہ سال کی فہرست میں وزیراعظم عمران خان کا نام 20 ویں جبکہ ملالہ یوسف زئی کا نام 7 ویں نمبر پر درج تھا۔

منہ میں پانی بھر دینے والے پکوان

میگزین رپورٹ

کسی بھی ملک یا خطے کے پکوان وہاں کے عوام اور مقامات کے تنوع کی عکاسی کرتے ہیں۔ پاکستان میں بھی گوشت، سبزی، میٹھا، مٹھائیاں، پکوڑے یا سموسے سے لے کر ہر طرح کے پکوان شوق سے کھائے جاتے ہیں اور ہر طرح کا ذائقہ دریافت کیا جاسکتا ہے۔ یہاں پاکستان کے چند ایسے کھانوں کے بارے میں بتایا جارہا ہے جو منہ میں پانی لانے کے لیے کافی ہیں۔

کڑھی: بیسن اور دہی سے بننے والے اس لذیذ سالن کے درمیان موجود پکوڑے اس کا لطف دوبالا کر دیتے ہیں۔ راجستھانی، مارواڑی، گجراتی، سندھی، اور پنجابی، سب ہی اپنے اپنے مخصوص ذائقوں کی کڑھی بناتے ہیں۔ ان تمام میں رنگت اور ذائقوں کا تھوڑا بہت فرق ہوتا ہے، لیکن بنیادی اجزاء ایک ہی رہتے ہیں۔



قیمہ: قیمہ لذیذ اور مصالحے دار ہوتا ہے، جو کہ پاکستان کے گھرانوں کا مشترکہ پسندیدہ پکوان بھی سمجھا جاسکتا ہے۔ قیمہ خالص شکل میں یا سبزیوں کے ساتھ اس کی موجودگی پسندیدہ اسٹریٹ فوڈ بھی ہے اور پاکستان بھر کے گلیوں کے ڈھابوں اور ریسٹورنٹس کے مینو میں اسے آرام سے دریافت کیا جاسکتا ہے۔ کھڑے مصالحے کا قیمہ تو اپنے ذائقے کی وجہ سے ہر کسی کے دل کو جیت لیتا ہے۔

مٹن کڑاہی گوشت: شنواری اور آفریدی قبائل اس خطے کے باسی ہیں اور اسے ہی بالٹی یا کڑاہی گوشت کا تاریخی گھر بھی تصور کیا جاتا ہے۔ مٹن کڑاہی بکرے یا بھیڑ کے گوشت کے چھوٹے ٹکڑوں پر مشتمل ہوتی ہے، جسے ٹماٹروں، سبز مرچ، نمک اور ترجیحاً جانور کی چربی میں ہی پکایا جاتا ہے۔ تازہ گوشت پکانے کے لیے چربی کی تہہ فراہم کرتا ہے اور اسے براہ راست کڑاہی میں گرما گرم نانوں کے ساتھ پیش کیا جاتا ہے۔

شامی کباب: شامی کباب پاکستان میں چائے کی ٹرالی کا شہنشاہ ہے، چاہے یہ عید کا موقع ہو یا کسی دوست کی آمد، یہ لذیذ سوغات ہمیشہ ہی گرما گرم لوازمہ ثابت ہوتی ہے۔ گرم مسالے، سرخ مرچ اور سبز مرچوں کے ساتھ یہ کباب نہ صرف چائے کا مزہ دوبالا کرتے ہیں بلکہ گفتگو کی چاشنی بھی بڑھ جاتی ہے۔

طاہری: دھنیا پودینہ، چٹنی اور سرکے میں ڈوبی کٹی ہوئی پیاز کے ساتھ طاہری کی سادہ اچھائی کا کوئی جواب نہیں۔ یہ مزیدار ہوتی ہے، اسے بنانے میں جیب پر بوجھ بھی نہیں پڑتا جبکہ یہ جسم اور روح کو مناسب حد تک غذائیت بھی فراہم کرتی ہے اور یہ کہنے کی ضرورت نہیں کہ یہ اتنی مصالحے دار ضرور ہوتی ہے کہ دیسی پکوانوں کے شوقین کو مطمئن کر دیتی ہے۔

بہاری کباب: بہاری کباب گوشت کے ٹکڑوں سے پکایا جاتا ہے، جو انتہائی لذیذ اور منہ میں گھل جانے والی چیز ہے جسے دہی، مصالحوں، اور گوشت گلانے والے پپیتے کے ساتھ تیار کیا جاتا ہے۔ گوشت گلانے کے لیے کباب چینی، خشخاش، جائفل اور پپیتے کا استعمال اسے بے حد نرم بنادیتا ہے۔

چیف ایڈیٹر میاں محمد فیاض
روزنامہ قوت لاہور

صنعت وتجارت نیوز

معیشت نامہ

الیکشن کمیشن آف پاکستان نے خواتین کے ووٹ کے حقوق کے تحفظ کے لیے خصوصی اقدامات کئے ہیں

خواتین 8300 پر اپنا شناختی کارڈ نمبر میسیج کرکے اپنے ووٹ کی تصدیق کرسکتی ہیں اور خواتین کے ووٹ کا اندراج ترجیحی بنیادوں پر کیا جارہا ہے

حافظ آباد (نمائندہ خصوصی) الیکشن کمیشن آف پاکستان نے خواتین کے ووٹ کے حقوق کے تحفظ کے لیے خصوصی اقدامات کئے ہیں۔ خواتین 8300 پر اپنا شناختی کارڈ نمبر میسیج کر کے اپنے ووٹ کی تصدیق کرسکتی ہیں اور خواتین کے ووٹ کا اندراج ترجیحی بنیادوں پر کیا جارہا ہے۔ ان خیالات کا اظہار ارفہ اصغر الیکشن آفیسر حافظ آباد نے شاہ حسین ریجنل نیٹ ورک کی ممبر تنظیموں دیہی ترقیاتی کونسل اور مہک ویلفیئر سوسائٹی کی طرف سے خواتین کے عالمی دن کے موقع پر منعقدہ تقریب میں کیا۔ تقریب میں اسٹنٹ صنعت زار ناصر حسین نے کہا کہ سوشل ویلفیئر ڈیپارٹمنٹ خواتین کی بہبود کے لیے ہر وقت کوشاں ہے۔ خواتین کو ہنر مند بنایا جارہا ہے اور سوشل ویلفیئر کے بہت سے ادارے خواتین کو سہولیات فراہم کر رہے ہیں۔ ڈاکٹر نذر حسین کھوکھر کوآرڈینیٹر سنگت ڈویلپمنٹ فاؤنڈیشن نے خواتین کے حقوق کے حصول کے لیے شناختی کارڈ کی اہمیت پر روشنی ڈالی اور کہا کہ خواتین کے عالمی دن کے موقع پر خواتین کو ان کے حقوق بارے آگاہی دی جانی چاہیے۔ سوشل ورکر راحت ایوبی بٹ سابقہ ہیڈ مسٹریس نے کہا کہ عورت کو جو مقام اسلام نے دیا ہے، اس سے پہلے کسی مذہب نے نہیں دیا۔ سوشل ورکر نگہت خان نے کہا کہ خواتین کا عالمی دن منانا اچھی بات ہے، اس میں خواتین کو بھی ہمت سے کام لینا چاہیے۔ جب تک خواتین خود میدان میں نہیں آئیں گی ان کو حقوق نہیں ملیں گے۔ سوشل ورکر عطیہ بتول نے کہا کہ خواتین کے عالمی دن کے موقع پر خواتین کے حقوق بارے آگاہی پروگرام ضروری ہیں۔ طارق رشید چودھری صدر مہک ویلفیئر سوسائٹی اور رشید احمد بھٹی نے بھی خطاب کیا اور تقریب میں شرکت کرنے والی خواتین کا شکریہ بھی ادا کیا۔

مریم نواز شریف نے اپنی قائدانہ صلاحیتوں کا لوہا منوایا ہے: رانا ممتاز

مریم نواز شریف کی عوامی فلاح و بہبود کی خدمات کو نہ صرف پاکستان بلکہ بیرونی دنیا میں بھی خوب سراہا جارہا ہے

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے ضلعی رہنما و امیدوار این اے 115 رانا ممتاز محمود مون خاں نے کہا ہے کہ مریم نواز شریف نے بطور وزیر اعلیٰ پنجاب اپنی قائدانہ صلاحیتوں کا لوہا منوایا ہے ان پر صوبہ کے ہر فرد کو فخر اور ناز ہے مریم نواز شریف کی عوامی فلاح و بہبود کی خدمات کو نہ صرف پاکستان بلکہ بیرونی دنیا میں بھی خوب سراہا جارہا ہے جس سے پاکستان کا وقار بلند ہونے سمیت جمہوری عمل میں خواتین کا کردار مزید فعال ہوا ہے، مریم نواز شریف حقیقی معنوں میں آئرن لیڈی آف پاکستان ہیں مشکل وقت میں پارٹی اور والد کے ساتھ کھڑی رہیں اور اب پنجاب کے عوام کی تقدیر بدلنے اور صوبہ کی ترقی و خوشحالی کیلئے برسر پیکار ہیں، وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کا مستحق گھرانوں کو رمضان المبارک کے دوران گھر گھر راشن پہنچانا نہایت قابل تحسین اقدام ہے جسے جتنا سراہا جائے کم ہے۔ ان شاء اللہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز کی قیادت میں پنجاب ترقی کی منازل تیزی سے طے کرتا رہے گا رمضان المبارک میں چوروں اور ذخیرہ اندوزوں کا سختی سے محاسبہ کیا جارہا ہے عوام کا استحصال کرنے والوں سے کوئی رعایت نہیں برتی جائے گی، (ن) لیگ کی قیادت عملی عوامی خدمت پر یقین رکھتی ہے اور عوام کی فلاح و بہبود کا مشن پہلے سے بڑھ کر تیزی سے جاری رکھا جائیگا اور عوام سے جو وعدے کیے ہیں انہیں مقررہ مدت میں پورا کرنے میں کوئی کسر اٹھا نہ رکھی جائے گی۔

بنوں دھماکے کی شدید مذمت کرتے ہیں، بے گناہ اور معصوم قیمتی جانوں کی شہادت پر افسوس ہے: علماء کرام

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) بنوں دھماکے کی شدید مذمت کرتے ہیں، بے گناہ اور معصوم قیمتی جانوں کی شہادت پر افسوس ہے علما کرام کا اجلاس کے دوران خطاب تفصیلات کے مطابق امیر اتحاد علمائے دیوبند ضلع چنیوٹ مولانا قاری عبدالحمید حامد، جنرل سیکرٹری مولانا سیف اللہ خالد، ایم پی اے مولانا محمد الیاس چنیوٹی سرپرست اتحاد علمائے دیوبند ضلع چنیوٹ، مولانا توصیف احمد، مولانا محمد مغیرہ، مولانا فیض اللہ خان، مولانا محمد ہارون، مولانا فیض احمد سلیمی، مولانا ملک طاہر حسین، پیر عابد علی نقشبندی، مولانا محمد عمیر صفدر، مفتی لعل جوہر، مولانا ضیاء الحق چنیوٹی، حافظ محمد رضوان، قاری محمد کامران حیدر، مولانا جنید عمر، مولانا عمر عثمان و دیگر نے بنوں دھماکے کی مذمت کرتے ہوئے کہا کہ بے گناہ شہریوں پر حملہ کرنے والے پاکستان اور اسلام کے دشمن ہیں، دہشت گردوں کو کھلی چھوٹ دے دی گئی ہے وہ جب چاہتے ہیں کسی پر حملہ آور ہوجاتے ہیں، حالیہ دہشت گردی کے واقعات پر سنجیدگی سے غور کیا جائے اور صرف وقتی اقدامات نہ کیے جائیں بلکہ حقیقی سد باب کیا، قانون نافذ کرنے والے ادارے اپنی ذمہ داریاں پوری کریں، متاثرہ خاندانوں کے دکھ درد میں برابر کے شریک ہیں۔

ڈی پی او اوکاڑہ محمد راشد ہدایت کا سخت ایکشن

ضلع بھر سے 128 پولیس اہلکاروں نے بذریعہ ویڈیو لنک اور فزیکل شرکت کی

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) ڈی پی او اوکاڑہ محمد راشد ہدایت کا سخت ایکشن پانچ اہلکاروں کو نوکری سے برخاستگی جبکہ 98 کو دیگر سزائیں گئیں اردل روم میں ضلع بھر سے 128 پولیس اہلکاروں نے بذریعہ ویڈیو لنک اور فزیکل شرکت کی ڈی پی او اوکاڑہ محمد راشد ہدایت نے مسلسل غیر حاضری پر سب انسپکٹر عمران فیصل، کانسٹیبل شہباز، کانسٹیبل محمد اسلم، کانسٹیبل تنویر کو نوکری سے برخاستگی کی سزائیں دیں کانسٹیبل سلامت علی کو بھی نوکری سے برخاست کر دیا گیا 03 انسپکٹر، 03 سب انسپکٹر سمیت 10 کانسٹیبلان کو سروس کی کٹوتی کی سزائیں دیں 01 سب انسپکٹر سمیت 09 کانسٹیبلان کو سپیشل ڈیوٹی سے غیر حاضر ہونے پر تنخواہ کی کٹوتی کی سزائیں دی گئی۔ ناقص تفتیش پر 02 سب انسپکٹر سمیت 33 اہلکاروں کو ایک سال سروس ضبطگی کی سزائیں دیں 39 اہلکاروں کو جرمانہ کی سزائیں بھی دی گئیں۔

کلیم اللہ بٹ کے بھانجے اطہر بٹ کی دعوت ولیمہ

شعبہ صحافت سے منسلک افراد سمیت عزیز و اقارب، دوست احباب کی بھرپور شرکت

سمندری (تحصیل رپورٹر) کلیم اللہ بٹ کے بھانجے اطہر بٹ کی دعوت ولیمہ، شعبہ صحافت سے منسلک افراد سمیت عزیز و اقارب، دوست احباب کی بھرپور شرکت، تفصیلات کے مطابق چیف ایڈیٹر روزنامہ نئی زندگی فیصل آباد سینئر صحافی کلیم اللہ بٹ کے بھانجے فرینڈز میڈیا کے دلنواز بٹ کے چھوٹے بھائی اطہر بٹ کی دعوت ولیمہ میں سینئر صحافی محمد احمد کمبوہ، سینئر صحافی عرفان ادریس بٹ، سابق جنرل سیکرٹری سمندری پریس کلب محمد اعظم رضا راول، پیرزادہ عبید الرحمن الٰہی سمیت عزیز و اقارب اور دوست احباب نے شرکت کی، شرکاء نے اس موقع پر اطہر بٹ شادی کی مبارکباد پیش کرتے ہوئے نئے جوڑے کیلئے نیک خواہشات کا اظہار کیا

ٹریفک حادثہ حادثات سے بچاؤ کے سلسلہ میں ہیلمٹ تقسیم کرنے کے لیے تقریب کا انعقا

اسسٹنٹ کمشنر یوٹی رب دینو میتلو نے ڈی ایس پی ٹریفک محمد دانش کے ہمراہ سکول کے طالب علموں میں مفت ہیلمٹس تقسیم کیے

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) ڈی پی ایس اینڈ کالجز میں ٹریفک حادثہ حادثات سے بچاؤ کے سلسلہ میں ہیلمٹ تقسیم کرنے کے لیے تقریب کا انعقاد، اسسٹنٹ کمشنر یوٹی رب دینو میتلو نے ڈی ایس پی ٹریفک محمد دانش کے ہمراہ سکول کے طالب علموں میں مفت ہیلمٹس تقسیم کیے، اس موقع پر پرنسپل ڈی پی ایس اینڈ کالج ثروت حسن، سکول انتظامیہ واساتذہ سمیت طالب علموں کی کثیر تعداد بھی موجود تھی، اسسٹنٹ کمشنر نے کہا کہ انسانی جان خدا باری تعالیٰ کا عظیم تحفہ ہے، اس کی حفاظت کے لیے خصوصی اقدامات اٹھانا ہم پر فرض ہے، ٹریفک حادثات کے دوران لاپرواہی کے باعث بہت سی قیمتی جانیں ضائع ہوجاتی ہیں، موٹر سائیکل سوار ہیلمٹ پہن کر ایسے جان لیوا حادثات میں بچاؤ ممکن بنا سکتے ہیں، انہوں نے ڈی پی ایس اینڈ کالجز کے طلبہ طالبات کو تاکید کرتے ہوئے کہا کہ موٹر سائیکل کی سواری کے دوران ہیلمٹ ضرور پہنیں اور ڈرائیونگ کے دوران اپنی زندگی کو محفوظ بنائیں۔

کوٹ رادھا کشن: MNA ملک رشید احمد خاں وفاقی وزیر مملکت منتخب

کوٹ رادھا کشن (نامہ نگار) کوٹ رادھا کشن: MNA ملک رشید احمد خاں وفاقی وزیر مملکت منتخب۔ مین بازار نہر والے پل پر مسلم لیگ ن کے عہدیداران، اور جیالوں نے آتش بازی کی اور بھنگڑے ڈالے۔ تفصیلات کے مطابق، MNA ملک رشید احمد خاں کو وفاقی وزیر مملکت منتخب ہونے پر مین بازار نہر والے پل پر مسلم لیگ ن کے عہدیداران، اور جیالوں نے آتش بازی کی، اور بھنگڑے ڈالے گئے اس موقع پر انفارمیشن سیکرٹری مسلم لیگ ضلع قصور رؤف نواب چوہدری، سٹی صدر ناصر غوری، سابقہ چیئرمین خالد بھٹی جاپانی، صدر انجمن تاجران آل پاکبازار چوہدری ارشاد اسلم خاں، جنرل سیکرٹری تحصیل کوٹ رادھا کشن مسلم لیگ ن چوہدری جمشید اسلم خاں، ممبر امن کمیٹی میاں خالد سیف اللہ، اور صدر پریس کلب شوکت الرحمٰن خاں نے مبارکباد پیش کی اور نیک خواہشات کا اظہار کی۔

رمضان نگہبان پیکج: رقم نکلوانے پر کٹوتی کرنیوالوں کیخلاف مقدمہ درج

چچن آباد (چوہدری محمد مقصود سے) چچن آباد میں وزیر اعلیٰ مریم نواز کے رمضان نگہبان پیکج کو ناکام بنانے کی کوشش ناکام بنا دی گئی رمضان نگہبان پیکج کے پیارڈر کی رقم بذریعہ ریٹیلر نکلوانے پر کٹوتی کرنے پر مقدمہ درج کرلیا گیا، رمضان نگہبان پیکج کی بے ضابطگی پر چچن آباد میں پہلا مقدمہ درج کرلیا گیا ہے، تفصلات کے مطابق اسسٹنٹ کمشنر نشتر رحمان لودھی نے فرحان فرنچائز کے ڈیوائس پر آپریٹر عبد الطیف کے خلاف یاور سلیم نامی مستحق کی شکایت پر کارروائی کی ڈیوائس آپریٹر مستحقین سے 300 روپے فی کس کی کٹوتی کر رہا تھا ڈیوائس قبضہ میں لے کر مقدمہ کے اندراج کے بعد ملزم حوالات میں بند کر دیا گیا نشتر رحمان لودھی اسسٹنٹ کمشنر نے میڈیا نمائندگان کو بتایا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب کے رمضان نگہبان پیکج میں کسی صورت بدعنوانی برداشت نہیں کی جائے گی اور ایسا کرنے والے عناصر یا مافیا کے خلاف سخت قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی

ریڈر اردو گرامر سکول بائی پاس بھلوال کے سالانہ امتحانات کے رزلٹ کی ایک تقریب منعقد ہوئی

بھلوال (تحصیل رپورٹر) ریڈر اردو گرامر سکول بائی پاس بھلوال کے سالانہ امتحانات کے رزلٹ کی ایک تقریب منعقد ہوئی جس میں مہمان خصوصی

READER GRAMMAR SCHOOL
BHALWAL CAMPUS

عامر ضمیر شاہ۔ میڈیم افضالہ نورین پرنسپل ریڈر کالج بھلوال اور صدر وسیم مختار سیکرٹری عمران ارشد بار بھلوال رانا جاوید اختر صدر پوڑی نے شرکت کی اور طالب علموں میں شیلڈ تقسیم کی گئی اور طالب علموں کی حوصلہ افزائی کی گئی

غیر قانونی پٹرول فروخت کرنے، غیر قانونی دوکانیں تعمیر کرنے اور دیسی شراب برآمد ہونے پر مقدمات درج

ڈسکہ (تحصیل رپورٹر/نمائندہ خصوصی) غیر قانونی پٹرول فروخت کرنے، غیر قانونی دوکانیں تعمیر کرنے اور دیسی شراب برآمد ہونے پر مقدمات درج۔ تھانہ موترہ کے علاقہ جامکے چیمہ میں زین غیر قانونی پٹرول فروخت کرتے پکڑا گیا، موترہ ملزم فاروق تعمیر کمرشل دوکانیں غیر قانونی بغیر نقشہ تعمیر کر رہا تھا جبکہ تھانہ موترہ کے اڈا پیرو چک میں خرم مسیح سے 15 لٹر دیسی شراب برآمد مقدمات درج کرلئے گئے۔

واردات کی نیت سے بیٹھے تین ملزمان اسلحہ سمیت گرفتار

ڈسکہ (تحصیل رپورٹر/نمائندہ خصوصی) واردات کی نیت سے بیٹھے تین ملزمان اسلحہ سمیت گرفتار جبکہ بوگس چیک دینے پر مقدمہ درج تھانہ سٹی کے علاقہ سبزی منڈی کے قریب واردات کی نیت سے بیٹھے ملزمان فرحان پسٹل 30 بور فیصل پسٹل 30 بور اور عمران سڑک کنارے سے گرفتار جبکہ تھانہ سٹی کے علاقہ بینک روڈ محمد منور نے ملزمہ شبانہ کو مکان خریدنے کیلئے 000,800,10 روپے ادھار دیے جب اس نے رقم کا مطالبہ کیا تو اس نے بوگس چیک دے دیا سٹی پولیس نے مقدمہ درج کرلیا

ڈی ایچ کیو ہسپتال کی ہیلتھ کونسل کا اجلاس منٹگمری ہال میں منعقد ہوا

اجلاس میں سی ای او ہیلتھ ڈاکٹر اظہر نقوی، ڈی ایچ او ڈاکٹر محمد شہزاد اور ایم ایس ڈاکٹر محمد سلیم گوندل سمیت دیگر ممبران نے شرکت کی

ساہیوال (مہر اے ڈی نسیم سپرا سے) ڈپٹی کمشنر شاہد محمود کی زیر صدارت گورنمنٹ حاجی عبدالقیوم ڈی ایچ کیو ہسپتال کی ہیلتھ کونسل کا اجلاس منٹگمری ہال میں منعقد ہوا جس میں سی ای او ہیلتھ ڈاکٹر اظہر نقوی، ڈی ایچ او ڈاکٹر محمد شہزاد اور ایم ایس ڈاکٹر محمد سلیم گوندل سمیت دیگر ممبران نے شرکت کی۔ اجلاس کے دوران ہسپتال میں فراہم کی جانے والی طبی سہولیات، مریضوں کو درپیش مسائل اور سہولیات کی بہتری کے لیے مختلف تجاویز پر غور کیا گیا۔ ڈپٹی کمشنر نے ہسپتال میں جاری ترقیاتی کاموں کا جائزہ لیتے ہوئے ان کی بروقت تکمیل کی ہدایت کی۔ انہوں نے مریضوں کے علاج معالجے میں مزید بہتری لانے اور جدید طبی سہولیات کی فراہمی کو یقینی بنانے پر بھی زور دیا۔ اجلاس میں مریضوں کو معیاری طبی سہولیات کی فراہمی کے لیے مختلف عملی اقدامات پر تبادلہ خیال کیا گیا اور مستقبل کے لائحہ عمل پر غور کیا گیا۔ دریں اثنا منٹگمری ہال میں ڈپٹی کمشنر شاہد محمود کی زیر صدارت سینٹرل جیل ساہیوال اور ہائی سیکیورٹی پریزن ساہیوال کی ہیلتھ کونسلز کا اجلاس منعقد ہوا۔

وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز کا رمضان پیکیج عوامی ہے: اظہر حمید بھٹی

ماہ صیام میں سہولت بازار و امدادی چیکس مستحسن عمل ہے، بیرسٹر ابو بکر بھٹی



سیالکوٹ (خواجہ عامر جاوید) رمضان المبارک کے موقع پر شہریوں کیلئے سستے رمضان سہولت بازاروں کا قیام اور مستحق خاندانوں میں حکومت پنجاب کیجانب سے 10 ہزار روپے کے امدادی چیکس کی تقسیم عوامی وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کا مستحسن عمل ہے۔ مہنگائی کے دور میں عام آدمی کیلئے حکومت پنجاب جس قدر انسان دوست پالیسیوں پر عمل پیرا ہے اس کی مثال ملک کے دیگر صوبوں میں نہیں ملتی۔ ان باتوں کا اظہار معروف صنعتکار و سیاسی رہنما اظہر حمید بھٹی اور معروف زمانہ سانز لے پرائیویٹ انٹرنیشنل کے ڈائریکٹر بیرسٹر ابو بکر اظہر بھٹی نے اپنے جاری میڈیا بیان میں کیا۔ انہوں نے کہا کہ پنجاب بھر میں روڈ انفراسٹرکچر میں بہتری کیلئے ترقیاتی منصوبوں کا جال بچھایا جا چکا ہے۔ اظہر حمید بھٹی نے مزید کہا کہ وزیر اعظم پاکستان میاں محمد شہباز شریف اور وزیر اعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نواز شریف قائد پی ایم ایل این میاں محمد نواز شریف کے ویژن پر عمل پیرا عوام دوست منصوبوں پر عمل پیرا ہیں جو ملکی استحکام و ترقی اور عوام کیلئے ہیں۔

سیالکوٹ میں تجاوزات کیخلاف آپریشن جاری ہے: ملک اعجاز حسین

پیرس روڈ پر ناجائز تجاوزات مسمار کیں: ڈی اوپی عمر فاروق

سیالکوٹ (قوت بیورو خواجہ عامر جاوید) چیف آفیسر میونسپل کارپوریشن سیالکوٹ ملک اعجاز حسین کی زیر نگرانی انچارج انکروچمنٹ سیل میونسپل کارپوریشن سیالکوٹ مستنصر بلو خان و انسپکٹر انکروچمنٹ عمر شہزاد کا عملہ انکروچمنٹ کے شہر کے وسطی بازاروں کے بعد پیرس روڈ پر ناجائز تجاوزات مافیا کیخلاف گرینڈ اپریشن کیا۔ اس موقع پر ڈسٹرکٹ آفیسر پلاننگ اینڈ ڈویلپمنٹ عمر فاروق بھی ان کے ہمراہ تھے انہوں نے کہا کہ گنجان آباد وسطی بازاروں تحصیل بازار، لہائی بازار، شہاپورہ روڈ کے بعد پیرس روڈ، ڈیفنس روڈ، کشمیر روڈ سیالکوٹ سمیت روڑس روڈ موڑ ناجائز تجاوزات کیخلاف آپریشن کرتے ہوئے برلب سڑک وفٹ پاتھ کنکریٹ، ریڑھی و چھپر بھاری مشینری سے مسمار کیں۔ انہوں نے کہا کہ ایڈمنسٹریٹر سیالکوٹ محمد اقبال سنگھیڑہ کے حکم پر اینٹی انکروچمنٹ آپریشن کامیابی سے جاری ہے۔

ڈینگی وائرس کے خاتمے کیلئے سرگرم عمل ہیں۔ محمد خالد وسیم ایڈووکیٹ

سیالکوٹ (قوت بیورو خواجہ عامر جاوید) صدر ماڈل ٹاؤن سوسائٹی محمد خالد وسیم ایڈووکیٹ نے کہا ہے کہ ڈینگی وائرس کے خاتمے کیلئے احتیاطی تدابیر پر عمل پیرا ہے ماڈل ٹاؤن سوسائٹی فیز ون اور فیز ٹو میں کوئی بھی ڈینگی وائرس کا کیس سامنے نہیں آیا کیونکہ صفائی کے نظام کو بہتر سے بہتر بنایا جارہا ہے گھروں کے باہر اور ارد گرد پانی کھڑا نہیں ہونے دیا جاتا کیونکہ مچھروں کو انڈے دینے کا موقع نہیں ملتا ہے اور جہاں پر مچھروں کی نشوونما نہیں ہوتی ہے وہاں پر ڈینگی کے خدشات نہیں ہوتے ان خیالات کا اظہار انہوں نے سیکرٹری کوآپریٹو پنجاب کی ہدایات پر محمد اعظم اسسٹنٹ رجسٹرار سیالکوٹ کے ہمراہ مختلف شاہراہوں پر پمفلٹ تقسیم کرنے، پارکوں کا قبرستان اور دیگر جگہوں کے وزٹ کے دوران گفتگو کرتے ہوئے کیا اس موقع پر اسسٹنٹ رجسٹرار سیالکوٹ محمد اعظم نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ماڈل ٹاؤن سوسائٹی میں صفائی کا نظام بہت بہتر ہے درختوں کی کٹائی بروقت ہورہی ہے کسی جگہ پر کوئی گڑھا نہیں ہے اور نہ ہی پانی کھڑا ہو رہا ہے جس سے ڈینگی وائرس کی افزائش ممکن نہیں ہے ڈینگی وائرس کے خاتمے کے لیے سموگ مشین کے ذریعے سپرے کروائی جا رہی ہے۔

ازواج مطہرات اور بنات رسول خواتین عالم کیلئے نمونہ عمل ہیں

عالمی استعمار نے عورت کی آزادی کے نام پر بربادی کا سامان کیا: محمد اکبر نقشبندی

گوجرانوالہ (رانا ظفر اقبال) سنی اتحاد کونسل کے صوبائی سیکرٹری اطلاعات الحاج مولانا محمد اکبر نقشبندی نے کہا ہے کہ ازواج مطہرات اور بنات رسول خواتین عالم کیلئے نمونہ عمل ہیں، جنہوں نے خواتین کی تربیت اور مثالی معاشرے کیلئے راہنما اصول مرتب کیئے۔ عالمی استعمار نے عورت کی آزادی کے نام پر بربادی کا سامان کیا۔ ازواج مطہرات اور بنات رسول کی سیرت و کردار دنیائے نسوانیت کیلئے منبع رشد و ہدایت ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے ام المومنین حضرت سیدہ خدیجۃ الکبریٰ اور خاتون جنت حضرت سیدہ فاطمۃ الزہرا کی یاد میں منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر ڈویژنل صدر الحاج سرفراز احمد تارڑ، پیر سید فدا حسین شاہ حافظ آبادی، صاحبزادہ محمد نعمان صدیقی، حافظ عدیل عارف، علامہ محمد عمر صدیقی اور دیگر نے خطاب کیا۔ انہوں نے کہا کہ مسلمان خواتین مغرب کی نقالی نہ کریں ازواج مطہرات اور بنات رسول کی سیرت اپنائیں جن کے افکار کی خوشبو قیامت تک دماغ کو معطر کرتی رہے گی۔ آپ کی کتاب حیات دختران اسلام کیلئے نصاب نجات ہے۔

CRIME
& COURT

جرم و سزا

رمضان شریف کا مہینہ بڑی عظمت و برکت والا ہے، سردار مبشر حیات گجر

رمضان المبارک کا مقدس مہینہ ہمیں خود احتسابی اور خوف خدا کا درس دیتا ہے، بیان

سمندری (تحصیل رپورٹر) معروف سماجی و سیاسی شخصیت رہنما پاکستان تحریک انصاف سردار مبشر حیات گجر نے اپنے ایک بیان میں کہا کہ رمضان المبارک کا مقدس مہینہ ہمیں خود احتسابی اور خوف خدا کا درس دیتا ہے پھر بھی ہمارے تاجر حضرات کتنے نادان ہیں جو اپنی لالچ و حرص کیلئے مخلوق خدا کیلئے مشکلات پیدا کرتے ہیں رمضان شریف کا مہینہ بڑی عظمت و برکت والا ہے جس میں ہمارے مسلمان تاجر اور دوکاندار حضرات اشیاء ضروریہ کی بلا جواز قیمتیں بڑھا کر اپنی آخرت کو نا جانے کیوں تباہ کر لیتے ہیں لیکن بدقسمتی سے ہمارے ملک میں ضمیر فروش اشرافیہ اور ناجائز منافع خور مافیا رمضان شریف کو اپنی کمائی کا ذریعہ بنا لیتے ہیں۔ مزید کہا کہ ماہ صیام کے مہینے میں ہمیں امت مسلمہ کیلئے آسانیاں پیدا کرنے کیلئے اپنا بھرپور کردار ادا کرنا چاہیے۔

سرعام کھلے ہوٹلوں پر رمضان المبارک کی بے حرمتی، انتظامیہ خاموش

چھانگا مانگا (میاں شفیق احمد) چھانگا مانگا اور گردونواح میں سرعام کھلے ہوٹلوں پر رمضان المبارک کے مقدس مہینے کی بے حرمتی کی جانے لگی انتظامیہ خاموش تماشائی بنی ہوئی ہے تفصیلات کے مطابق چھانگا مانگا اور اس کے گردونواح میں رمضان المبارک کے مقدس مہینے میں ناشتہ اور کھانے کے ہوٹلوں پر کھلم کھلا خرید و فروخت اور کھانا پینا جاری ہے انتظامیہ خاموش تماشائی بنی ہوئی ہے کسی کو کوئی پوچھنے والا نہیں سرعام رمضان المبارک کے مقدس مہینے کی بے حرمتی کی جانے لگی جگہ جگہ ہوٹلوں اور بازاروں میں لوگ کھاتے پیتے نظر آتے ہیں اس مقدس مہینے کا احترام فرض ہے لیکن لوگ خواب غفلت میں پڑے ہوئے ہیں اور دوسری طرف انتظامیہ نے بھی کھلی چھوٹ دے رکھی ہے اہل علاقہ کی ڈی سی قصور اور وزیر اعلیٰ پنجاب سے پرزور اپیل ہے کہ ان بے ادب عناصر کے خلاف سخت سے سخت کارروائی کی جائے تاکہ رمضان المبارک کے مقدس مہینے کا احترام برقرار رکھا جاسکے۔

پولیس افسران کیلئے جدید آئی ٹی ٹولز ورکشاپ کا انعقاد کیا گیا

پولیس افسران کی پیشہ وارانہ صلاحیتوں میں نکھار پیدا کرنے کیلئے عملی اقدامات کا سلسلہ جاری ہے



چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب ڈاکٹر عثمان انور کے وژن کے مطابق پولیس افسران کی پیشہ وارانہ صلاحیتوں میں نکھار پیدا کرنے کیلئے عملی اقدامات کا سلسلہ جاری ہے۔ پولیس افسران کیلئے جدید آئی ٹی ٹولز سے شناسائی اور مہارت حاصل کرنے کیلئے ڈی پی او دفتر میں تربیتی ورکشاپ کا انعقاد کیا گیا۔ تربیتی ورکشاپ میں ڈی پی او عبداللہ احمد، ڈی ایس پی، ایس ایچ او و دیگر تفتیشی افسران نے شرکت کی۔ انفارمیشن ٹیکنالوجی کے ماہرین نے مختلف موضوعات پر پولیس افسران کو تفصیلی لیکچر دیا۔ پولیس افسران کو سی ڈی آر سی ڈی آر ڈیٹا اینالسس کے حوالے سے بریفنگ دی گئی۔ پولیس افسران کو لوکیشن، جیو فینسنگ، جیو فینسنگ اینالسز، کرائم میپنگ کے حوالے سے تفصیلاً آگاہی دی گئی۔ وارداتوں پر قابو پانے اور جرائم پیشہ عناصر کو نکیل ڈالنے کیلئے آئی ٹی ٹولز کے موثر استعمال کے حوالے سے بریفنگ دی گئی۔ ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر عبداللہ احمد نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ جدید ٹیکنالوجی سے استفادہ حاصل کرتے ہوئے امن و امان کے قیام، جرائم پیشہ عناصر کی بیخ کنی میں مدد ملے گی۔ پولیس افسران کی پیشہ وارانہ استعداد کار بڑھانے کیلئے ایسے کورسز کا سلسلہ جاری رہے گا۔

پٹرولنگ پولیس پوسٹ گلوٹیاں موڑ ڈسٹرکٹ سیالکوٹ کی بڑی کارروائی

واردات کے دوران کار چھیننے والے تین کس ڈکیت اسلحہ سمیت پٹرولنگ پولیس کے شکنجے میں۔ ملزمان کے قبضہ سے واردات کے دوران چھینی ہوئی کار اور اسلحہ برآمد



ڈسکہ (تحصیل رپورٹر/نمائندہ خصوصی) پٹرولنگ پولیس پوسٹ گلوٹیاں موڑ ڈسٹرکٹ سیالکوٹ کی بڑی کارروائی واردات کے دوران کار چھیننے والے تین کس ڈکیت اسلحہ سمیت پٹرولنگ پولیس کے شکنجے میں۔ ملزمان کے قبضہ سے واردات کے دوران چھینی ہوئی کار اور اسلحہ برآمد۔ ریجنل آفیسر ایس پی فاروق احمد بھٹہ اور ڈسٹرکٹ انچارج ڈی ایس پی احسان ظفر سندھو کی زیر نگرانی انچارج پٹرولنگ پوسٹ گلوٹیاں موڑ سب انسپکٹر یاسر محبوب اور ان کی ٹیم نے دوران گشت بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کیا پیٹرولنگ ٹیم کو ہیلپ لائن 15 سے کال موصول ہوئی کہ تین کس مسلح ملزمان نے علاقہ تھانہ سبز پیر ڈھیکی سٹاپ سے دوران ڈکیتی وجاہت نامی شخص سے نقدی رقم موبائل اور کرولا آلٹس گرینڈی کار چھین کر فرار ہیں ٹیم پٹرولنگ پوسٹ گلوٹیاں موڑ نے بروقت کارروائی کرتے ہوئے تینوں ملزمان کو بہترین حکمت عملی سے اسلحہ سمیت قابو کر کے ڈکیتی شدہ رقم موبائل اور 50 لاکھ مالیت کی کار آلٹس گرینڈی کرولا برآمد کرلی ریکارڈ یافتہ ملزمان کو آئندہ کارروائی کے لیے تھانہ سبز پیر کے حوالے کیا گیا دوران تفتیش ملزمان نے متعدد وارداتوں کا انکشاف کیا ہے اس موقع پر ریجنل انچارج ایس پی فاروق احمد بھٹہ کا کہنا تھا کہ قومی شاہراہوں کو محفوظ بنانا ہی ہماری اولین ترجیح ہے ٹیم گلوٹیاں موڑ کے لیے تعریفی سرٹیفکیٹ اور نقد انعامات کی سفارش کی جاتی ہے

پتوکی ٹریفک حادثہ

50 سالہ خاتون جاں بحق

پتوکی (نامہ نگار) پتوکی ٹریفک حادثہ 50 سالہ خاتون جاں بحق۔ تفصیل کے مطابق گزشتہ روز تھانہ سٹی پتوکی حدود لاہور والا اڈا میں بس کی پیدل روڈ کراس کرنیوالی خاتون کو ٹکر۔ حادثے کے نتیجے میں 40 سالہ کوثر موقع پر جاں بحق ہوگئی۔ ریسکیو ٹیم نے ڈیڈ باڈی کو ضروری کاروائی کے لئے ٹی ایچ کیو پتوکی شفٹ کردیا۔ پولیس نے بس کو قبضہ میں لے لیا جبکہ بس ڈرائیور موقع سے فرار ہوگیا۔

پتوکی فائرنگ کے باعث نوجوان قتل

پتوکی (نامہ نگار) پتوکی فائرنگ کے باعث نوجوان قتل۔ تفصیل کے مطابق گزشتہ روز تھانہ صدر پتوکی کی حدود حبیب آباد میں نامعلوم افراد کی فائرنگ سے ایک شخص جاں بحق ہوگیا۔ جاں بحق ہونے والے شخص کی شناخت برہان خان کے نام سے ہوئی جس کا تعلق ہمسایہ ملک افغانستان سے تھا اور حبیب آباد شادی پر آیا ہوا تھا مقامی پولیس نے موقع پر پہنچ کر کاروائی کا آغاز کردیا۔

حافظ آباد کے علاقہ ملک والہ کے قریب تیز رفتار موٹر سائیکل سیم نالہ میں جا گری جس کے نتیجے میں ماں موقع پر جاں بحق

حافظ آباد (بیورو رپورٹ) حافظ آباد کے علاقہ ملک والہ کے قریب تیز رفتار موٹر سائیکل سیم نالہ میں جا گری جس کے نتیجے میں ماں موقع پر جاں بحق جبکہ اس کے دو جوان سال بیٹے لاہور ہسپتال میں زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے دم توڑ گئے۔ تفصیلات کے مطابق فضل احمد کی بیوی اپنے دو جوان سال بیٹوں قاسم فضل اور عمر فضل کے ہمراہ موٹر سائیکل پر سوار ہو کر کولو تارڑ جا رہی تھی کہ راستہ میں انکی موٹر سائیکل تیز رفتاری کے باعث سیم نالہ میں جا گری۔ جس کے نتیجے میں فضل احمد کی بیوی موقع پر جاں بحق ہوگئی، جبکہ اس کے دونوں بیٹوں قاسم فضل اور عمر فضل کو فوری طور پر تشویشناک حالت کے پیش نظر لاہور ہسپتال منتقل کیا گیا، جہاں وہ یکے بعد دیگر دونوں زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے دم توڑ گئے، جس سے گھر میں کہرام مچ گیا۔

رمضان المبارک میں مستحقین کی مخفی امداد کیجیئے۔ طاہر مجید کپور

اللہ ریاکاری کو ناپسند فرماتا ہے: چیف وارڈن سول ڈیفنس سیالکوٹ

سیالکوٹ (قوت بیورو خواجہ عامر جاوید) ماہ مبارک میں تزکیہ نفس کیساتھ مستحقین کی دادرسی کرنا مستحب عمل ہے جس کا اجر و ثواب بڑھ جاتا ہے جب امداد کرتے ہوئے ریاکاری و خود نمائی سے اجتناب برتا جائے۔ امدادی سامان دیتے مستحقین کیساتھ تصاویر بنوانے سے انکی عزت نفس مجروح ہوتی۔ ان باتوں کا اظہار سابق صدر ایوان صنعت و تجارت سیالکوٹ طاہر مجید کپور چیف وارڈن سول ڈیفنس سیالکوٹ نے میڈیا بیان میں کیا۔ انہوں نے کہا ماہ صیام ہمیں صبر و تحمل بھلائی و انسانیت پروری سکھاتا ہے۔ آج ہر ایک دوسرے کی بات مکمل سنے اور سمجھے بغیر فوری رد عمل دینا اور ایک دوسرے کی بات برداشت نہ کرنا ہمارے معاشرے کے بگاڑ کی بنیادی وجہ بن چکا ہے۔

وائرل ویڈیو میں دیکھے جانیوالے ملزمان پولیس کو مطلوب ہیں

ملزمان ہر گلی، چوراہے پر لگی کیمرے کی آنکھ سے ان کی شناخت تلاش کی جارہی ہے: پولیس

جھنگ (بیورو رپورٹ) جھنگ پولیس کی جانب سے سوشل میڈیا پر وائرل ہونیوالی ویڈیو میں دیکھائے جانیوالے ملزمان پولیس کو ڈکیتی کی سنگین وارادات میں مطلوب ہیں ان کے تعاقب میں ہر سراغ کھنگالا جارہا ہے پولیس ترجمان کے مطابق ویڈیو میں دیکھائے جانیوالے ملزمان ہر گلی، چوراہے پر لگی کیمرے کی آنکھ سے ان کی شناخت تلاش کی جارہی ہے پولیس اپنی تمام تر صلاحیتوں، جدید سائنسی وسائل اور انتھک محنت کے ساتھ اس گینگ کو کیفر کردار تک پہنچانے کے لیے برسرپیکار ہے انہوں نے کہا کہ جھنگ پولیس آپ سے ملتمس ہے کہ اس ویڈیو کو نظرانداز نہ کریں۔

ایس ایچ او رانا شہزاد کا اپنی ٹیم کے ہمراہ شرقپور میں سرچ آپریشن

شرقپور شریف (نامہ نگار) آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور ڈی پی او بلال ظفر شیخ کی ہدایت کے مطابق ایس ایچ او رانا شہزاد کا اپنی ٹیم کے ہمراہ شرقپور میں سرچ آپریشن، تفصیلات کے مطابق آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور ڈی پی او بلال ظفر شیخ کی ہدایت کے مطابق ایس ایچ او رانا شہزاد نے اپنی ٹیم کے ہمراہ شرقپور میں سرچ آپریشن کرکے ڈکیتی کا بڑا منصوبہ ناکام بنا دیا۔ شرقپور پولیس نے بروقت کاروائی کرکے ہیومن انٹیلی جنس کی مدد سے ڈھامکے کے قریب سے 4 ڈاکو گرفتار کرلیے جبکہ 2 ڈاکو فرار ہونے میں کامیاب ہوگئے۔ ڈاکو شہریوں اور راہگیروں کو لوٹنے کی پلاننگ میں مصروف تھے۔ پولیس نے ڈاکوؤں سے بھاری تعداد میں اسلحہ برآمد کرکے مقدمہ درج کرکے تفتیش شروع کردی۔

نوجوان ٹریکٹر ٹرالی کے نیچے کچلے جانے کے بعد جاں بحق ہوگئے

کوٹ رادھا کشن کے رہائشی میر حمزہ اور ریحان رمضان تراویح کے بعد گھر جارہے تھے

کوٹ رادھا کشن (تحصیل رپورٹر حاجی محمد رمضان سے) کوٹ رادھا کشن رائیونڈ روڈ نزد ہندال چوک کے قریب بی بی ریسٹورنٹ کے سامنے موٹر سائیکل سوار دو نوجوان جن کی شناخت کوٹ رادھا کشن کے رہائشی میر حمزہ اور ریحان رمضان کے نام سے ہوئی جو تراویح پڑھا کر واپس گھر آرہے تھے کہ چھانگا مانگا آنے والے گنے سے لدے ٹریکٹر ٹرالی کے نیچے کچلے جانے کے سبب موقع پر جاں بحق ہو گئے حادثے کا سبب ایک موٹر سائیکل سوار نوجوان کی موٹر سائیکل سے ٹکرایا حادثے کی اطلاع پر ریسکیو 1122 ٹیم اور پولیس موقع پر پہنچ گئی اور نعشوں کو ٹی ایچ کیو ہسپتال منتقل کردیا پولیس نے ٹریکٹر ٹرالی قبضے میں لے لی نوجوان کی ہلاکت کی اطلاع پر ان کے گھروں میں کہرام برپا ہوگیا

نوجوان نے بے روزگاری سے دلبرداشتہ ہو خودکشی کرلی

تھانہ واربرٹن پولیس موقع پر پہنچ گئی اور شواہد اکٹھے کرکے ضروری قانونی کارروائی شروع کردی



ننکانہ صاحب (چوہدری محمد عرفان گجر) واربرٹن میں تین بچوں کے باپ نے بے روزگاری سے دلبرداشتہ ہو کر پھندے سے جھول کر زندگی کا خاتمہ کر لیا۔ کئی ماہ سے کام کی تلاش میں تھا کوئی روزگار نہیں مل رہا تھا گھر میں فاقوں نے گھیر لیا اس وجہ سے اس نے ایسا قدم اٹھایا۔ چند ماہ پہلے بھی اس نے خودکشی کرنے کے لیے چوہے مار گولیاں کھالیں تھی ورثاء۔ تفصیلات کے مطابق محلہ عیدگاہ کے رہائشی تین بچوں کے باپ اللہ رکھا مغل نے بے روزگاری اور معاشی مشکلات سے دلبرداشتہ ہو کر مبینہ طور پر خودکشی کرلی۔ وہ کئی ماہ سے روزگار کی تلاش میں تھا، مگر مسلسل ناکامی اور گھریلو حالات کی سنگینی نے اسے انتہائی قدم اٹھانے پر مجبور کر دیا۔ اہل خانہ کے مطابق، اس سے قبل بھی اللہ رکھا مغل نے مایوسی کے عالم میں چوہے مار گولیاں کھالی تھیں، مگر بروقت طبی امداد ملنے سے اس کی جان بچ گئی تھی۔ تاہم اس بار قسمت نے ساتھ نہ دیا اور وہ اپنے ہاتھوں ہی زندگی کا چراغ گل کر بیٹھا۔ واقعے کی اطلاع ملتے ہی تھانہ واربرٹن پولیس موقع پر پہنچ گئی اور شواہد اکٹھے کرکے ضروری قانونی کارروائی شروع کردی۔

پولیس کا بچھڑے ہوؤں کو اپنوں سے ملوانے کا سلسلہ جاری

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) پولیس کا بچھڑے ہوؤں کو اپنوں سے ملوانے کا سلسلہ جاری ہے تھانہ حویلی لکھا پولیس نے کم سن گمشدہ بچے طلحہ کو والدین سے ملوا دیا۔ ایس ایچ او حویلی لکھا انسپکٹر محمد سرور اور پولیس ٹیم نے بچے کی تلاش کے لیے خصوصی محنت، لگن اور کاوش کی سوشل میڈیا کمپین چلائی، قریبی تھانہ جات سے رابطہ کیا۔ ایک گھنٹے کے قلیل وقت میں سخت محنت کے بعد تھانہ حویلی لکھا پولیس نے ننھے طلحہ کو حجرہ روڈ سے تلاش کرلیا۔

فائرنگ سے ایک شخص جاں بحق جبکہ موٹر سائیکل سوار طالبعلم ٹرالے کی ٹکر سے جاں بحق

ڈسکہ (تحصیل رپورٹر/نمائندہ خصوصی) فائرنگ سے ایک شخص جاں بحق جبکہ موٹر سائیکل سوار طالبعلم ٹرالے کی ٹکر سے جاں بحق۔ تھانہ موترہ کے علاقہ میں نامعلوم ملزمان نے 70 سالہ امتیاز بٹ کو گھر پر فائرنگ کا نشانہ بنایا فائرنگ کے نتیجہ میں امتیاز بٹ موقع پر ہی جاں بحق ہوگیا وترہ پولیس نے نعش سول ہسپتال منتقل کرکے کاروائی کا آغاز کردیا۔

نامعلوم چور میڈیکل پریکٹیشنر کے گھر سے لاکھوں کی نقدی اور قیمتی سامان چرالے گئے

حافظ آباد (بیورو رپورٹ) حافظ آباد کے محلہ عمر ٹاؤن سے نامعلوم چور میڈیکل پریکٹیشنر کے گھر سے ساڑھے سات لاکھ روپے سے زائد نقدی اور 35 سو یورو اور دیگر سامان چرالے گئے۔ پولیس نے مقدمہ درج کرلیا تفصیلات کے مطابق عمیر انور اپنی فیملی کے ہمراہ ملکے چٹھہ گیا ہوا تھا اس دوران نامعلوم چوروں نے اسکے گھر کے تالے توڑ کر وہاں سے 760000/- روپے نقدی، 3500 یورو موبائل فون اور دیگر سامان چرالے گئے۔

نارووال: پولیس کا منشیات فروشوں کے خلاف کریک ڈاؤن جاری

03 گینگز کو 07 کارندوں سمیت گرفتار کرلیا گیا، مال مسروقہ، ناجائز اسلحہ، منشیات برآمد، مقدمات درج

شکرگڑھ (عمران عارف سے) نارووال پولیس نے ماہ فروری 2025 میں نیشنل ایکشن پلان کے مطابق ضلع بھر میں مختلف سرچ اینڈ سٹرائیک کی کاروائیوں میں 151 مجرمان اشتہاریوں اور 73 عدالتی اشتہاریوں سمیت 496 ملزمان کو گرفتار کر کے پابند سلاسل کیا۔ 03 گینگز کو 07 کارندوں سمیت گرفتار کر کے لاکھوں کا مال مسروقہ برآمد کیا جبکہ منشیات فروشوں اور ناجائز اسلحہ ہولڈرز کو گرفتار کر کے لاکھوں روپے کی منشیات اور ناجائز اسلحہ برآمد کیا گیا۔ نیشنل ایکشن پلان کے تحت قیام امن اور جرائم کی بیخ کنی کیلئے جرائم پیشہ و سماج دشمن عناصر جبکہ نوجوان نسل کو منشیات سے تباہ کرنے والے مافیا کیخلاف ماہ فروری 2025ء کے دوران آپریشن کلین اپ۔ بھاری تعداد میں اسلحہ و منشیات برآمد، مجرمان اشتہاریوں کیخلاف گھیرا تنگ، قانون شکنی کرنے والوں سے آہنی ہاتھوں سے نمٹا جائے گا۔ ڈی پی او نارووال تفصیلات کے مطابق: سماج دشمن عناصر، جرائم پیشہ افراد اور منشیات فروشوں کا قلع قمع کیلئے ڈی پی او نارووال کے خصوصی احکامات پر نارووال پولیس نے ماہ فروری 2025ء کے دوران مختلف کاروائیوں میں سنگین نوعیت کے مقدمات میں مطلوب 151 مجرمان اشتہاریوں اور 73 عدالتی اشتہاریوں کو گرفتار کیا۔ نیشنل ایکشن پلان کے تحت جاری سرچ اینڈ سٹرائیک آپریشن کے دوران 01 کلاشنکوف، 08 رائفل، 01 بندوق اور 46 پستول سینکڑوں گولیوں سمیت برآمد کر کے 56 مقدمات درج کیے گئے جبکہ منشیات فروشوں کیخلاف کاروائیاں کرتے ہوئے 35 کلوگرام سے زائد چرس، 05 کلو 520 گرام ہیروئن اور 335 لیٹر شراب برآمد کر کے 52 مقدمات درج کیے گئے جبکہ جرائم پیشہ گینگز کیخلاف کریک ڈاؤن میں 03 گینگز کو 07 کارندوں سمیت گرفتار کر کے ملزمان کے قبضہ سے 67 لاکھ 89 ہزار کا مال مسروقہ برآمد کر کے ملزمان کو پابند سلاسل کیا گیا جبکہ لاؤڈ سپیکر کے ناجائز استعمال پر 03 مقدمات کا اندراج کر کے 03 ملزمان کو گرفتار کر کے پابند سلاسل کیا گیا۔ قمار بازوں کیخلاف کریک ڈاؤن میں قمار بازی کے 01 مقدمہ کا اندراج کر کے 03 ملزمان گرفتار کر کے ملزمان کے قبضہ سے جواء پر لگی ہوئی رقم اور تاش وغیرہ برآمد کرلیں۔ نارووال پولیس نے ماہ فروری 2025ء میں مجموعی طور پر 74 لاکھ 26 ہزار 619 روپے کا مال مسروقہ برآمد کیا۔ ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر نارووال نے نارووال پولیس کی جرائم پیشہ، سماج دشمن عناصر اور منشیات سے نوجوان نسل کو تباہ کرنے والے موت کے سوداگروں کیخلاف جاری کامیاب کاروائیوں پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ضلع نارووال میں جرائم پیشہ عناصر کے لیے کوئی جگہ نہیں، غیر قانونی سرگرمیوں میں ملوث افراد اپنا قبلہ درست کرلیں بصورت دیگر ان کیخلاف سخت سے سخت قانونی کاروائیاں عمل میں لائی جائیں گی۔ جبکہ قانون کی پاسداری پر عملدرآمد کرنے والوں کو تحفظ فراہم کیا جائے گا۔

دہشت گردی کسی ایک جماعت کا نہیں پوری قوم کا اجتماعی مسلہ ہے، چوہدری مستقیم مہار

ملک میں جاری سیاسی افراتفری کا سب سے زیادہ فائدہ ملک دشمن عناصر کو ہوتا ہے، رہنما پی ٹی آئی

دہشت گردی کے ناسور کو جڑ سے اکھاڑنے کیلئے پاک فوج کی قربانیاں رائیگاں نہیں جائینگی، بیان

سمندری (تحصیل رپورٹر) دہشت گردی کسی ایک جماعت کا نہیں بلکہ پوری قوم کا اجتماعی مسلہ ہے جس کیلئے تمام سیاسی جماعتوں کا ایک پیج پر ہونا انتہائی ضروری ہے۔ بنوں دھماکہ میں شہید ہونیوالوں کے درجات کی بلندی کیلئے جبکہ زخمیوں کیلئے دعاگو ہیں اس حملے کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے۔ ان خیالات کا اظہار پاکستان تحریک انصاف حلقہ پی پی 104 کے رہنما چوہدری مستقیم مہار نے صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ ملک میں جاری سیاسی افراتفری کا سب سے زیادہ فائدہ ملک دشمن عناصر کو ہوتا ہے، دہشت گردی جو کہ اس وقت قومی مسلہ بن چکا ہے پر قابو پانے کیلئے سب کو مل کر یکجان ہو کر اس کیخلاف سیسہ پلائی دیوار بننا ہوگا تاکہ دشمن اپنے ناپاک عزائم میں کبھی کامیاب نہ ہو سکے۔ انہوں نے مزید کہا کہ دہشت گردی کے ناسور کو جڑ سے اکھاڑنے کیلئے پاک فوج کی قربانیاں کبھی رائیگاں نہیں جائینگی۔

معیاری سہولیات عوام کی دہلیز تک پہنچانے کے لئے ہمہ وقت کوشاں ہے

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) ضلعی انتظامیہ صحت کی معیاری سہولیات عوام کی دہلیز تک پہنچانے کے لئے ہمہ وقت کوشاں ہے اس ضمن میں ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹرز ہسپتال چنیوٹ میں 60 بیڈز پر مشتمل سرجیکل ٹاور تکمیل کی جانب گامزن ہے اور آئندہ 10 روز میں سرجیکل ٹاور کا گراؤنڈ فلور کھولنے کا عندیہ دیا گیا ہے۔ ڈپٹی کمشنر صفی اللہ گوندل نے زیر تعمیر سرجیکل ٹاور کا دورہ کر کے تعمیراتی پیشرفت کا جائزہ اور کام کی رفتار تیز کرنے کا حکم دیا۔ انہوں نے کہا کہ شفافیت کو ہر صورت ملحوظ خاطر رکھا جائے اور متعلقہ افسران موقع پر موجود رہ کر نگرانی کریں۔ انہوں نے کہا کہ 60 بیڈز کے اضافہ سے مریضوں کو علاج معالجہ کی بہتر سہولیات میسر آئیں گی

''قوت'' کلاسیفائیڈ

تمام اشتہارات نیک نیتی کے جذبہ سے شائع کئے جاتے ہیں کسی اشتہار کے غیر حقیقی ہونے کے بارے میں ادارہ کوئی ذمہ داری قبول نہیں کرتا، اشتہارات صاف اور بڑے صفحہ پر ایک طرف لکھے ہونے چاہئیں کٹے پھٹے اور مشکوک الفاظ والے اشتہارات غلط شائع ہونے کی شکایت قابل قبول نہ ہوگی۔

شعبہ اشتہارات 042-3636003

عاق نامہ

میں اپنے حقیقی پسران ممتاز۔ ریاض کو بوجہ نافرمانی غلط چال چلن اپنی منقولہ وغیر منقولہ جائیداد سے عاق کرتا ہوں ان سے لین دین کرنے والا خود ذمہ دار ہوگا آئندہ میں ان کے کسی قول و فعل یا لین دین کا ذمہ دار نہ ہوں گا۔

المشتہر احمد خان ولد محمد علی ذات پنجوتھہ سکنہ دین پور تحصیل بھیرہ ضلع سرگودھا۔

بقیہ بقیہ جات 1

رکاوٹ ہیں۔ ترجمان دفتر خارجہ شفقت علی خان نے ہفتہ وار پریس بریفنگ کے دوران کہا امریکی مشیر سلامتی کی وزیر خارجہ اسحاق ڈار کو کال موصول ہوئی ہے۔ جس میں انہوں نے پاکستان کی انسداد دہشت گردی کی کوششوں کو سراہا ہے۔ ترجمان نے کہا کہ پاکستان اور امریکہ کے درمیان تجارت، سرمایہ کاری، ماحولیاتی تبدیلی اور صحت پر مزید بات چیت پر بھی اتفاق ہوا ہے۔ دونوں ممالک نے انسداد دہشت گردی میں تعاون جاری رکھنے کے عزم کا اظہار کیا ہے۔ ترجمان نے بتایا اسحاق ڈار نے افغانستان میں رہ جانے والے جدید امریکی عسکری ساز و سامان پر بھی بات چیت کی ہے۔ ترجمان نے کہا اسحاق ڈار کو آذربائیجان کے ہم منصب کی بھی ٹیلیفون کال موصول ہوئی ہے۔ پاک اٹلی باہمی سیاسی مشاورت کا حالیہ دور روم میں منعقد ہوا ہے۔ ترجمان نے غزہ میں انتہائی ضروری امداد کے داخلے پر پابندی کے اسرائیلی فیصلے کی بھی مذمت کی۔ ترجمان نے بھارتی وزیر خارجہ کی جانب سے چاڈم ہاؤس لندن میں مقبوضہ کشمیر پر بیان کو مسترد کرتے ہوئے کہا کشمیریوں کے صدیوں پرانے تحفظات کو اقتصادی بحالی سے حل نہیں کیا جا سکتا۔ بلکہ اقوام متحدہ کی قراردادوں کے مطابق ہی مسئلہ کشمیر کا حل ممکن ہے۔ ترجمان نے کہا نائب وزیر اعظم اسحاق ڈار سعودی عرب روانہ ہوگئے ہیں۔ جہاں وہ سعودی عرب میں او آئی سی کونسل برائے وزرائے خارجہ کے غیر معمولی اجلاس میں شرکت کریں گے۔ یہ اجلاس فلسطین کی بگڑتی ہوئی صورتحال، اسرائیلی جارحیت کے نتیجے میں پیدا ہونے والے انسانی بحران پر منعقد ہو رہا ہے۔ اجلاس میں فلسطینیوں کو ان کے آبائی وطن سے بے دخل کرنے کی غیر قانونی اور غیر اخلاقی تجاویز پر بھی تبادلہ خیال ہوگا۔ کانفرنس میں نائب وزیر اعظم فلسطینی عوام اور ان کے جائز مؤقف کے لیے پاکستان کی غیر متزلزل حمایت کا اعادہ کریں گے۔

بقیہ بقیہ جات 2

ایف بی آر نے 605 ارب روپے کا ٹیکس شارٹ فال پورا کرنے کے پلان سے آگاہ کیا۔ ذرائع نے بتایا کہ عالمی مالیاتی ادارے کے وفد کو یقینی دہانی کرادی گئی ہے کہ ٹیکس وصولی کا شارٹ فال پورا کرنے کے لیے کوئی منی بجٹ نہیں آئے گا، شارٹ فال پورا کرنے کے لیے عدالتوں میں ٹیکس مقدمات جلد نمٹائے جائیں گے جس کے لیے حکومت نے عدالتوں میں زیر سماعت ٹیکس کیسز میں بھرپور تعاون کی یقین دہانی کرائی ہے اور اسی طرح چیف جسٹس آف پاکستان کی جانب سے بھی ٹیکس کیسز کی جلد سماعت کرانے کی درخواست منظور کرلی گئی۔ بتایا جارہا ہے کہ حکومت پاکستان اور آئی ایم ایف جائزہ مشن کے درمیان تکنیکی سطح کے مذاکرات کا پہلا سیشن مکمل ہوگیا، آئی ایم ایف سے کیبنٹ ڈویژن، وزارت خزانہ اور سیکرٹری کیبنٹ کے رائٹ سائزنگ پر مذاکرات ہوئے، جس میں آئی ایم ایف نے مطالبہ کیا کہ اخراجات میں کمی کیلئے رائٹ سائزنگ اقدامات پر بروقت عملدرآمد کیا جائے۔

بقیہ بقیہ جات 3

ہے۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) کی جانب سے جاری بیان کے مطابق چیف آف آرمی اسٹاف جنرل سید عاصم منیر نے بنوں کا دورہ کیا، کور کمانڈر پشاور نے استقبال کیا، آرمی چیف کو جاری آپریشنز اور علاقے کی مجموعی سیکیورٹی صورتحال پر بریفنگ دی گئی۔ آئی ایس پی آر کے مطابق آرمی چیف نے سی ایم ایچ بنوں میں زخمی فوجیوں کی خیریت دریافت کی، آرمی چیف نے فوجیوں کے بلند حوصلے اور ثابت قدمی کو سراہا اور بنوں کینٹ دہشت گردی میں جانیں گنوانے والے شہریوں کے اہل خانہ سے دلی تعزیت کا اظہار کیا۔ ترجمان پاک فوج کے مطابق چیف آف آرمی سٹاف جنرل سید عاصم منیر نے بنوں میں فوجی جوانوں سے خطاب کیا اور حملہ آوروں کے مذموم عزائم ناکام بنانے میں فوجیوں کے بہادرانہ اقدامات کو سراہا۔ آرمی چیف نے کہا کہ پاک فوج ریاست کی سلامتی اور استحکام کو یقینی بنانے کے لیے دہشت گردی کے خلاف کردار ادا کرتی رہے گی، واقعہ کے مجرموں کو بہادر فوجیوں نے فوری طور پر بے اثر کر دیا۔ سپہ سالار نے کہا کہ گھناؤنے حملے کے منصوبہ سازوں اور سہولت کاروں کو جلد انصاف کے کٹہرے میں لایا جائے گا، شہریوں کو نشانہ بنانے سے اسلام دشمن خوارج کے حقیقی عزائم بے نقاب ہوگئے۔ جنرل عاصم منیر نے کہا کہ دہشت گردی کے خلاف جنگ میں قومی اتحاد ناگزیر ہے، افواج پاکستان عوام کے تحفظ اور سلامتی کو یقینی بنانے میں کوئی کسر اٹھا نہیں رکھے گی۔ آرمی چیف نے کہا کہ فتنۃ الخوارج سمیت دہشت گرد گروہ پاکستان کے خلاف افغان سرزمین سے کارروائیاں کر رہے ہیں، دہشت گرد حملوں میں غیر ملکی ہتھیاروں کا استعمال ثبوت ہے کہ افغانستان ایسے عناصر کی محفوظ پناہ گاہ بنا ہوا ہے۔ سپہ سالار نے کہا کہ کسی بھی ادارے کو پاکستان کے امن و استحکام میں خلل ڈالنے کی اجازت نہیں دی جائے گی۔

بقیہ بقیہ جات 4

بڑھ گیا ہے۔ 225 آر ایچ سی کی ری ویمپنگ مکمل ہونے کے بعد نئے کلینک میں بدل گئے ہیں۔ مراکز صحت میں بڑے اسپتالوں کے برابر سہولتیں فراہم کی جائیں گی، یہاں جنرل سرجری، گائنی، تشخیص اور طبی ٹیسٹ کی سہولیات بھی میسر ہوں گی، دیہی مراکز صحت کی آؤٹ سورسنگ کے بعد نئے کلینک ہفتہ بھر 24 گھنٹے کھلے رہیں گے۔ اجلاس میں صوبے میں ضلع کی سطح پر برن یونٹ، کارڈیک سینٹر اور چلڈرن وارڈ بنانے پر اتفاق ہوا، اجلاس میں دی جانے والی بریفنگ میں ڈویژنل لیول پر ہر مرض کے علاج کے لیے میڈیکل سٹی بنانے کی تجویز کا جائزہ بھی لیا گیا۔ بریفنگ میں بتایا گیا کہ پنجاب کے 1147 مراکز صحت میں سے 766 کی ری ویمپنگ مکمل کرلی گئی ہے۔

بقیہ بقیہ جات 5

ریلیف پیکج۔ تفصیلات کے مطابق ڈپٹی کمشنر محمد تسلیم اختر راؤ کی زیر صدارت رمضان نگہبان پیکج کے تحت شہریوں میں چیک ڈرافٹس/رقوم کی تقسیم بارے اہم اجلاس ڈی سی کمیٹی روم میں منعقد ہوا۔ اجلاس میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو شرینہ جونیجو، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل رائے ذوالفقار علی، اسسٹنٹ کمشنر، ضلعی افسران، الفلاح، یوبی ایل، ایچ بی ایل اور دیگر فرنچائزز کے نمائندے بھی شریک تھے۔ اس موقع پر متعلقہ افسران و بینکوں کے نمائندگان نے رقوم کی ترسیل کے عمل بارے ڈی سی کو تفصیلی بریفنگ دی۔

بقیہ بقیہ جات 6

نجی ٹی وی پروگرام میں گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ افغانستان میں موجودہ صورتحال کے ذمہ دار امریکا اور مغربی ممالک ہیں، انہیں پاکستان کی پشت پر کھڑا ہونا چاہیے۔ افغانستان میں صورتحال سے پاکستان نبرد آزما ہے یہ ہماری پیدا کردہ نہیں۔ انہوں نے کہا کہ افغانستان سے دہشتگردی پوری دنیا میں پھیلے گی، پاکستان میں دہشتگردی کے خلاف کوئی ابہام نہیں۔ پاکستان دہشتگردی کے خلاف بقا کی جنگ لڑ رہا ہے۔ قوم ہر روز دہشتگردی کے خلاف جانوں کے نذرانے پیش کر رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ اتحادی جماعتیں اور دوسرے ادارے ملک کی بہتری کے لیے کام کر رہے ہیں۔ مولانا فضل الرحمان آئین و قانون کے دائرے میں اپوزیشن کا کردار ادا کریں گے۔ اپوزیشن کے ساتھ مذاکرات بارے بات کرتے ہوئے انہوں نے کہا حکومت نے کب ڈائیلاگ سے انکار کیا ہے ہم تو کہتے ہیں کہ کسی کو مسائل ہیں تو آئیں بیٹھ کر بات کریں۔ انہوں نے کہا کہ ہم پیپلز پارٹی کیساتھ اور وہ ہمارے ساتھ ہیں۔ ملک کو بڑی مشکل سے ڈیفالٹ سے باہر نکالا ہے۔ 1991 کے ریکارڈ کے مطابق ہر صوبے کا پانی مقرر ہے۔ پنجاب اپنے حصے کے علاوہ سندھ کا ایک قطرہ پانی نہیں لیتا۔

بقیہ بقیہ جات 7

ایس) میو اسپتال کو عہدے سے ہٹانے کا حکم دے دیا۔ رپورٹ کے مطابق اس موقع پر مریم نواز نے کہا کہ مخلوق رل رہی ہے، کوئی پوچھنے والا نہیں، کیا اللہ کو جواب نہیں دینا، میو اسپتال کے حالات بہت برے ہیں، لوگ اسپتال میں علاج کی توقع اور امید لیکر آتے ہیں۔ وزیر اعلیٰ پنجاب نے کہا کہ کس وارڈ میں کیا ہو رہا ہے، اسپتال انتظامیہ کو علم ہی نہیں، جو عوام کے ساتھ ہو رہا ہے ذمہ داروں کے اپنوں کے ساتھ ہو تو پتا چلے، کسی کی بدانتظامی کی سزا عوام کو کیوں ملے۔ ان کا کہنا تھا کہ میو اسپتال میں زیر علاج مریضوں اور لواحقین نے سرنج، برنولا وغیرہ تک نہ ملنے کے بارے میں بتایا، کارڈیالوجی وارڈ میں کیڑے مکوڑے پائے جانے کی شکایت پر وزیر اعلیٰ مریم نواز نے مزید برہمی کا اظہار کیا۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے رک کر انتظار گاہ اور راستے میں کھڑے مریضوں اور لواحقین کی شکایات سنیں، ایک معصوم بچی نے کہا کہ ماں بیمار ہے، رات بھر دوائیوں کیلئے بھاگ بھاگ کر تھک گئی ہوں، اس کی بات سن کر وزیر اعلیٰ مریم نواز نے شدید ناراضی کا اظہار کیا اور دورے کے دوران ہی میو اسپتال میں ہنگامی اجلاس طلب کرلیا۔ انہوں نے میو اسپتال کے امور کے بارے میں تفصیلی انکوائری کرنے کی ہدایت کی اور تمام ذمہ داروں سے جواب طلبی کی، انہوں نے میڈیسن کے واجبات کی ادائیگی کے لئے فوری اقدامات کا حکم دیا اور اسپتال میں ادویات کی 100 فراہمی یقینی بنانے کی ہدایت کی۔ وزیر اعلیٰ پنجاب نے سیکرٹری ہیلتھ کو ذمہ داروں کی تعین کرکے کارروائی کی ہدایت کی اور اسپتال کی تعمیر و مرمت کا جامع پلان طلب کرلیا۔ مریم نواز نے اسٹور میں ادویات، سرنج، برنولا اور دیگر اشیاء کی فراہمی چیک کرائی، انہوں نے میو اسپتال ایمرجنسی بلاک، ٹی بی اینڈ چیسٹ، آئی سی یو کارڈیالوجی اور دیگر وارڈ کا جائزہ بھی لیا۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے وارڈز میں زیر علاج مریضوں کی عیادت کی، جلد صحت یابی کی دعا کی، وہ جگہ جگہ رک کر لوگوں کی شکایات اور مسائل سنتی رہیں۔ انہوں نے سندھ سے آئے میاں بیوی کی شکایت سنیں اور فوری ازالہ کی ہدایت کی، گوجرانوالہ سے علاج کیلئے آنے والی خاتون کو گلے لگا کر تسلی دی۔ دورے کے دوران انہوں نے زیر علاج مریضوں اور تیمارداروں سے علاج کے بارے میں مکمل تفصیلات دریافت کیں، وارڈز میں مریضوں کے علاج کے عمل کا مشاہدہ کیا، مختلف وارڈز میں صفائی کی صورتحال کا بھی جائزہ لیا اور گردے کے مرض میں مبتلا بچی کی ماں کی اپیل پر فوری ٹرانسپلانٹ کیلئے اقدامات کی ہدایت کی۔

بقیہ بقیہ جات 8

جائزہ اجلاس کی خود صدارت کرنے کا فیصلہ بھی کیا ہے۔ انہوں نے نوجوانوں کو مختلف شعبوں میں تربیت کے لیے مقامی صنعتوں سے مسلسل روابط اور افرادی قوت کے بین الاقوامی اداروں کی کھپت کو مدنظر رکھنے جبکہ مقامی صنعتوں میں درکار ہنر کے حوالے سے ایک جامع ڈیٹا بیس قائم کرنے کی بھی ہدایت دی۔ وزیر اعظم نے کہا کہ پاکستان کے باصلاحیت نوجوان ملک کا سب سے قیمتی اثاثہ ہیں، نوجوانوں کو پیشہ ورانہ تربیت اور ضروری ہنر کی فراہمی سے بااختیار اور برسر روزگار بنا رہے ہیں۔ پاکستانی نوجوانوں کو بین الاقوامی معیار کی تربیت کی فراہمی سے افرادی قوت کی برآمد کے فروغ کے لیے اقدامات کر رہے ہیں۔ قبل ازیں، وزیر اعظم محمد شہباز شریف کی زیر صدارت نیشنل یوتھ ایمپلائمنٹ پلان پر جائزہ اجلاس ہوا جس میں وزیر اعظم کو آئندہ 4 برس میں مختلف اداروں کے ذریعے تربیت اور روزگار کے مواقع فراہم کرنے کے لائحہ عمل سے آگاہ کیا گیا۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ آئندہ 4 برس میں 24 لاکھ سالانہ سے لے کر 60 لاکھ سالانہ تک نوجوانوں کو پیشہ ورانہ تربیت اور ہنر کی فراہمی سے روزگار کے مواقع حاصل کرنے میں مدد کی جائے گی جبکہ نوجوانوں کی ہنر و پیشہ ورانہ تربیت کی فراہمی کے لیے مارکیٹ اور صنعتوں و بین الاقوامی سطح پر افرادی قوت کی کھپت کو مدنظر رکھا جا رہا ہے۔ اجلاس میں وزیر اعظم کو بتایا گیا کہ ڈیجیٹل یوتھ حب حتمی مراحل میں ہے جس کا اجراء رواں ماہ میں کر دیا جائے گا۔ وزیر اعظم نے متعلقہ تمام وزارتوں و اداروں کی اس حوالے سے کاوشوں کی تعریف کی۔ اجلاس میں وفاقی وزراء احد خان چیمہ، شزہ فاطمہ خواجہ، چیئرمین وزیر اعظم یوتھ پروگرام رانا مشہود احمد خان، چیئرمین ہائر ایجوکیشن کمیشن ڈاکٹر مختار احمد اور متعلقہ اعلیٰ حکام نے شرکت کی۔

بقیہ بقیہ جات 9

اجلاس ڈپٹی چیئرمین سینیٹر سیدال ناصر کی سربراہی میں پارلیمنٹ ہاؤس میں منعقد ہوا اجلاس میں نکتہ اعتراض پر بات کرتے ہوئے اپوزیشن لیڈر سینیٹر شبلی فراز نے کہا کہ ایوان کے ایک اور سینیٹر عون عباس بپی کو ان کے گھر سے اٹھا لیا گیا ہے، جس کی ہم شدید مذمت کرتے ہیں انہوں نے کہا کہ جس طرح سے اپوزیشن کو دیوار سے لگایا جا رہا ہے ہم یہ مطالبہ کرتے ہیں کہ اس ایوان کو اہمیت دی جائے انہوں نے کہا کہ اگر یہاں پر پروڈکشن آرڈر پر کوئی عمل داری نہیں ہوتی ہے اور نہ ہی اس کا کوئی ایکشن لیا جاتا ہے انہوں نے کہا کہ اگر ایوان کے ممبر کو اٹھا لیا گیا ہے اس حوالے سے سیکرٹریٹ بتائے کہ ان کے علم میں یہ بات لائی گئی ہے اگر ایسا نہیں کیا گیا تو پھر تو یہ ایوان بالا ایک مذاق بن گیا ہے انہوں نے کہا کہ ابھی تک ہمیں اس حوالے سے آگاہ نہیں کیا گیا ہے اس موقع پر وفاقی وزیر قانون و پارلیمانی امور سینیٹر اعظم نذیر تارڑ نے کہا کہ نظام کو قانون اور ضابطے کے تحت چلنا چاہیے اور ہمیں جو استحقاق حاصل ہے تو گرفتاری کی اطلاع ہونی چاہیے انہوں نے کہا کہ مجھے بھی اس کا علم نہیں تھا میں نے پتہ کیا تو ملتان پولیس کے علم میں نہیں ہے البتہ بہاولپور پولیس کے پولیس سٹیشن دراوڑ کی یہ ایف آئی آر ہے جہاں پر غیر قانونی شکار سے متعلق ایف آئی آر درج ہے انہوں نے کہا کہ یہ ابتدائی اطلاعات ہیں جو کہ مجھے ملی ہیں اور اس حوالے سے ایوان کو آگاہ کروں گا اس موقع پر اپوزیشن لیڈر سینیٹر شبلی فراز نے کہا کہ ہمارے پاس تصاویر ہیں جو کہ ان کے گھر کے اندرون اور بیرون مناظر کے ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 10

تحریری معروضات عدالت میں جمع کروا دی گئیں۔ تحریری معروضات میں بتایا گیا کہ سویلین کا ملٹری کورٹس میں ٹرائل نہیں ہونا چاہیے۔ آرمی ایکٹ کی شقوں کو مختلف عدالتی فیصلوں میں درست قرار دیا جا چکا ہے۔ آرمی ایکٹ کی شقوں کو غیر آئینی قرار نہیں دیا جاسکتا۔ جمعرات کو جسٹس امین الدین خان کی سربراہی میں 7 رکنی آئینی بینچ نے ملٹری کورٹس میں سویلینز کے ٹرائل کیس کی سماعت کی، جس میں سپریم کورٹ بار ایسوسی ایشن کی جانب سے تحریری معروضات عدالت میں جمع کرادی گئیں۔ سپریم کورٹ کے آئینی بینچ میں سویلینز کے ملٹری ٹرائل سے متعلق کیس میں سپریم کورٹ بار ایسوسی ایشن کی جانب سے تحریری معروضات عدالت میں جمع کروائے، آرمی ایکٹ کی شقوں کے حق میں استدلال اپنایا ہے اور کہا ہے کہ یہ درست ہے کہ ملٹری کورٹس میں سویلینز کا ٹرائل تو نہیں ہونا چاہیے تاہم آرمی ایکٹ کی شقوں کو بھی غیر آئینی قرار نہیں دیا جاسکتا ہے۔ جمعرات کو جسٹس امین الدین خان کی سربراہی میں 7 رکنی آئینی بینچ نے ملٹری کورٹس میں سویلینز کے ٹرائل کیس کی سماعت کی، جس میں سپریم کورٹ بار ایسوسی ایشن کی جانب سے تحریری معروضات عدالت میں جمع کرادی گئیں۔ سپریم کورٹ بار ایسوسی ایشن کی جانب سے عدالت میں جمع کرائی گئی تحریری معروضات میں بتایا گیا کہ سویلین کا ملٹری کورٹس میں ٹرائل نہیں ہونا چاہیے۔ آرمی ایکٹ کی شقوں کو مختلف عدالتی فیصلوں میں درست قرار دیا جاچکا ہے۔ آرمی ایکٹ کی شقوں کو غیر آئینی قرار نہیں دیا جاسکتا۔ تحریری دلائل میں ملٹری کورٹس بنانے کی کی تاریخی حوالوں سے بحث کے ساتھ ساتھ سپریم کورٹ سمیت اعلیٰ عدلیہ کے اہم مقدمات کی نظائر بھی پیش کی گئی ہیں ان معروضات میں آرمی ایکٹ کی مختلف شقوں کی تشریح بھی کی گئی ہے۔

بقیہ بقیہ جات 11

تھے۔ جسٹس محسن اختر کیانی نے کہا کہ جسٹس ارباب محمد طاہر بنچ سے الگ ہوگئے ہیں، بنچ کی تشکیل نو کیلئے فائل قائم مقام چیف جسٹس کو بھجوا دیتے ہیں۔ بعدازاں کیس کی سماعت کے لیے بنچ کی تشکیل کا معاملہ واپس قائم مقام چیف جسٹس کو بھجوادیا گیا وہ اس پر نیا بنچ تشکیل دیں گے کیس کی سماعت غیر معینہ مدت تک کے لیے ملتوی کردی گئی۔ واضح رہے کہ لاپتا افراد کے بڑی تعداد میں کیسز بینچ میں سماعت کے لیے مقرر تھے۔

بقیہ بقیہ جات 12

لیک کیس وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا علی امین گنڈاپور کے ناقابل ضمانت وارنٹ گرفتاری برقرار رکھتے ہوئے سماعت ملتوی کردی۔ ایڈیشنل سیشن جج عبدالغفور کاکڑ کی عدم دستیابی کے باعث سماعت بغیر کارروائی ملتوی کردی گئی۔ علی امین گنڈاپور اور ان کے وکیل آج بھی عدالت میں پیش نہ ہوئے جبکہ شریک ملزم اسد فاروق عدالت میں پیش ہوئے اور حاضری لگائی۔ آڈیو لیک کیس کی آئندہ سماعت 25 مارچ کو ہوگی۔ علی امین گنڈاپور کے خلاف تھانہ گولڑہ میں مقدمہ درج ہے

بقیہ بقیہ جات 13

اسلام آباد میں انتقال کر گئے، چیف آف دی نیول اسٹاف ایڈمرل نوید اشرف کا ایڈمرل افتخار احمد سروہی کے انتقال پر اظہار تعزیت کی۔ ایڈمرل افتخار احمد سروہی نے 1955 میں پاک بحریہ میں کمیشن حاصل کیا، ایڈمرل افتخار احمد سروہی نے 1965 اور 1971 کی پاک بھارت جنگوں میں بھی حصہ لیا، ایڈمرل افتخار احمد سروہی 1986 سے 1988 تک پاک بحریہ کے سربراہ رہے، ایڈمرل افتخار احمد سروہی 1988 سے 1991 تک چیئرمین جوائنٹ چیفس آف اسٹاف کمیٹی بھی رہے، امیر البحر کی جانب سے مرحوم کی پاک بحریہ کے لیے خدمات کو خراج عقیدت پیش کیا گیا۔

بقیہ بقیہ جات 14

جمعرات کو ایوان بالا میں توجہ دلاؤ نوٹس پیش کرتے ہوئے سینیٹر سرمد علی نے کہا کہ اس وقت ملک میں ایڈز ایچ آئی وی ایڈز کے مریضوں کی تعداد میں اضافہ ہو رہا ہے انہوں نے کہا کہ ہمارے پاس پولیو ابھی تک موجود ہے اور شوگر کی بیماری میں بھی اضافہ ہو رہا ہے انہوں نے کہا کہ 2024 میں 13 ہزار ایچ آئی وی کے مریض رپورٹ ہوئے تھے اور ہر ماہ تقریبا 11 سو مریض رپورٹ ہو رہے ہیں انہوں نے کہا کہ ابھی تک ملک میں ایچ آئی وی کی ٹیسٹنگ فیسیلٹی بھی دستیاب نہیں ہے جبکہ سماجی طور پر بھی لوگ اس پر بات نہیں کرتے ہیں انہوں نے کہا کہ اب تک پاکستان میں 3 لاکھ 60 ہزار کیسز رپورٹ ہوچکے ہیں جبکہ تین سے چار ہزار بچوں میں بھی ایچ آئی وی پازیٹیو آیا ہے انہوں نے کہا کہ گذشتہ نو سالوں میں ایچ آئی وی کیسز میں 75 فیصد اضافہ آیا ہے اور اس پر اقوام متحدہ سے بھی تشویش کا اظہار کیا گیا ہے انہوں نے کہا کہ حکومت اس حوالے سے کیا اقدامات اٹھا رہی ہے کیا ہمارا ایچ آئی وی ایڈز کو کنٹرول کرنے کا ادارہ ناکام ہوچکا ہے انہوں نے کہا کہ اس حوالے سے عوامی آگاہی مہم چلانے کی ضرورت ہے توجہ دلاؤ نوٹس کا جواب دیتے ہوئے وفاقی وزیر قانون سینیٹر اعظم نذیر تارڑ نے کہا کہ حکومت اس مسئلے کو بھرپور توجہ دے رہی ہے انہوں نے کہا کہ اس وقت 75 ہزار افراد کو طبی سہولیات فراہم کر رہے ہیں تاہم ملک میں سکریننگ اور ٹیسٹنگ کی سہولیات بڑھانے کی ضرورت ہے وفاقی وزیر نے کہا کہ ایچ آئی وی ایڈز کی روک تھام کیلئے عوامی شعور اجاگر کرنے کیلئے مذہبی سکالرز کے ذریعے ورکشاپ اور سیمینار کا اہتمام کیا گیا ہے انہوں نے کہا کہ اس طرح کی بیماریوں کا مقابلہ پوری دنیا میں کیا جاتا ہے انہوں نے کہا کہ اس معاملے کو سیکرٹری صحت کے ساتھ بھی اٹھائیں گے۔

بقیہ بقیہ جات 15

کیا ہے۔ جمعرات کو سینیٹ اجلاس کے دوران سینیٹر شیری رحمٰن نے کہا کہ بنوں خودکش حملہ پر میڈیا میں بہت کچھ ہے انہوں نے کہا کہ اس ایوان میں دہشت گردی کے حوالے سے کوئی بریفنگ ہونی چاہیے انہوں نے کہا کہ گلوبل ٹیررزم انڈکس میں پاکستان دوسرے نمبر پر ہے جو کہ ہمارے لئے بہت تشویشناک ہے انہوں نے کہا کہ پاکستان نے دہشت گردی کے حوالے سے ایک طویل جنگ لڑی ہے اور 80 ہزار سے زائد شہادتیں اٹھائی ہیں انہوں نے کہا کہ اب یہ ناسور پھر سے اٹھتا جا رہا ہے اور بلوچستان سے سینیٹرز سے یہ مسئلہ اٹھایا ہے انہوں نے کہا کہ اس ایوان کو دہشت گردی کے حوالے سے فعال بنانا ہوگا انہوں نے کہا کہ ہم نے القاعدہ کو پاکستان سمیت جنوبی ایشیا سے نکالا تھا مگر اب افغانستان میں داعش پھر سر اٹھا رہا ہے انہوں نے کہا کہ یہ پورے ملک کی بقا کا مسئلہ ہے جو کہ اس طرح کے حالات میں ممکن نہیں ہے۔

بقیہ بقیہ جات 16

گردی کا موازنہ کیا جاتا ہے، کے پی میں تعلیم کارڈ 2 سال بعد شروع ہوگا مگر کتاب پر چھاپ دیا گیا، تعلیم کے شعبے میں پنجاب میں 27 ہزار بچوں کو اسکالرشپ دے دی گئی ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ بی آر ٹی جلتی ہے اور پتہ نہیں کتنی چلتی ہے، ڈی آئی خان میں موٹروے وفاق کا منصوبہ ہے، اس کو اپنے کھاتے میں ڈالا دیا گیا ہے علی امین گنڈاپور کبھی دفتر نہیں آتے ہے۔ انہوں نے کہا نے کہا کہ پنجاب میں بیشتر منصوبے مکمل ہوچکے ہے، کے پی کے میں ٹیکنالوجی کے شعبے میں 173 نوکریاں پیدا ہوئی، پنجاب ستھرا پروگرام میں لاکھ سے زائد لوگ کام کر رہے ہے۔

بقیہ بقیہ جات 17

خیال کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ رمضان کے دوران پاکستان میں اشیائے ضروریہ کی چیزیں مہنگی ہوجاتی ہیں، مسلمان بھائی رمضان کے دوران زیادہ منافع خوری شروع کردیتے ہیں۔ سینیٹر دنیش نے کہا کہ میں اقلیتی برادری کے تاجروں سے درخواست کرتا ہوں مسلمانوں کیلئے سستے بازار لگائیں، اقلیتی برادری سے تعلق رکھنے والے لوگ مسلمانوں کی خدمت کریں، مجھے شرم آتی ہے اس صورتحال پر کہ مسلمان کیوں اتنی منافع خورہ کرتے ہیں۔ ڈاکٹر افنان اللہ نے کہا کہ رمضان میں چیزوں کی قیمتوں میں اضافہ ڈیمانڈ اینڈ سپلائی کی وجہ سے ہے، یہ مسلمانیت کا معاملہ نہیں، فنانس کا اصول ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ حکومت چالیس ہزار خاندانوں کو 10 ہزار روپے دے رہی ہے۔ ندیم احمد بھٹو نے کہا کہ جب شیاطین بند ہوجاتے ہیں تو رمضان میں ناجائز منافع خوری کون کرتا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 18

ادائیگی کے لیے جاتے وقت ایئرپورٹ پر آف لوڈ کرنے کے معاملے پر پشاور ہائیکورٹ میں توہین عدالت کی درخواست دائر کردی۔ تفصیلات کے مطابق انہوں نے اپنی درخواست میں مؤقف اپنایا ہے کہ عمرہ کے لیے جانا چاہتا ہوں، جس کے لیے عدالت نے وزارت داخلہ کو نام پی این آئی ایل سے نکالنے کا حکم دیا تھا تاہم عدالتی حکم کے باوجود مجھے عمرہ کی ادائیگی کے لیے جانے نہیں دیا گیا، مجھے ایئرپورٹ پر روک کر عدالتی حکم کی توہین کی گئی اور ایئرپورٹ پر طیارے سے آف لوڈ کیا گیا۔

بقیہ بقیہ جات 19

اسٹاک ایکسچینج میں 100 انڈیکس میں 305 پوائنٹس کا اضافہ دیکھنے میں آیا، 100 انڈیکس ایک لاکھ 12 ہزار 559 پوائنٹس پر ٹریڈ کرتے دیکھا گیا۔ پاکستان اسٹاک ایکسچینج میں گزشتہ کاروباری دن منفی رہا، گزشتہ روز کاروبار کے اختتام پر 100 انڈیکس 490 پوائنٹس کم ہوکر ایک لاکھ 12 ہزار 253 پوائنٹس پر بند ہوا۔ انٹربینک میں کاروبار کے آغاز پر ڈالر 3 پیسے مہنگا ہوگیا، انٹربینک میں ڈالر 279 روپے 90 پیسے میں ٹریڈ ہو رہا ہے۔ گزشتہ روز کاروبار کے اختتام پر انٹربینک میں ڈالر 279 روپے 87 پیسے پر بند ہوا تھا اور روپے کی قدر میں 10 پیسے کی کمی ہوئی تھی۔

بقیہ بقیہ جات 20

پالیسی کی کمزوریاں آشکار کردیں، مودی کی امریکی حکام سے ملاقات، مختلف امور پر گفتگو، مگر بھارتی شہریوں کی ملک بدری اور امیگریشن پالیسی پر کوئی پیش رفت نہیں، امریکی صدر ٹرمپ کی سخت امیگریشن پالیسی کے تحت محض فروری میں ہی اب تک بھارت کے 332 شہریوں کو غیر قانونی طور پر ملک بدر کیا۔ امریکی حکومت نے تین فوجی پروازوں کے بعد بھارتی ڈیپورٹیز کو وسطی امریکی ممالک بھیجنے کا فیصلہ کرلیا، بھارتی شہریوں کو وطن واپسی مکمل ہونے تک ترقی پذیر ممالک میں رکھا جائے گا، اس حوالے سے پاناما اور کوسٹاریکا نے بھارت کے غیر قانونی تارکین وطن کو قبول کرنے پر رضامندی ظاہر کی، اب تک امریکہ میں مقیم غیر قانونی بھارتیوں کو ملک بدر کرنے کی تین پروازیں بھارتی ریاست پنجاب کے شہر امرتسر میں اتریں، غیر قانونی طور پر مقیم بھارتی شہریوں کو ہتھکڑیاں پہنا کر ملک بدر کیا گیا جبکہ مودی سرکار نے اس پر مجرمانہ خاموشی اختیار کرلی۔

بقیہ بقیہ جات 21

2017 سے چین میں رہ رہے ہیں جو 2022 میں چین کے مشرقی شہر وے ہائی میں شان ڈونگ یونیورسٹی سے منسلک ہوئے۔ وہ اس وقت شان ڈونگ یونیورسٹی کے انسٹی ٹیوٹ آف انٹرنیشنل سٹڈیز میں پوسٹ ڈاکٹریٹ فیلو ہیں اور سنٹر فار گلوبل ڈویلپمنٹ اینڈ بی آر آئی سٹڈیز میں تحقیق کے فرائض انجام دے رہے ہیں۔ شان ڈونگ یونیورسٹی کے انسٹی ٹیوٹ آف انٹرنیشنل سٹڈیز کے ایگزیکٹو ڈائریکٹر لی یوآن نے سید جمال خان کی خدمات کو سراہتے ہوئے کہا کہ گزشتہ 2 سال میں انہوں نے متعدد اعلیٰ سطح کے تدریسی مقالے شائع کئے اور بین الاقوامی کانفرنسوں میں فعال انداز میں حصہ لیا۔ اس سے چین اور پاکستان کے تعلیمی اداروں کے درمیان رابطے پروان چڑھے اور دونوں ممالک کے سکالرز کے درمیان تعاون بڑھا۔ شنہوا کو انٹرویو میں سید جمال خان نے چین میں 8 سال رہنے کے تجربات پیش کئے۔ انہوں نے کہا کہ چین میں میرا وقت انتہائی مفید رہا ہے۔ میں اس کی بھرپور ثقافت، روایتی تہواروں، شاندار مناظر، متحرک شہروں اور جدید اختراعات سے بہت محظوظ ہوتا ہوں۔ بین الاقوامی تجارت، ترقیاتی معیشت اور تجارتی پالیسیوں میں مہارت رکھنے والا ایک مانے ہوئے ماہر اقتصادیات کے طور پر یہ نوجوان سکالر چین کی ترقی اور حالیہ برسوں میں ہونے والی تبدیلیوں پر ایک منفرد نکتہ نظر پیش کرتا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 22

ذرائع کے مطابق ڈی پی او محمد صہیب اشرف نے ضلع میں اچھی کارکردگی کا مظاہرہ کرنے پر تھانہ بھیرہ کے اے ایس آئی ملک ریاض، ہیڈ کانسٹیبل ملک سکندر حیات، کانسٹیبل اظہر انجم کو اچھی کارکردگی پر نقد انعامات اور تعریفی سرٹیفکیٹس دیے اور کہا کہ آئندہ بھی اچھی کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے پولیس ملازمین کی حوصلہ افزائی کی جائے گی ڈی پی او نے کہا کہ اچھی کارکردگی پر ریوارڈ دینا ایک مثبت روایت ہے جس سے فورس کی حوصلہ افزائی ہوتی ہے۔ ایسے تمام پولیس افسران و جوان پر فخر ہے جو پولیس ڈیپارٹمنٹ کا سر فخر سے بلند کرتے ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 23

کیا، جو کہ صحت کے شعبے پر مرکوز تھا۔ یہ اقدام ڈائریکٹر جنرل ایم ایل اینڈ سی میجر جنرل عرفان احمد ملک (ہلال امتیاز ملٹری) کی ہدایات کے تحت شروع کیا گیا، جس کا مقصد نے ذہنوں کو حکومتی اداروں کے عملی کاموں سے روشناس کروانا اور نظام میں نئی سوچ کا انضمام کرنا تھا۔ اس اہم موقع پر سیکرٹری دفاع لیفٹیننٹ جنرل محمد علی (ہلال امتیاز ملٹری) بطور مہمان خصوصی شریک ہوئے، جس سے اس پروگرام کی اہمیت مزید اجاگر ہوئی۔ ملٹری لینڈز اینڈ کنٹونمنٹس ڈیپارٹمنٹ نوجوانوں کی پیشہ ورانہ تربیت اور ادارہ جاتی ترقی کے عزم کو مسلسل فروغ دے رہا ہے۔ یہ سات روزہ انٹرن شپ ایک جامع اور عملی تجربہ تھا، جس میں شرکاء کو مختلف طبی اداروں کے دورے کروائے گئے۔ ان اداروں میں AFIRM (آرمڈ فورسز انسٹی ٹیوٹ آف ریہیبلیٹیشن میڈیسن)، AFIMH (آرمڈ فورسز انسٹی ٹیوٹ آف مینٹل ہیلتھ)، AFID (آرمڈ فورسز انسٹی ٹیوٹ آف ڈینٹسٹری)، اور AFIP (آرمڈ فورسز انسٹی ٹیوٹ آف پیتھالوجی) شامل تھے۔ اس کے علاوہ، انٹرنز نے جدید ترین طبی سہولتوں سے آراستہ چکلالہ کنٹونمنٹ میڈیکل سینٹر (CCMC) اور کنٹونمنٹ جنرل ہسپتال راولپنڈی (CGH) سمیت مختلف ڈسپنسریوں کا دورہ کیا، جہاں انہوں نے طبی خدمات، مریضوں کی دیکھ بھال، اور انتظامی امور کو قریب سے دیکھا۔ اس براہ راست مشاہدے نے نہ صرف ان کے طبی فہم کو وسعت دی بلکہ انہیں ایک غیر جانبدار نقطہ نظر سے بہتری کے پہلوؤں کو جانچنے کا موقع بھی دیا۔ اس انٹرن شپ کا ایک نمایاں پہلو شرکاء کی جانب سے دی گئی قیمتی تجاویز اور سفارشات تھیں، جو کہ ملٹری لینڈز اینڈ کنٹونمنٹس ڈیپارٹمنٹ کے نظام کو مزید مؤثر بنانے کے لیے ایک کارآمد وسیلہ ثابت ہوں گی۔

بقیہ بقیہ جات 24

ترقی اور توانائی کی طلب میں کمی کا خدشہ ظاہر کیا گیا ہے۔ غیر ملکی میڈیا کی جانب سے اوپیک کی جانب سے اپریل سے پیداوار بڑھانے کے منصوبوں پر بھی خدشات کا اظہار کیا گیا ہے۔ بلومبرگ نے اپنی رپورٹ میں کہا ہے کہ ڈبلیو ٹی آئی کروڈ آئل کی قیمت میں صفر اعشاریہ پانچ سات فیصد اضافہ ہونے قیمت 66 ڈالر 69 سینٹ فی بیرل ہوگئی ہے۔ بلومبرگ کے مطابق برینٹ کروڈ آئل کی قیمت میں صفر اعشاریہ پانچ آٹھ فیصد اضافہ ہوا جس کے بعد برینٹ کروڈ آئل کی قیمت 69 ڈالر 70 سینٹ فی بیرل کی سطح پر پہنچ گئی ہے۔

بقیہ بقیہ جات 25

طلب کیا ہے۔ اسلام آباد ہائی کورٹ میں سینیٹر اعجاز چوہدری کی سینیٹ اجلاس میں شرکت کے لیے پروڈکشن آرڈرز سے متعلق درخواست کی سماعت کی۔ قائم مقام چیف جسٹس اسلام آباد ہائی کورٹ سرفراز ڈوگر نے پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) سینیٹر اعجاز احمد چوہدری کی سینیٹ اجلاس میں شرکت کیلئے پروڈکشن آرڈرز جاری کرنے کی درخواست پر سماعت کی۔ عدالت نے فریقین کو نوٹس جاری کرتے ہوئے بدھ تک جواب طلب کرلیا۔ درخواست گزار کے وکیل بابر اعوان عدالت میں پیش ہوئے۔ عدالت نے استفسار کیا کہ یہ معاملہ لاہور ہائی کورٹ کا دائرہ اختیار نہیں بنتا جس پر درخواست گزار کے وکیل نے جواب دیا کہ اسلام آباد ہائی کورٹ کا ہی دائرہ اختیار ہے جس کی 3 بڑی وجوہات ہیں۔ بابر اعوان نے محمد خان جونیجو، جاوید ہاشمی کیسز اور سپریم کورٹ آف پاکستان کے مختلف فیصلوں کا بھی حوالہ دیا۔ اسلام آباد ہائی کورٹ نے نوٹسز جاری کرتے ہوئے سماعت بدھ تک ملتوی کردی۔ درخواست میں وفاق بذریعہ وزارت داخلہ، سیکرٹری سینیٹ کو فریق بنایا گیا۔ آئی جی جیل خانہ جات پنجاب، سپرنٹنڈنٹ لاہور جیل اور آئی جی اسلام آباد بھی فریق بنائے گئے ہیں۔ درخواست میں موقف اختیار کیا گیا کہ 9 مئی 2023 کو ایم پی او کے تحت گرفتار کیا گیا جو لاہور ہائی کورٹ سے ختم ہوا۔ ایم پی او ختم ہونے پر 9 مئی کے جعلی اور بوگس مقدمہ میں گرفتاری ڈال دی گئی۔ لاہور جیل میں قید ہوں، سینیٹر ہوں اور اجلاس میں شرکت حق ہے۔ استدعا ہے کہ ہر سینیٹ اجلاس اور پارلیمنٹ کے مشترکہ اجلاس میں شرکت کا حکم دیا جائے

بقیہ بقیہ جات 26

میں پیدا ہونے والے سیاسی خلا اور عوامی مسائل کے پیش نظر محمود مولوی ایک نئی جماعت کی بنیاد رکھنے کی تیاری میں مصروف ہیں جس کا باضابطہ اعلان جلد متوقع ہے۔ محمود مولوی ایک تجربہ کار سیاستدان اور تاجر ہیں جنہوں نے مختلف سیاسی جماعتوں کے ساتھ وابستہ رہتے ہوئے اپنی شناخت بنائی۔ وہ ماضی میں پاکستان تحریک انصاف کا حصہ رہے اور پارٹی کے اندر ایک نمایاں مقام رکھتے تھے۔ انہیں پاکستان کے عوامی مسائل کے حل کے لیے موثر اقدامات کرنے والا رہنما سمجھا جاتا ہے۔ سیاسی میدان میں قدم رکھنے سے قبل محمود مولوی کا کاروباری شعبے میں بھی وسیع تجربہ رہا ہے۔ وہ شپنگ اور ٹریڈنگ کے شعبے میں ایک اہم نام ہیں اور قومی اور بین الاقوامی سطح پر ان کے کاروباری روابط بھی مضبوط سمجھے جاتے ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 27

کو گرفتار کرلیا۔ ترجمان ایف آئی اے کے مطابق ملزم عثمان خان کو گجرات سے گرفتار کیا گیا ہے، ملزم نے یورپ بھجوانے کے لیے ایک شہری سے 24 لاکھ روپے وصول کیے تھے اور ملزم اس سے قبل درجنوں مقدمات میں ایف آئی اے کو مطلوب تھا، گرفتار ملزم کا نام وزارت داخلہ کی ریڈ بک میں شامل ہے، ملزم کو تھانہ ایف آئی اے منتقل کردیا گیا جہاں ملزم سے مزید تحقیقات کا آغاز کردیا گیا۔ دوسری طرف انسانی سمگلروں کی ایک اور واردات سامنے آئی ہے جس میں انہوں نے لاہور کے نوجوانوں سے لاکھوں روپے ہتھیا کر انہیں بیرون ملک بیچ ڈالا، غیر قانونی طور پر 3 نوجوانوں کو بیرون ملک بھجوانے پر 5 ملزمان کے خلاف مقدمات درج کر لیے گئے، صوبائی دارالحکومت لاہور کے علاقہ رائیونڈ کے رہائشی ماجد اقبال خان نے اس حوالے سے ایف آئی اے میں درخواست دی جس کی بنیاد پر مقدمات کا اندراج کیا گیا۔ متاثرہ نوجوانوں کے ماموں کی جانب سے کہا گیا کہ میرے 3 بھانجوں کو اٹلی بھجوانے کے لیے ہم نے 5 ملزمان کو 90 لاکھ روپے دیئے، تاہم ملزمان کی جانب سے سہیل، ارسلان اور خرم کو پڑوسی ملک لے جاکر مزید رقم طلب کا تقاضا کیا گیا، جس کے بعد انسانی سمگلروں نے نوجوانوں کو اغواء کاروں کو فروخت کردیا، ان اغوا کاروں نے نوجوانوں کو تشدد کا نشانہ بنایا اور ان کی ویڈیوز بنا کر گھر والوں کو بھیج دیں، جس کے ساتھ بھیجے جانے والے پیغام میں اغوا کاروں نے نوجوانوں کی رہائی کے لیے 2 کروڑ 80 لاکھ روپے بھی طلب کیے ہیں، ہم حکومت پاکستان سے ہمارے پیاروں کو بازیاب کرانے کی اپیل کرتے ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 28

۔انہوں نے کہا کہ اگر ہم نے دہشتگرد کو امریکا کے حوالے کیا تو کیا ہوا، دہشتگردی کے خلاف پاکستان فرنٹ لائن پر لڑ رہا ہے، افغانستان میں امریکا نے ہائی ٹیک اسلحہ چھوڑا، امریکا کہہ رہا ہے کہ اسلحہ واپس لے رہا ہے تو اچھی بات ہے، امریکی اسلحے سے دہشتگردی میں اضافہ ہوا۔ وزیر دفاع نے کہا کہ سیاسی مخالفین نے مفاہمت کی کوئی بات کی؟ تین چار مرتبہ حملے کرچکے ہیں اور عید کے بعد دوبارہ حملے کا کہہ رہے ہیں، اب مفاہمت کے بجائے مزاحمت کی سیاست ہوگی، کے پی حکومت دہشتگردی کے خلاف جنگ کا ملبہ خود بھی اٹھائے، پاراچنار کے حالات سب کے سامنے ہیں وہ تو ہمارے زیر انتظام نہیں۔ خواجہ آصف نے کہا کہ بانی پی ٹی آئی نے پہلے یہاں خطوط بازی کی پھر عالمی درجہ دیا، خطوط کا حشر پہلے ہوا، وہ ہی اب ہوگا، بانی پی ٹی آئی کو کوئی سیاسی لوگ نہیں بلکہ جادوگر مشورہ دے سکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پرویز خٹک کو صوبے سے وفاق میں لانے کے بعد خیبر پختونخوا میں لوٹ مار کی گئی۔

بقیہ بقیہ جات 29

این ایف) کے مطابق مختلف کارروائیوں میں 3 کروڑ 81 لاکھ سے زائد مالیت کی 406.98 کلوگرام منشیات برآمد کرلی گئیں۔ منشیات کی فروخت اور اسمگلنگ میں ملوث غیر ملکی شہری اور خاتون سمیت 8 افراد کو گرفتار کیا گیا۔ ایم ون موٹروے اسلام آباد کے قریب خاتون سے 4.8 کلو افیون اور 7.2 کلو چرس برآمد کرکے گرفتار کرلیا گیا۔ ایم ون موٹروے اسلام آباد پر دوسری کارروائی میں گاڑی میں چھپائی گئی 8.4 کلو چرس برآمد ہوئی۔ 2 ملزمان کو گرفتار کیا گیا جبکہ ایم ون موٹروے اسلام آباد پر ایک اور کارروائی کے دوران مسافر بس میں سوار ملزم سے 2.4 کلو چرس برآمد ہوئی۔

بقیہ بقیہ جات 30

عباس بپی کی معاملے پر تفصیلی رپورٹ پیش کرنے کی ہدایت کی ہے جمعرات کو سینیٹ اجلاس کے دوران ڈپٹی چیئرمین سینیٹ سیدال ناصر نے سینیٹ سیکرٹریٹ اور وفاقی وزیر پارلیمانی امور کو ہدایت کی کہ سینیٹر عون عباس بپی اس ایوان کے معزز رکن ہیں انہوں نے کہا کہ اس حوالے سے مفصل رپورٹ آج ہی اس ایوان کو فراہم کی جائے انہوں نے کہا کہ ایوان کی کارروائی چلانے کیلئے سب کو مل کر بیٹھنا ہوگا۔

بقیہ بقیہ جات 31

احمد ولد ذوالفقار علی شیخ کو ہائی انرجی فزکس، بشریٰ سلیم دختر محمد سلیم صفدر کو فارمیسی (فارماسیوٹیکل کیمسٹری)، امیر حمزہ ولد میاں سلطان محمود کو اسلامک سٹڈیز، حافظ محمد صفدر ولد محمد صدیق کو اسلامک سٹڈیز، محمد عادل نواز خان ولد محمد نواز خان کو انٹرنیشنل ریلیشنز، محمد انور ولد محمد شفیع کو اسلامک سٹڈیز، بلال جاوید ولد جاوید اقبال کو زوالوجی، کومل احمد دختر گلزار احمد کو زوالوجی، بہی رشید دختر عبدالرشید کو زوالوجی، میمونہ آصف دختر آصف علی کو ایگریکلچرل سائنسز (پلانٹ پیتھالوجی) اور ژانگ ٹونگ ولد ژانگ کی کو تاریخ کے مضمون میں، پی ایچ ڈی مقالہ جات کی تکمیل کے بعد، پی ایچ ڈی کی ڈگریاں جاری کر دی ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 32

درخواست ضمانت کنفرم کردی گئی۔ دونوں رہنماؤں کو پانچ پانچ ہزار کے مچلکے جمع کرانے کا حکم دیا گیا ہے۔ انسداد دہشتگردی عدالت اسلام آباد میں عمر ایوب، زرتاج گل کے خلاف سنگجانی جلسہ کیس کی سماعت ہوئی، اے ٹی سی جج ابوالحسنات ذوالقرنین کی رخصت کے باعث ڈیوٹی جج طاہر عباس سپرا نے سماعت کی، عمر ایوب، زرتاج گل کی جانب سے وکیل سردار مصروف عدالت پیش ہوئے، عمر ایوب، زرتاج گل کی درخواست ضمانت کنفرم کردی گئی، عمر ایوب، زرتاج گل کی ضمانت پانچ ہزار روپے مچلکوں کے عوض کنفرم کی گئی۔

بقیہ بقیہ جات 33

سے کچھ تحفظات ہیں، ہم مولانا صاحب کے تمام تحفظات دور کرنا چاہتے ہیں، ہم بانی پی ٹی آئی عمران خان تک دونوں جماعتوں کا مؤقف پہنچائیں گے۔ ان کا کہنا تھا کہ ہم چاہتے ہیں مولانا صاحب اپوزیشن اتحاد میں شامل ہوں، ہم مزاحمت کی سیاست نہیں کرنا چاہتے لیکن ہمیں ایسا کرنے پر مجبور کیا گیا ہے، ہم سیاسی لوگ ہیں سیاسی ڈائیلاگ پر یقین رکھتے ہیں، جب ہمیں سیاسی سرگرمی نہیں کرنے دینگے تو پھر ہم سے کیا امید رکھیں گے۔ جنید اکبر نے کہا کہ ہم امریکا سے بلکل امید نہیں لگا کے بیٹھے تھے، ہمیں بائیڈن انتظامیہ کے کردار پر تحفظات تھے۔

بقیہ بقیہ جات 34

اور سرپرستی حاصل ہے۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ 5 مارچ 2025 کو بلوچستان میں پاک افغان سرحد کے قریبی علاقے ٹوبہ کاکڑی میں سیکیورٹی فورسز نے کامیاب آپریشن کیا، جس میں 4 اہم دہشتگرد گرفتار کیے گئے۔ دہشت گردوں سے کلاشنکوفیں، دستی بم اور دیگر آتشیں اسلحہ برآمد ہوا ہے جب کہ گرفتار دہشت گردوں نے دہشتگردی کی بڑی کارروائی کی منصوبہ بندی کا اعتراف بھی کیا ہے۔ گرفتار دہشتگرد نے اعترافی بیان میں بتایا کہ میرا نام اسام الدین ولد گلشاد ہے۔

بقیہ بقیہ جات 35

تک 13 ہزار 451 کارڈ کسانوں نے وصول کر لیے ہیں۔ جبکہ 10 ہزار 990 کسانوں کے 77 ہزار 627 بچھڑے/کٹڑے کو گریڈڈ کیا گیا ہے اور پی اے آئی ٹی ایس (Paits) نے قرض کے لیے منظور کرلیا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ لائیو سٹاک کارڈ کی فارمرز کو بروقت ڈلیوری کے حوالے سے کسی قسم کی کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی۔ تمام ڈویژنز میں تعینات ڈائریکٹرز کو روزانہ کی بنیاد پر بذات خود لائیو سٹاک کارڈ ڈلیوری سنٹرز کے دورے کرنے کے احکامات جاری کیے۔ ایسے فارمرز جن کے کارڈز سنٹرز پر پہنچ گئے ہیں اور وہ کارڈ وصولی کے لیے نہیں آرہے ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 36

ایل پی جی اور مائع کیمیکلز کی مسلسل فراہمی کے لیے توسیع کا مطالبہ کیا ہے، جو کمپنی کا پورٹ قاسم اتھارٹی ٹرمینل کی اہمیت سے استفادہ حاصل کرنے کا واضح عزم ہے، اس سے ایل پی جی کی درآمدات میں 35 فیصد تک اضافہ اور معیشت میں بہتری متوقع ہے، ایس آئی ایف سی کی معاونت سے پورٹ قاسم اتھارٹی ٹرمینل کی ایل پی جی درآمدات سے صنعتی سرگرمیاں بڑھیں گی اور قومی معیشت کو فائدہ ہوگا، ایس آئی ایف سی کے تعاون سے پیٹرولیم ڈویژن کی اہم پیشرفت اقتصادی استحکام اور صنعتی ترقی میں معاون ثابت ہوگی

بقیہ بقیہ جات 37

جہازوں کے ساتھ باہمی تعاون کا اور بحری صلاحیتوں کا مظاہرہ کیا، پی این ایس اصلت نے کولمبو سری لنکا کا بھی دورہ کیا، کمانڈنگ آفیسر پی این ایس اصلت نے کمانڈر ویسٹرن نیول ایریا اور دیگر فوجی حکام سے ملاقاتیں کیں، پاک بحریہ کے جہاز ریجنل میری ٹائم سیکیورٹی پٹرول پر باقاعدگی سے تعینات کیے جاتے ہیں، پی این ایس اصلت کا سری لنکا اور انڈونیشیا کا دورہ دونوں دوست ممالک کے ساتھ بحری تعاون کو فروغ دینے میں اہم کردار ادا کرے گا۔

بقیہ بقیہ جات 38

احتجاج بن گئے۔ احتجاج کی قیادت صدر اے ایس اے ڈاکٹر محمد شعیب اور جنرل سیکرٹری ڈاکٹر تنویر قاسم نے کی۔ اساتذہ اور ملازمین نے سیاہ پٹیاں باندھ کر پلے کارڈز اٹھا رکھے تھے جن پر مختلف نعرے اور مطالبات درج تھے۔ اساتذہ رہنماؤں صدر اے ایس اے ڈاکٹر محمد شعیب اور جنرل سیکرٹری ڈاکٹر تنویر قاسم شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ حکومت ٹیکس ریبیٹ کا رخ بزنس کمیونٹی کی طرف موڑے۔ اساتذہ کوئی بزنس نہیں کرتے انکا گزارہ صرف تنخواہوں پر ہوتا ہے۔ اساتذہ کے پاس ذرائع آمدن محدود ہوتے ہیں اور یونیورسٹیز کے اساتذہ کا اپنے مطالبات کیلئے سڑکوں پر آنا لمحہ فکریہ ہے۔

بقیہ بقیہ جات 39

ہوتا ہے، مذہبی فریضے کو ادا کرنے کے لیے لاکھوں عقیدت مند یاتری گنگا، یمنا اور سابر جیسے مقدس دریاؤں میں غوطہ لگاتے ہیں، حکومتی اعداد و شمار کے مطابق، امسال 50 کروڑ سے زیادہ ہندو یاتریوں نے مہاکمبھ میں شرکت کی اور ماں کا درجہ رکھنے والی مقدس گنگا ندی میں روح کی پاکیزگی حاصل کرنے کے لیے غوطہ لگایا، حکومت کے مرکزی آلودگی کنٹرول بورڈ (CPCB) کے مطابق گنگا دریا کے پانی میں آکسیجن کی ضرورت کو ظاہر کرنے کے اشاریے بی او ڈی (BOD) کے مطابق پینے کے لیے بی او ڈی 0 اور نہانے کے لیے 3 ملی گرام فی لیٹر ہونا چاہیے، 13 جنوری 2025 کو مہاکمبھ شروع ہونے پر بی او ڈی کی سطح 3.94 ملی گرام فی لیٹر تھی۔

بقیہ بقیہ جات 40

والا شہر میں تیس ہزار سے زائد افراد کو دس ہزار کے پے آرڈرز پر بینکوں کے مقرر کردہ ریٹیلرز جو ادائیگیاں کر رہے ہیں ان میں 500 روپے کی کھلم کھلا کٹوتی کی جانے لگی اس حوالہ سے مستحقین کا کہنا ہے کہ ریٹیلرز انکو دس ہزار روپے دینے کی بجائے 9500 روپے دے رہے ہیں اور ہر بندے سے 500 روپے کی زبردستی کٹوتی کر رہے ہیں جو ظلم ہے اس مبینہ کٹوتی کی اطلاع پا کر اسسٹنٹ کمشنر ملک فاروق احمد نے عارف بازار میں واقع ریٹیلرز کی دکان پر چھاپہ مار کر اسے کٹوتی کرتے ہوئے رنگے ہاتھوں گرفتار کرلیا انکا کہنا تھا کہ انہوں نے رمضان نگہبان ریلیف پیکیج میں کی گئی کٹوتیاں واپس کروادی ہیں ریٹیلر کو گرفتار کرکے اسکے خلاف مقدمہ درج کیا جارہا ہے جبکہ اسکی ڈیوائس بھی ضبط کر لی جارہی ہے کسی کو ایسی کٹوتی ہرگز نہیں کرنے دی جائے گی۔

بقیہ بقیہ جات 41

شہباز شریف اور وزیر اعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نواز شریف کی قیادت میں حکومت کی ایک سالہ کارکردگی نہایت شاندار رہی ہے ملک نے معاشی اور سیاسی استحکام میں خاطر خواہ کامیابی حاصل کی ہے یہ سب وزیر اعظم پاکستان اور کولیشن جماعتوں کی سپورٹ کی شبانہ روز محنت کی وجہ سے ہوا ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز اپنے آفس میں میڈیا کے نمائندوں سے گفتگو کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ اس سلسلہ میں آرمی چیف جنرل حافظ عاصم منیر کی کاوشیں قابل تحسین ہیں انہوں نے کہا کہ وزیر اعظم پاکستان میاں شہباز شریف اور وزیر اعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نواز شریف کی جانب سے رمضان المبارک کے بابرکت مہینے میں وزیر اعظم رمضان پیکج اور وزیر اعلیٰ پنجاب کی طرف سے نگہبان پروگرام کے تحت بیس ارب اور تیس ارب روپے سے تیس لاکھ گھرانوں اور تیس لاکھ گھرانوں کو دس دس ہزار روپے تحفہ دیا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 42

مطابق تھانہ آرائے بازار کے علاقے سے کار چوری کی اطلاع پر آرائے بازار سے کار چوری کی اطلاع پر چکری پولیس نے ناکہ بندی کر رکھی تھی جہاں پر فرار ہوتے ملزمان نے پولیس پارٹی کو دیکھ کر فائرنگ شروع کردی فائرنگ کے دوران طارق نامی کار لفٹر ہلاک ہو گیا جبکہ اس کے دو ساتھی فرار ہوگئے۔

بقیہ بقیہ جات 43

عملے کے درمیان قبولیت کو فروغ دینے کے لیے ایک مثبت اقدام ہے، کنیئرڈ کالج برائے خواتین کے معاون عملے نے کالج انتظامیہ کی طرف سے رمضان راشن تقسیم کرنے کے اقدام کو سراہتے ہوئے کنیئرڈ کالج فار ویمن مینجمنٹ کی پرنسپل کا تہہ دل سے شکریہ ادا کیا اور کالج کی ترقی اور خوشحالی کے لیے دعا کی۔

بقیہ بقیہ جات 44

بن چکا، افغانستان کے خلاف مستقبل میں انتہائی سخت حکمت عملی اپنائی جانے والی ہے۔ نجی ٹی وی کے پروگرام میں گفتگو کرتے ہوئے ٹرمپ کی جانب سے دہشتگردی کے خلاف پاکستان کے کردار کو سراہائے جانے کے سوال پر بات کرتے ہوئے محسن بیگ نے کہا پی ٹی آئی نے واشنگٹن میں بیٹھے اپنے لابی کرنے والوں کو غلط امید دلا رکھی تھی ایسا کبھی نہیں ہوتا کہ کوئی کہ ریاستی لیول پر آپ یہ توقع کریں کہ کوئی ملک فون کال پر آپ کے کسی لیڈر کو دباو ڈال کر کے رہا کروا دیگا۔ ابھی تک ڈاکٹر شکیل آفریدی جیل میں ہے سٹیٹ ڈیپارٹمنٹ نے بھی اسکی رہائی کے لئے کافی زور دیا تاہم کوئی فائدہ نہ ہوا۔ تاہم انہوں نے کہا کہ اگر کوئی معمولی نوعیت کا جرم ہوتو ایسا ممکن ہو بھی سکتا ہے جیسا کہ خدیجہ شاہ کیس میں ہوا کہ وہ امریکی سیکرٹری آف سٹیٹ کی فون کال پر رہا ہوئی تھی۔ انہوں نے کہا کہ اس وقت ہم بدترین دہشتگردی کا شکار ہیں ایسے میں اگر کوئی ملک اس جنگ کے خاتمے میں ہمیں تعاون فراہم کرتا ہے اور ہم دہشتگردوں کا سر کچلنے میں کامیاب ہوجاتے ہیں تو ہمیں یہ ضرور کرنا چاہیے۔

بقیہ بقیہ جات 45

کے فروغ کے لیے ایس سی او کی جانب سے آزاد کشمیر میں فری لانسنگ ہبز کا جال بچھایا جا رہا ہے، یہ فری لانسنگ ہب نوجوانوں، خواتین اور پسماندہ طبقے کو آن لائن روزگار کے مواقع فراہم کرے گا، "ایس سی او کی جانب سے فری لانسنگ ہب میں جدید آئی ٹی سہولیات اور تربیت فراہم کی جا رہی ہیں"، "یہ اقدام نہ صرف بے روزگاری کے خاتمے میں معاون ثابت ہوگا بلکہ آزاد کشمیر کے نوجوانوں کو ڈیجیٹل معیشت میں مؤثر کردار ادا کرنے کا موقع بھی فراہم کرے گا، ایس سی او ڈیجیٹل پاکستان کے خواب کو حقیقت بنانے کیلئے پرعزم ہے۔

بقیہ بقیہ جات 46

75 ہزار، علی ٹاؤن کے قریب عدیل سے 10 ہزار روپے، فون، سرگودھا روڈ بابا چک کے قریب انس سے 70 ہزار روپے، فون، گورنمنٹ گرلز ہائی سکول 120 ج ب کے قریب حسنین سے جھپٹا مار کر فون، ڈرائی پورٹ کے قریب نواز سے نقدی، فون چھین لیا، 192 رب کے قریب علی رضا سے 54 ہزار روپے، فون، 107 رب کے آصف علی سے 8 ہزار روپے، فون، پیپلز کالونی کے رہائشی محمد علی بٹ کے گھر کے تالے توڑ کر لاکھوں کے زیورات، قیمتی سامان چور لے گئے۔

بقیہ بقیہ جات 47

کئے جائیں، پنجاب کی 65 فیصد سے زائد آبادی نوجوان نسل پر مشتمل ہے، نوجوانوں کو آگے لا کر ہی ترقی کی میدان میں آگے بڑھا جاسکتا ہے، چیف منسٹر انٹرن شپ پروگرام کے پہلے فیز میں چھ ہزار نوجوانوں کو ماہانہ 25 ہزار روپے وظیفہ دیا جا رہا ہے، یہ انٹرنیز کیلئے بہت زیادہ اہمیت کے حامل ہیں، صوبائی وزیر کھیل و امور نوجوانان پنجاب ملک فیصل ایوب کھوکھر نے مزید کہا ہے کہ وزیر اعلیٰ پنجاب نے مجھ جیسے نوجوان کو سپورٹس اینڈ یوتھ افیئرز ڈیپارٹمنٹ کا منسٹر بنایا جو میرے لئے ایک اعزاز کی بات ہے میں پوری کوشش کر رہا ہوں کہ ان کے ویژن کے تحت کام کروں، اس لئے آج فریش گریجویٹس کو چیف منسٹر انٹرن شپ پروگرام کے ذریعے نوجوانوں کو مواقع مہیا کیے ہیں ان کو مختلف ڈیپارٹمنٹس میں تربیت دی جا رہی ہے۔

بقیہ بقیہ جات 48

اعظم سے 550 گرام چرس، تھانہ رتہ امرال پولیس نے امتیاز سے 520 گرام چرس، تھانہ کہوٹہ پولیس نے اعظم سے 600 گرام چرس، تھانہ گوجر خان پولیس نے جمیل اختر سے 540 گرام چرس، تھانہ آرائے بازار پولیس نے مشکوک کار کی چیکنگ کے دوران سلیمان اور شیراز سے 100 بوتل شراب، پیکنگ کا سامان (سٹیکرز، ڈھکن اور خالی بوتلیں) برآمد کرنے کے ساتھ ملزمان کے زیر استعمال کار بھی قبضہ میں لے لی پولیس کے مطابق ملزمان نے دوران تفتیش اعتراف کیا کہ وہ عید پر جعلی شراب بنا کر فروخت کرتے ہیں۔ ادھر تھانہ نصیر آباد پولیس نے شراب سپلائر اعجاز سے 120 لیٹر شراب، تھانہ گنجمنڈی پولیس نے راحت رفیق سے 5 لیٹر شراب، تھانہ کلر سیداں پولیس نے اورنگزیب سے 5 لیٹر شراب، تھانہ بنی پولیس نے فاروق سے 1 پستول 30 بور، محمد عباد سے 1 پستول 30 بور، احسن سے 18 روند پستول 30 بور برآمد کرلئے۔

بقیہ بقیہ جات 49

ڈے بھی وسیب کے کلچر کے فروغ کیلئے اہم پروگرام کا حصہ ہے، جس میں سرائیکی وسیب میں بسنے والے افراد بھرپور شرکت کرتے ہیں، اس پروگرام میں سرائیکی جھومر اور سرائیکی اجرک کے علاوہ سرائیکی ریت پر گفتگو اور پروگرام ہوتے ہیں۔ سرائیکی اجرک صدیوں پہلے کا قدیمی پہناوا ہے اس کا آئیڈیا سندھی اجرک سے لیا گیا۔ نیلا رنگ سرائیکی خطے کی اکثر عمارتوں اور مزارات میں نظر آتا ہے اس لیے اسے روحانیت کا رنگ بھی کہا جاتا ہے اسی بنیاد پر سرائیکی اجرک کو ملتانی کاشی گری کے گہرے نیلے اور فیروزی رنگوں سے پرنٹ کروا کے متعارف کروایا گیا۔ اجرک عربی زبان کے لفظ ازرک سے لیا گیا جس کے معنی نیلے رنگ کے ہیں اس لئے نیلے رنگ کی سرائیکی اجرک بھی خطے کی ثقافت میں ڈھل چکی ہے اور اس کی مقبولیت میں روز بروز اضافہ ہو رہا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 50

تنازع پر شوہر نے بیوی کو گالیاں دیں، تشدد کیا اور سر کے بال کاٹ دیے۔ خواتین ظلم، تشدد و ہراسگی کی صورت میں فوری 15 ڈائل کریں اور 2 دبا کر وومن پولیس اسٹیشن سے مدد حاصل کریں

بقیہ بقیہ جات 51

کہ جناح ہسپتال لاہور میں جاری ری ویمپنگ منصوبے کو ترجیحی بنیادوں پر مکمل کیا جائے۔ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی ہدایت پر سرکاری ہسپتالوں میں ری ویمپنگ منصوبے کو ہنگامی بنیادوں پر مکمل کیا جا رہا ہے۔ سرکاری ہسپتالوں میں مریضوں کیلئے آسانیاں پیدا کرنے کی پوری کوشش کی جارہی ہے۔ ری ویمپنگ منصوبے میں کسی قسم کی کوتاہی برداشت نہیں کی جارہی۔ اجلاس میں سپیشل سیکرٹری ڈویلپمنٹ ذیشان شبیر رانا، چیف پلاننگ آفیسر عبدالحق بھٹی و دیگر افسران نے شرکت کی۔ اجلاس میں پرنسپل علامہ اقبال میڈیکل کالج پروفیسر سید اصغر نقی، ایم ایس جناح ہسپتال لاہور ڈاکٹر کاشف جہانگیر، چیف انجینئر، ایکسین اور سی اینڈ ڈبلیو کے افسران نے شرکت کی۔

بقیہ بقیہ جات 52

رہی تھی، گزشتہ روز ملزمان زاہد، ارشد وغیرہ اس کے گھر آئے اور بہانے سے اسکے بھتیجے کو باہر بلایا اور باتوں باتوں میں تلخ کلامی ہونے پر فائرنگ کرکے فلک شیر کو بری طرح زخمی کر دیا، جسے تشویشناک حالت میں ہسپتال لایا جارہا تھا کہ وہ راستے میں ہی زندگی کی بازی ہار گیا۔

بقیہ بقیہ جات 53

کے لیے بھی اسپتال منتقل کردیا گیا ہے۔ ریسکیو ذرائع کا کہنا ہے کہ اسکول کے بچوں کو معمولی چوٹیں آئیں، تاہم ان کی حالت خطرے سے باہر ہے۔

بقیہ بقیہ جات 54

کہ فی تولہ چاندی 54 روپے اضافے کے بعد 3,369 اور دس گرام چاندی کی قیمت 46 روپے اضافے کے بعد 2,888 روپے ہوگئی ہے۔ ایسوسی ایشن نے رپورٹ کیا کہ بین الاقوامی مارکیٹ میں سونے کی قیمت 2,916 ڈالر سے بڑھ کر 2,921 ڈالر ہوگئی۔

بقیہ بقیہ جات 55

گاڑی نمبر AHF-321 ادھار لیکر گیا اور حسب وعدہ گاڑی واپس نہ کی، چند روز گزرنے کے بعد ملزم کو گاڑی واپس کرنے کے کہا تو وہ انکاری ہوگیا، جس پر پولیس نے زیر دفعہ 406 ت پ کے تحت مقدمہ درج کرکے گاڑی کی واپسی کیلئے ملزم کی تلاش شروع کردی ہے۔

بقیہ بقیہ جات 56

برآمد کرکے مقدمہ درج کرلیا۔

بقیہ بقیہ جات 57

جڑانوالہ کا حسنین اکرم آرائیں۔ 202 رب بھائی والا کا عامر آرائیں۔ اور چکنمبر 38 گ ب ستیانہ کا تحقیق ودیگر شامل ہیں تھانہ سول لائن پولیس نے پانچوں ڈاکوؤں کے خلاف ڈکیتی کی نیت سے جمع ہونے کے جرم میں 402/399 ت پ کے تحت مقدمہ درج کرلیا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 58

پروفیسر ڈاکٹر ثاقب صدیق نے مفاہمتی یادداشت پر دستخط کیے۔ اس موقع پر لاہور چیمبر کے سینئر نائب صدر انجینئر خالد عثمان، نائب صدر شاہد نذیر چوہدری اور ایگزیکٹو کمیٹی کے رکن احد امین ملک بھی موجود تھے۔ معاہدے کے تحت مڈ سٹی اسپتال لاہور چیمبر کے ممبران کو مختلف طبی سہولیات پر خصوصی رعایات فراہم کرے گا۔ اس ایم او یو کے مطابق لاہور چیمبر کے ممبران کو اسپتال میں داخل مریضوں کے بلوں پر 20 فیصد رعایت، معمول کی لیبارٹری ٹیسٹوں پر 20 فیصد رعایت، ریڈیالوجی سروسز پر 20 فیصد رعایت اور فارمیسی ادویات پر 6 فیصد رعایت دی جائے گی۔

بقیہ بقیہ جات 59

خاندانوں کو کسی قسم کی دشواری کا سامنا نہ ہو۔ چوہدری جمیل احمد خاں کا کہنا تھا کہ ان کے خاندان کی روایت رہی ہے کہ ہر سال رمضان المبارک میں مستحق افراد کی مدد کی جائے۔ ان کے والد مرحوم چوہدری مقبول احمد بھی اسی جذبے کے تحت غریب خاندانوں میں راشن تقسیم کرتے تھے، اور یہ سلسلہ آج بھی جاری ہے۔

بقیہ بقیہ جات 60

ٹ اور ناپ تول میں کمی کے رجحان کی وجہ سے کروڑوں صارفین کا استحصال ہو رہا ہے۔ ہر سال 15 مارچ کو صارفین کا عالمی دن منایا جاتا ہے لیکن صارف نمائندہ تنظیمیں صرف اخباری بیانات تک محدود ہیں دوسری جانب بجلی و گیس سپلائی کے ذمہ دار ادارے، موبائل کمپنیاں اور دیگر ادارے صارفین کو حقوق کو پامال کر رہے ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 61

مطابق سورج اپنا سفر طے کرتے ہوئے اس نقطہ آغاز پر پہنچے گا جہاں اس نے پہلے روز اپنے سفر کا آغاز کیا تھا۔ 21 مارچ نئے شمسی سال کا آغاز ہے بعض ممالک میں نئے شمسی سال کے پہلے دن کو عید کے طور پر منایا جاتا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 62

خان جونیجو پاکستان کے ایک انتہائی ایماندار، کم گو وزیر اعظم تھے۔ سانحہ اوجڑی کیمپ کے بعد جنرل ضیاء الحق اور وزیر اعظم محمد خان جونیجو میں اختلافات پیدا ہوگئے جس کے بعد جنرل ضیاء الحق نے 8 ویں ترمیم کا اختیار استعمال کرتے ہوئے جونیجو حکومت کو برطرف کردیا۔

بقیہ بقیہ جات 63

کا جائزہ لینے کے بعد انہیں ریسرچ اینڈ ڈویلپمنٹ ڈیپارٹمنٹ کو ریفر کردیا گیا۔ ان طلبہ میں ڈاکٹر محمد سعد احمد ایم ایس (کارڈیک سرجری)، وقاص احمد ایم فل (ایم ایل ایس - مالیکیولر پیتھالوجی)، جاوید اقبال ایم فل (مائیکروبیالوجی)، ڈاکٹر فاطمہ رفیق ایم فل (مائیکروبیالوجی)، ڈاکٹر مبینہ عبد القیوم ایم فل (اناٹومی)، ڈاکٹر حافظہ لیاقت ایم ایس (گائنی)، ڈاکٹر آمنہ بابر ایم ڈی (انٹرنل میڈیسن)، ڈاکٹر محمد حمید چوہدری ایم ایس (کارڈیک سرجری)، ڈاکٹر وقاص علی خان ایم ڈی (پیڈیاٹرکس)، ڈاکٹر طاہرہ نواز ایم ایس (گائنی)، ڈاکٹر ہادیہ شہباز ایم فل (فارماکولوجی)، ڈاکٹر محمد نوفل الطاف ایم ایس (اینستھیزیا)، ڈاکٹر سمیعہ شہباز ایم فل (اناٹومی)، ڈاکٹر حسنہ عمر ایم فل (اناٹومی)، ڈاکٹر اسرار سعید گھمن ایم ایس (جنرل سرجری)، ڈاکٹر محمد علی عمر خان ایم ایس (جنرل سرجری)، ڈاکٹر فاطمہ الطاف ایم ڈی (پیڈیاٹرکس)، ڈاکٹر آمنہ رفیق ایم ایس (گائنی)، ڈاکٹر عطاء اللہ ایم ایس (جنرل سرجری)، ڈاکٹر اذان حسن ایم فل (فارماکولوجی)، ڈاکٹر جمیل احمد طاہر ایم ایس (جنرل سرجری)، ڈاکٹر صلاح الدین محمود ایم ڈی (انٹرنل میڈیسن)، ڈاکٹر اقراء خان ایم ایس (اینستھیزیا) اور ڈاکٹر نورین کوثر ایم ایس (جنرل سرجری) شامل تھے۔

بقیہ بقیہ جات 64

کی شہادت کے بعد کارکن ایک عظیم قائد اور رہنما سے محروم ہو گئے ہیں، جن کی کمی صدیوں تک پوری نہیں ہوسکتی۔ ایک ہفتہ گزر جانے کے باوجود خیبر پختونخوا حکومت قاتلوں کو گرفتار کرنے کی بجائے صرف تسلیاں دے رہی ہے۔ مولانا حامد الحق کے قاتلوں کی عدم گرفتاری کے خلاف جے یو آئی (س) آج ملک بھر میں احتجاج کرے گی اور اس دن کو یوم سیاہ کے طور پر منائے گی۔

بقیہ بقیہ جات 65

اور نے حوالات میں موجود ملزمان سے بات چیت بھی کی اور ہدایت کی کہ تھانہ کی صفائی کو مزید بہتر بنایا جائے اور تھانہ میں آنے والے شہریوں کے ساتھ خوش اخلاقی سے پیش آتے ہوئے انکے مسائل کے حل کو یقینی بنایا جائے سنگین مقدمات میں ملوث ملزمان کو گرفتار کرکے میرٹ پر تفتیش عمل میں لاتے ہوئے مقدمات کو جلد یکسو کیا جائے۔

بقیہ بقیہ جات 66

۔انہوں نے مسلسل 42 سال تک لوگوں کے دلوں پر راج کیا۔ امان اللہ خان کا شمار پاکستان کے بہترین مزاحیہ اداکاروں میں ہوتا تھا ان کو اعزاز حاصل رہا کہ انہوں نے لگاتار 860 دن لائیو تھیٹر پر پرفارمنس دی۔

بقیہ بقیہ جات 67

چکری کے علاقے سے نامعلوم شخص کی لاش برآمد کی گئی لاش کو ہسپتال منتقل کر دیا گیا پولیس کے مطابق بظاہر لاش پر کسی قسم کے تشدد کے نشانات موجود نہیں دریں اثنا تھانہ ایئر پورٹ کے علاقے فضل ٹاؤن میں موٹر سائیکل سوار دو مسلح افراد نے معمولی تلخ کلامی پر کار سوار پر فائرنگ کردی جس سے کار میں سوار کاشف نامی شخص ٹانگ پر گولی لگنے سے زخمی ہوگیا جسے بے نظیر بھٹو ہسپتال منتقل کر دیا گیا۔

بقیہ بقیہ جات 68

عائد کرتے ہوئے متاثرہ خاتون کا کہنا ہے کہ پولیس والے برہنہ کرکے ڈنڈے برساتے رہے، اس دوران جب میں نے چوری کا اعتراف کیا تو اس کے باوجود مجھ پر ظلم کیا گیا اور حالت غیر ہونے پر پولیس اہلکار مجھے میرے گھر پر پھینک گئے۔ بتایا گیا ہے کہ یاسمین نامی خاتون سابق ڈی ایچ او ڈاکٹر اسلم کی گھریلو ملازمہ ہے، خاتون پر 40 لاکھ روپے مالیت کی گھڑی چوری کا مقدمہ درج کیا گیا، پولیس نے تشدد کے 3 روز بعد خاتون کے خلاف مقدمہ درج کیا۔

بقیہ بقیہ جات 69

صحت تیار کرنے والا یونٹ کے مالک اکبر کو حراست میں لیکر بھاری مقدار میں چربی سے تیار ہونے والا 100 لیٹر تیل اور سامان قبضہ میں لے لیا۔ جانوروں کی چربی سے تیار کردہ آئل کو شہر کے مختلف علاقوں میں سپلائی کرتے تھے۔

بقیہ بقیہ جات 70

امیدوار اسمبلی و ممبر مرکزی مجلس عاملہ مسلم کانفرنس برطانیہ راجہ رضوان نصیب نے اپنے اخباری بیان میں کیا انہوں نے کہا کہ ہر سال جنگلات میں آگ لگنے کے واقعات سے بہت نقصان ہوتا ہے اگر سمجھا جائے تو یہ جانوروں کی جانوں کے ضائع کے ساتھ ساتھ انسانی صحت کے لیے سب سے بڑا نقصان ہے ہمیں اپنے بہتر اور صحت افزاء مستقبل کو محفوظ کرنے کے لیے جنگلات کو بچانے کے ساتھ ساتھ ہر سال شجر کاری مہم کا حصہ بھی بننا ہوگا۔

بعدالت جناب قیصر عباس جسپال
صاحب نائب تحصیلدار/ ریونیو آفیسر
حلقہ تحصیل آفس بھلوال

درخواست تصدیق وراثت انتقال موضع منڈی پھلروان متوفیہ سرداراں بیوہ شیر محمد وارثان محمد یار والد جنتیں والدہ شیر محمد خاوند۔ فاطمہ بی بی ہمشیرہ۔ محمد بخش برادر متوفیہ پہلے فوت شدہ۔

زندہ منزہ نسرین دختر ارشاد بیگم ہمشیرہ متوفیہ ہیں اگر ان کے علاوہ کوئی دیگر وارث ہو تو اندر سات یوم اپنا اعتراض داخل کروا سکتا ہے بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا اور انتقال وراثت تصدیق کر دیا جائے گا۔ دستخط و مہر عدالت ہذا سے جاری ہوا۔

بعدالت جناب قیصر عباس جسپال
صاحب نائب تحصیلدار/ ریونیو آفیسر
حلقہ تحصیل آفس بھلوال

درخواست تصدیق وراثت انتقال موضع رتو کالا متوفی عبدالواحد ولد غلام محمد وارثان غلام محمد والد۔ بتول بی بی والدہ ستاراں بی بی زوجہ متوفی پہلے فوت شدہ۔

زندہ زاہد اقبال۔ مظہر اقبال۔ ظفر اقبال۔ اظہر اقبال۔ شاہد اقبال۔ عمر حیات۔ ساجد گل پسران۔ عابدہ پروین۔ راشدہ پروین۔ رفعت پروین دختران متوفی ہیں اگر ان کے علاوہ کوئی دیگر وارث ہو تو اندر سات یوم اپنا اعتراض داخل کروا سکتا ہے بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا اور انتقال وراثت تصدیق کر دیا جائے گا۔ دستخط و مہر عدالت ہذا سے جاری ہوا۔

بعدالت جناب نور محمد خاں نائب
تحصیلدار/ ریونیو آفیسر سرکل
کالا خطائی تحصیل مریدکے ضلع شیخوپورہ

بذریعہ اشتہار ہذا مطلع کیا جاتا ہے۔ بروئے شجرہ نسب تصدیق وراثتی انتقال نمبر 558 موضع شریف پور لبانہ زینب بی بی متوفیہ بحق معراج دین خاوند (بعد از فوت) امانت علی۔ نیامت علی پسران رمضانہ۔ ثریا۔ صفیہ۔ فاطمہ بی بی۔ رقیہ۔ کوثر۔ رضیہ۔ زہرہ بی بی دختران زندہ حیات ہیں۔ ان کا وراثتی انتقال درج ہو چکا ہے اگر ان کے علاوہ کوئی شرعی وارث ہے تو اندر سات یوم عدالت ہذا میں رابطہ کرے بعد میں کوئی عذر اعتراض قابل قبول نہیں ہوگا۔ اور وراثت انتقال مذکورہ تصدیق کر دیا جائے گا۔

نوجوانوں کو آگے لاکر ہی آگے بڑھا جاسکتا ہے وزیر کھیل پنجاب

صوبائی وزیر کھیل پنجاب ملک فیصل ایوب کھوکھر کا انٹرن شپ پروگرام کے فیز ٹو میں رقم 25 ہزار سے بڑھا کر 60 ہزار کرنے کا اعلان

چیف منسٹر انٹرن شپ پروگرام کے پہلے فیز میں چھ ہزار نوجوانوں کو ماہانہ 25 ہزار روپے وظیفہ دیا جا رہا ہے، ملک فیصل ایوب کھوکھر

لاہور (خبر نگار) صوبائی وزیر کھیل و امور نوجوانان پنجاب ملک فیصل ایوب کھوکھر نے نوجوانوں کیلئے انٹرن شپ پروگرام کے فیز ٹو میں رقم 25 ہزار سے بڑھا کر 60 ہزار کرنے کا اعلان کردیا ہے، انٹرن شپ پروگرام کے اگلے فیز میں انٹرنیز کی تعداد 6 ہزار سے بڑھا کر 10 ہزار کرنے جا رہے ہیں، ان خیالات کا اظہار انہوں نے ای لائبریری اینڈ یوتھ سنٹر میں چیف منسٹر انٹرن شپ پروگرام کے حوالے سے تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا ہے، تقریب میں انٹرن شپ حاصل کرنیوالے نوجوانوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی ہے، صوبائی وزیر کھیل و امور نوجوانان پنجاب ملک فیصل ایوب کھوکھر نے تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا ہے کہ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے ویژن کو آگے بڑھا رہے ہیں، وزیراعلیٰ خواہاں ہیں کہ نوجوانوں کو ہر میدان میں بھرپور مواقع فراہم (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 47)

Adnan B
riach
Mian Usman
Youth Affairs & Sports De

لاہور: صوبائی وزیر کھیل و امور نوجوانان پنجاب ملک فیصل ایوب کھوکھر شیلڈز تقسیم کررہے ہیں

مولانا حامد الحق کے قاتل گرفتار نہ ہونا باعث تشویش ہے جے یو آئی

خیبر حکومت مولانا حامد الحق پر حملہ کرنے والوں کو پکڑ کر کٹہرے میں لائے اور انہیں سخت سزا دے: امیر پنجاب

جے یو آئی (س) مولانا حامد الحق کے قاتلوں کی عدم گرفتاری پر آج کا دن یوم سیاہ کے طور پر منائیگی: مشترکہ اعلامیہ

لاہور (آن لائن) جمعیت علما اسلام (س) پنجاب کے امیر پیر عبدالقدوس نقشبندی، ناظم اعلیٰ مولانا ایوب خان، سیکرٹری اطلاعات و مرکزی سالار مولانا قاری اعظم حسین، ناظم اعلیٰ لاہور مولانا طیب عثمانی، نائب امیر مولانا صلاح الدین ایوبی، قاری رحمت اللہ لاشاری، پیر اکبر ساقی، مولانا عبیداللہ بھکر، مولانا عرفان شاکر و دیگر ذمہ داران نے مشترکہ بیان میں کہا کہ مولانا حامد الحق کے قاتلوں کا گرفتار نہ ہونا انتہائی تشویش کا باعث ہے۔ خیبر پختونخوا حکومت مولانا حامد الحق پر حملہ کرنے والوں کو گرفتار کر کے عدالت کے کٹہرے میں لائے اور انہیں سخت ترین سزا دے۔ جے یو آئی (س) مولانا حامد الحق کے قاتلوں کی عدم گرفتاری پر آج بروز جمعہ کا دن یوم سیاہ کے طور پر منائے گی۔ انہوں نے کہا کہ مولانا حامدالحق کی شہادت ایک عظیم سانحہ ہے، جسے کسی بھی صورت میں فراموش نہیں کیا جا سکتا۔ ان (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 64)

لاہور: الحمراء ہال نمبر 1 کے سامنے ہمدرد سنٹر کی جانب سے مستحقین میں رمضان المبارک کی مناسبت سے راشن تقسیم کیا جارہا ہے

فیصل آباد اور گردونواح میں چوری، ڈکیتی و راہزنی کی وارداتوں کا سلسلہ جاری

ڈاکوؤں اور چوروں کے گروہ لاکھوں کے زیورات' نقدی' قیمتی سامان' موبائل فونز چھین کر لے گئے

فیصل آباد (آن لائن) شہر اور گردونواح میں چوری، ڈکیتی و راہزنی کی وارداتوں کا سلسلہ جاری، 120 سے زائد مقامات پر لوٹ مار کرتے ہوئے ڈاکوؤں اور چوروں کے گروہ لاکھوں کے زیورات' نقدی' قیمتی سامان' موبائل فونز چھین کر لے گئے' متعدد شہریوں کی موٹر سائیکلیں اور رکشے چور لے اڑے' آن لائن کے مطابق نشاط آباد کے علاقہ 54 ج ب کے قریب غلام فرید عطاری سے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 46)

گھڑی چوری کے الزام پر پولیس کا خاتون کو برہنہ کر کے مبینہ تشدد

خاتون پر 40 لاکھ روپے مالیت کی گھڑی چوری کرنے کا مقدمہ درج کیا گیا

بھکر (یو این پی) صوبہ پنجاب کے ضلع بھکر کے علاقہ تھانہ کلورکوٹ کے اہلکاروں نے گھڑی چوری کے الزام پر گھریلو ملازمہ خاتون کو برہنہ کر کے تشدد کا نشانہ بنانے کے بعد حالت غیر ہونے پر اس کے گھر پھینک دیا۔ میڈیا کے مطابق بھکر میں تھانہ کلورکوٹ کے اہلکاروں کی جانب سے گھڑی چوری کے الزام میں خاتون کو مبینہ طور پر برہنہ کر کے تشدد کا نشانہ بنایا گیا، اس حوالے سے الزام (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 68)

آزاد کشمیر میں شجر کاری مہم کا آغاز احسن اقدام ہے؛ راجہ رضوان نصیب

آزاد کشمیر میں محکمانہ طور پر ہزاروں ایکڑ رقبہ پر ہزاروں پودے لگائے جارہے ہیں جو کہ قابل تحسین ہے

کھوئی رٹہ (یو این پی) سابق امیدوار اسمبلی و ممبر مرکزی مجلس عاملہ مسلم کانفرنس برطانیہ راجہ رضوان نصیب نے کہا کہ آزاد کشمیر میں شجر کاری مہم کا آغاز احسن اقدام ہے آزاد (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 70)

ری ویمپنگ منصوبے کو ترجیحی بنیادوں پر مکمل کیا جائے: خواجہ سلمان رفیق

وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی ہدایت پر سرکاری ہسپتالوں میں ری ویمپنگ منصوبے کو ہنگامی بنیادوں پر مکمل کیا جا رہا ہے، وزیر صحت پنجاب

لاہور (خبر نگار) صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق کی زیر صدارت محکمہ سپیشلائزڈ ہیلتھ کیئر اینڈ میڈیکل ایجوکیشن میں جناح ہسپتال لاہور کی ری ویمپنگ منصوبے بارے اہم اجلاس منعقد ہوا جس میں سیکرٹری صحت پنجاب عظمت محمود نے شرکت کی۔ اجلاس کے دوران جناح ہسپتال لاہور میں ری ویمپنگ منصوبے پر جاری پیش رفت کا تفصیلی جائزہ لیا۔ متعلقہ حکام نے اس حوالہ سے بریفنگ بھی دی۔ صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق نے اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے کہا (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 51)

Specialized Healthcare & Medical Education Department

لاہور: صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق محکمہ سپیشلائزڈ ہیلتھ کیئر اینڈ میڈیکل ایجوکیشن میں اہم اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

پاک افغان سرحد پر آپریشن افغانستان سے آنیوالے دہشتگرد گرفتار

گرفتار دہشت گردوں نے دہشت گردی کی بڑی کارروائی کی منصوبہ بندی کا بھی اعتراف کیا، سکیورٹی ذرائع

پاکستان میں دہشتگردی کے واقعات میں افغان دہشتگردوں کے ملوث ہونے میں بتدریج اضافہ ہوا ہے، ذرائع

راولپنڈی (آن لائن) بلوچستان میں پاک افغان سرحد کے قریب سکیورٹی فورسز کے کامیاب آپریشن کے بعد افغانستان سے دراندازی کے مزید شواہد سامنے آگئے۔ سکیورٹی ذرائع کے مطابق پاکستان میں دہشتگردی کے واقعات میں افغان دہشتگردوں کے ملوث ہونے میں بتدریج اضافہ ہوا ہے اور افغانستان سے دہشت گردوں کی پاکستان میں دراندازی بڑھنے لگی ہے۔ مختلف دہشت گرد تنظیموں کو افغان طالبان کی مکمل حمایت، سہولت کاری (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 34)

مظفر آباد: وزیراعظم آزاد جموں وکشمیر چوہدری انوار الحق شجر کاری مہم کے تحت پودا لگا رہے ہیں

یو ای ٹی ٹیچنگ سٹاف ایسوسی ایشن کے زیر اہتمام یوم سیاہ پر احتجاج

یو ای ٹی لاہور کیمپس سمیت دیگر کیمپسز میں بھی اساتذہ اور ملازمین سراپا احتجاج بن گئے

لاہور (آن لائن) یو ای ٹی ٹیچنگ سٹاف ایسوسی ایشن (ٹی ایس اے) کے زیر اہتمام یوم سیاہ کے موقع پر یو ای ٹی لاہور سمیت دیگر کیمپسز جن میں کالا شاہ کاکو، فیصل آباد، نارووال اور رچنا کیمپس شامل ہیں، میں اساتذہ اور ملازمین نے اساتذہ کی تنخواہوں سے 25 فیصد ٹیکس کٹوتی کیخلاف احتجاج کیا۔ ٹیکس ریبیٹ بحال کرنے کے مطالبے کیلئے یو ای ٹی اساتذہ اور ملازمین سراپا (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 38)

امدادی رقوم کی ادائیگی میں ریٹیلرز کی طرف سے 500 روپے کٹوتیاں بے نقاب

اسسٹنٹ کمشنر نے ایک ریٹیلر کو کٹوتی کرتے ہوئے رنگے ہاتھوں گرفتار کرلیا' ڈیوائس ضبط

بورے والا (آن لائن) رمضان نگہبان پیکیج کے تحت ملنے والی امدادی رقوم کی ادائیگی میں ریٹیلرز کی طرف سے 500 روپے کٹوتیاں بے نقاب ہوگئیں، اسسٹنٹ کمشنر نے ایک ریٹیلر کو کٹوتی کرتے ہوئے رنگے ہاتھوں گرفتار کرلیا، ڈیوائس ضبط کر کے مقدمہ درج کرنے کی ہدایات جاری کردیں تفصیلات کے مطابق پنجاب حکومت کی جانب رمضان نگہبان ریلیف پیکیج کے تحت بورے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 40)

ڈیجیٹل دہشت گردی کرنے والوں کی تمام سازشیں ناکام ہوچکیں

ملک نے معاشی اور سیاسی استحکام میں خاطر خواہ کامیابی حاصل کی ہے: ساجد مہدی سلیم شاہ

بورے والا (آن لائن) مسلم لیگ ن کے ممبران قومی و صوبائی اسمبلی سید ساجد مہدی سلیم شاہ وفاقی پارلیمانی سیکرٹری برائے کیبنٹ ڈویژن، ملک نوشیر خان لنگڑیال چیئرمین اسٹینڈنگ کمیٹی پرائمری ایجوکیشن اور چوہدری محمد یوسف کسیلیہ نے کہا ہے کہ ملک کے خلاف سیاسی، معاشی اور ڈیجیٹل دہشت گردی کرنے والوں کی تمام سازشیں ناکام ہوچکی ہیں وزیراعظم پاکستان میاں (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 41)



فیصل آباد: ڈپٹی کمشنر کیپٹن (ر) ندیم ناصر رمضان ماڈل بازار کے دورہ کے موقع پر پھل اور سبزیوں کی کوالٹی بارے پوچھ رہے ہیں

سرائیکی وسیب سمیت ملک بھر میں سرائیکی اجرک کا دن 6 مارچ جمعرات کوجوش وخروش سے منایا گیا

جہانیاں (آن لائن) سرائیکی وسیب سمیت ملک بھر میں سرائیکی اجرک کا دن 6 مارچ جمعرات کو جوش و خروش سے منایا گیا۔ اس سلسلے میں جہانیاں، ٹھٹھہ صادق آباد، رحیم شاہ، ونی وال، خانیوال، ملتان سمیت جنوبی پنجاب بھر میں تقریبات کا اہتمام کیا گیا۔ سرائیکی وسیب میں کلچر کے فروغ کے لئے مختلف اوقات، میں مختلف پروگرامز ترتیب دیے جاتے ہیں سرائیکی اجرک (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 49)

فیصل آباد، معمولی جھگڑے پر مسلح افراد نے گھر سے بلا کر نوجوان کو گولیاں مار کر قتل کر دیا

فیصل آباد (آن لائن) تھانہ سول لائن کے علاقہ زرعی یونیورسٹی کے عقب میں واقع بنگ والا میں معمولی جھگڑے پر مسلح افراد نے گھر سے بلا کر نوجوان کو گولیاں مار کر قتل کر دیا، حملہ آور ہوائی فائرنگ کرتے ہوئے موقع سے فرار ہوگئے، پولیس نے نعش تحویل میں لیکر پوسٹ مارٹم کیلئے ہسپتال منتقل کر کے قاتلوں کی تلاش شروع کر دی۔ آن لائن کے مطابق زرعی یونیورسٹی بنگ والا کے رہائشی غضنفر علی نے بتایا کہ اس کے بھتیجے فلک شیر کی مبینہ طور پر غلام محمد آباد کے ملزمان زاہد ارشد وغیرہ کے ساتھ عداوت بازی چل (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 52)

فیصل آباد، دوست دوست کی سوا تین کروڑ روپے مالیت کی گاڑی لے کر فرار ہوگیا

فیصل آباد (آن لائن) دوست دوست کی سوا تین کروڑ روپے مالیت کی شیورلائٹ گاڑی لے کر فرار ہوگیا' پولیس نے امانت میں خیانت کا مظاہرہ کرنیوالے ملزم انیس الرحمٰن کیخلاف مقدمہ درج کر کے تلاش شروع کر دی ہے' ایئر ایونیوٹی کے رہائشی محمد احسان نے پولیس کو دی جانے والی درخواست میں بتایا کہ اس کا واقف کار دوست ملزم انیس الرحمٰن سکنہ ٹاؤن شپ لاہور اسکے پاس آیا (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 55)

پاک بحریہ کے جہاز اصلت کی انڈونیشیا میں کثیر القومی بحری مشق کموڈو-25 (25-KOMODO) میں شرکت

راولپنڈی (آن لائن) پاک بحریہ کے جہاز اصلت کی بیرون ملک تعیناتی کے دوران انڈونیشیا میں کثیرالقومی بحری مشق کموڈو-25 (25-KOMODO) میں شرکت کی، مشق کموڈو-25 میں 38 ممالک کی بحری افواج نے شرکت کی، پاک بحریہ کی بین الاقوامی بحری مشق میں فعال شرکت، علاقائی امن و استحکام کے لیے عزم کا مظہر ہے، مشق کا آغاز فلیٹ ریویو سے ہوا جہاں پی این ایس اصلت نے دیگر جنگی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 37)

مہا کمبھ میں گنگا جل کا زہر: مودی سرکار کی ناکامی نے لاکھوں زندگیاں خطرے میں ڈال دیں

نئی دہلی (آن لائن) مہا کمبھ میں گنگا جل کا زہر: مودی سرکار کی ناکامی نے لاکھوں زندگیاں خطرے میں ڈال دیں، پاکیزگی دور کی بات درحقیقت "گنگا ماں" کا پانی زہر بن چکا ہے، مگر مودی حکومت اپنی نااہلی چھپانے کے لیے جھوٹ بول کر عوام کے احساسات کے ساتھ کھلواڑ کر رہی ہے، حکومت کے مرکزی آلودگی کنٹرول بورڈ (CPCB) کے مطابق گنگا دریا کا پانی پینے لائیک تو دور نہانے لائیک بھی نہیں۔ کمبھ میلہ ایک اہم ہندو مذہبی تہوار ہے جو ہر 12 سال بعد بھارت میں منعقد (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 39)

راولپنڈی، ملزمان کی پولیس پارٹی پر مبینہ فائرنگ کے الگ الگ واقعات میں ایک کار لفٹر جان کی بازی ہار گیا

راولپنڈی (آن لائن) تھانہ چکری اور کینٹ کے علاقوں میں کار و موٹر سائیکل سنیچنگ میں ملوث ملزمان کی پولیس پارٹی پر مبینہ فائرنگ کے الگ الگ واقعات میں ایک کار لفٹر جان کی بازی ہار گیا جبکہ ایک موٹر سائیکل سنیچر کو زخمی حالت میں گرفتار کر لیا گیا پولیس نے دو مقامات سے چوری شدہ کار اور مسروقہ موٹر سائیکل برآمد کر لیا پولیس ترجمان کے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 42)

فیصل آباد چھ مسلح ڈاکوؤں نے لوگوں کو لوٹنے کیلئے ناکہ لگا لیا

مخبر خاص کی اطلاع پر پولیس پارٹی موقع پر پہنچ گئی 3 ڈاکو ہنڈا 125 پر فرار، 2 مسلح ڈاکو گرفتار

فیصل آباد (یو این پی) فیصل آباد ٹھنڈی کھوئی چوک میں چھ مسلح ڈاکوؤں نے لوگوں کو لوٹنے کیلئے ناکہ لگا لیا مخبر خاص کی اطلاع پر ASI غلام مصطفیٰ کی سربراہی میں پولیس پارٹی موقع پر پہنچ گئی پولیس کو دیکھ کر 3 ڈاکو ہنڈا 125 پر فرار ہوگئے۔ جبکہ 2 مسلح ڈاکوؤں کو پولیس نے اسلحہ سمیت گرفتار کر لیا۔ گرفتار ملزمان میں چک نمبر 204 رب کے محمد عادل ڈوگر اور عمر حیات شامل۔ گرفتار ملزمان عمر حیات سے کلاشنکوف SMG جبکہ محمد عادل ڈوگر سے 30 بور پسٹل برآمد ہوا۔ دونوں ملزمان نے فرار ہونے والے ڈاکوؤں کے نام اور پتہ بھی بتائے۔ فرار ہونے والوں میں چک نمبر 124 گ ب روڑی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 57)

راولپنڈی پولیس کی منشیات فروشوں کے خلاف کارروائی' 18 ملزمان گرفتار

8 کلو سے زائد چرس، 100 بوتل، 130 لیٹر شراب اور اسلحہ مع ایمونیشن برآمد

راولپنڈی (آن لائن) راولپنڈی پولیس نے منشیات فروشوں، شراب سپلائرز اور غیر قانونی اسلحہ کے خلاف کارروائی میں 18 ملزمان گرفتار کر کے 8 کلو سے زائد چرس، 100 بوتل، 130 لیٹر شراب اور اسلحہ مع ایمونیشن برآمد کر لیا تھانہ ٹیکسلا پولیس نے کفایت سے 1 کلو 660 گرام چرس، تھانہ آرائے بازار پولیس نے بلال سے 1 کلو 200 گرام چرس، تھانہ صادق آباد پولیس نے ملزم ہارون سے 1 کلو 150 گرام چرس، منیر جہانگیر سے 510 گرام چرس، تھانہ نصیر آباد پولیس نے ملزم علی خان سے 1 کلو 50 گرام چرس، تھانہ صدر رواہ پولیس نے ساجد سے 600 گرام چرس، تھانہ روات پولیس نے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 48)

راولپنڈی: شہری 6 روڈ ایریا میں رمضان المبارک کے چھٹے روز کی افطاری کیلئے انتظار کر رہے ہیں

نوشہرہ؛ اسکول بس بے قابو ہوکر اُلٹ گئی، 10 طلبہ زخمی

بچوں کو طبی امداد کے لیے اسپتال منتقل کردیا گیا، حالت خطرے سے باہر: ذرائع

نوشہرہ (یو این پی) اسکول بس بے قابو ہوکر الٹ گئی، جس میں 10 طلبہ زخمی ہوگئے۔ ریسکیو 1122 کے مطابق نوشہرہ میں چراٹ سیمنٹ فیکٹری روڈ پر اسکول بس، ڈرائیور سے بے قابو ہوکر اُلٹ گئی۔ حادثے کے نتیجے میں 10 طالب علم زخمی ہوگئے۔ ابتدائی اطلاعات کے مطابق حادثے میں زخمی ہونے والے تمام بچوں کا تعلق مہاجر بازار کے علاقے سے ہے۔ زخمی بچوں کو طبی امداد (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 53)

ملک بھر میں سونے کی قیمت میں 700 روپے اضافہ ریکارڈ

بین الاقوامی مارکیٹ میں سونے کی قیمت 2,916 ڈالر سے بڑھ کر 2,921 ڈالر ہوگئی

اسلام آباد (یو این پی) آل پاکستان جیمز اینڈ جیولرز ایسوسی ایشن کے مطابق بدھ کو ملک بھر میں سونے کی فی تولہ قیمت میں 700 روپے اضافے کے بعد فی تولہ سونا 3 لاکھ 7 ہزار روپے کا ہوگیا ہے جبکہ 24 قیراط سونے کے 10 گرام کی قیمت بھی 601 روپے اضافے کے بعد 262,602 روپے سے بڑھ کر 263,203 روپے ہوگئی، آل سندھ صرافہ جیولرز ایسوسی ایشن نے رپورٹ کیا (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 54)

لائیوسٹاک سیکٹر کی ترقی کیلئے منصوبوں کے مثبت نتائج شروع ہوگئے ہیں

صوبائی وزیر لائیوسٹاک وزراعت کی زیر صدارت اجلاس، مختلف منصوبوں پر پیشرفت کا جائزہ

لاہور (آن لائن) صوبائی وزیر لائیوسٹاک و زراعت سید عاشق حسین کرمانی کی زیر صدارت لائیو سٹاک ڈیپارٹمنٹ میں اہم اجلاس منعقد ہوا جس میں وزیراعلیٰ پنجاب لائیوسٹاک کارڈ، جنوبی پنجاب کی دیہی بیوہ و مطلقہ خواتین میں لائیوسٹاک اثاثہ جات کی تقسیم اور دوسرے منصوبوں پر پیشرفت کے علاوہ جانوروں میں منہ کھر بیماری کو کنٹرول کرنے کے لیے محکمانہ حکمت عملی واقدامات کا جائزہ لیا۔ سیکرٹری لائیوسٹاک پنجاب ثاقب علی عطیل نے شرکت کی۔ صوبائی وزیر لائیو سٹاک وزراعت سید عاشق حسین کرمانی نے اس موقع پر کہا کہ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کی قیادت میں پنجاب حکومت نے لائیوسٹاک سیکٹر کی ترقی کے لیے متعدد منصوبوں کا آغاز کیا ہے، جس کے مثبت نتائج سامنے آنا شروع ہوگئے ہیں۔ اب (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 35)

ایس آئی ایف سی توانائی کے شعبے کی ترقی اور صنعتی سرگرمیوں کے فروغ کے لیے کوشاں

ایس آئی ایف سی کی معاونت سے 50 ملین کیوبک فٹ یومیہ گیس سپلائی کی منظوری کے لیے اقدامات

اسلام آباد (آن لائن) ایس آئی ایف سی توانائی کے شعبے کی ترقی اور صنعتی سرگرمیوں کے فروغ کے لیے کوشاں، ایس آئی ایف سی کی معاونت سے 50 ملین کیوبک فٹ یومیہ گیس سپلائی کی منظوری کے لیے اقدامات، نیشنل اسٹیل کمپلیکس لمیٹڈ (این ایس سی ایل) کو گیس کی فراہمی، مقامی گیس ذخائر اور درآمدی ایل این جی کے آپشنز پر غور کیا گیا۔ گیس سپلائی کی فراہمی سے صنعتی ترقی، روزگار کے مواقع اور معیشت پر مثبت اثرات متوقع ہیں، توانائی کی قیمتوں میں استحکام اور مقامی معیشت کی مضبوطی حکومت کی اولین ترجیح ہے، "اینگرو ووپاک ٹرمینل لمیٹڈ" (ای وی ٹی ایل) نے پورٹ قاسم اتھارٹی میں (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 36)

اسلام آباد: شہری رمضان سستا بازار سے پھل اور سبزیاں خرید رہے ہیں

کنیئرڈ کالج برائے خواتین میں مستحق سٹاف میں رمضان راشن تقسیم

پرنسپل پروفیسر ڈاکٹر ارم انجم نے تمام کنیئرڈ کالج کے معاون عملے میں 235 راشن پیکیج خود تقسیم کئے

لاہور (آن لائن) کنیئرڈ کالج برائے خواتین میں رمضان المبارک کی آمد پر سٹاف کے مستحق سٹاف میں 235 راشن بیگ تقسیم کیے گئے، پرنسپل پروفیسر ڈاکٹر ارم انجم نے تمام معاون عملے میں 235 راشن پیکج خود تقسیم کیے۔ اس موقع پر وائس پرنسپل پروفیسر ڈاکٹر غزالہ یعقوب، اکیڈمک ڈینز ڈاکٹر عاصمہ حامد اعوان، پروفیسر ڈاکٹر مشعہ اسد خان، ڈاکٹر حوریہ یونس، ڈاکٹر راحیلہ ہما اور ڈاکٹر ہیلن کھوکھر بھی موجود تھیں، اس موقع پر بات کرتے ہوئے پرنسپل نے کہا کہ اس تقریب کا معاون عملے کی خوشیوں میں شریک ہو کر ان کے مالی بوجھ کو کم کرنا ہے، کنیئرڈ کالج برائے خواتین کے معاون عملے سے ممکن تعاون کیلئے کالج انتظامیہ کی ہمیشہ ترجیح رہی ہے، یہ موقع بین المذاہب ہم آہنگی، امن، خوشحالی، باہمی احترام اور (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 43)

پی ٹی آئی کو مذاکرات کا لائحہ عمل طے کرنا چاہیے، سینئر تجزیہ نگار محسن بیگ

پاکستان اس وقت خطے میں انتہائی اہمیت کا حامل ملک بن چکا، نجی ٹی وی سے گفتگو

اسلام آباد (آن لائن) سینئر صحافی اور تجزیہ نگار محسن جمیل بیگ نے پی ٹی آئی کو امریکہ سے امیدیں لگانے کے بجائے عدالتوں کا سامنا کرنے اور حکومت کے ساتھ مذاکراتی میز پر آکر آئندہ لائحہ عمل طے کرنے کا مشورہ دیتے ہوئے کہا ہے کہ ان لوگوں نے واشنگٹن میں اپنے لئے لابی کرنے والوں کو غلط امید دلائی اب انکا زعم ٹوٹ جانا چاہیے، پاکستان اس وقت خطے میں انتہائی اہمیت کا حامل ملک (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 44)

کھوئی رٹہ میں فری لانسنگ ہب کا قیام، وقت کی اہم ضرورت

ایس سی او کا کھوئی رٹہ میں فری لانسنگ ہب کا قیام، نوجوانوں کے لیے روشن مستقبل کی نئی راہیں

کھوئی رٹہ (آن لائن) کھوئی رٹہ میں فری لانسنگ ہب کا قیام، ایس سی او کا کھوئی رٹہ میں فری لانسنگ ہب کا قیام، نوجوانوں کے لیے روشن مستقبل کی نئی راہیں، ایس سی او ویژن 2025 کے تحت، جو کہ آزاد کشمیر اور گلگت بلتستان میں 2 سال میں 100 آئی ٹی سینٹرز کے قیام کا عزم رکھتا ہے، فری لانسنگ ہب کھوئی رٹہ 16 ماہ میں قائم ہونے والا 63 آئی ٹی سینٹر ہے۔ ڈیجیٹل معیشت (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 45)

بیوی پر بدترین تشدد اور سر کے بال کاٹنے والا ملزم گرفتار

خاتون کے بھائی نے پنجاب ایمرجنسی ہیلپ لائن 15 پر اطلاع دی

ملزم کے خلاف مقدمہ درج کر کے قانونی کارروائی کا آغاز کر دیا گیا، ترجمان سیف سٹیز

لاہور (آن لائن) بیوی پر بدترین تشدد اور سر کے بال کاٹنے والا ملزم گرفتار کرلیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق رحیم یار خان کے علاقے سے خاتون کے بھائی نے پنجاب ایمرجنسی ہیلپ لائن 15 پر اطلاع دی۔ کالر نے بتایا کہ اس کا بہنوئی اپنی بیوی پر بدترین تشدد کر رہا ہے ورچوئل ویمن پولیس اسٹیشن نے فوراً کارروائی کرتے ہوئے متعلقہ پولیس کو موقع پر روانہ کیا۔ ترجمان سیف سٹیز اتھارٹی کا کہنا تھا کہ پولیس نے فوری موقع پر پہنچ کر خاتون کو تحفظ فراہم کیا اور ملزم کو گرفتار کر لیا۔ ملزم کے خلاف مقدمہ درج کر کے قانونی کارروائی کا آغاز کر دیا گیا۔ ابتدائی معلومات کے مطابق معمولی گھریلو (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 50)

کراچی: رمضان المبارک میں سموسوں کی مانگ کے پیش نظر ایک دکاندار سموسہ پٹی بنا رہا ہے

پاکستان کے کامیڈی کنگ امان اللہ کو اپنے مداحوں سے بچھڑے پانچ برس بیت چکے

جہانیاں (آن لائن) پاکستان کے کامیڈی کنگ امان اللہ کو اپنے مداحوں سے بچھڑے پانچ برس بیت چکے ہیں۔ شوبز کی دنیا میں راج کرنے والے کنگ آف کامیڈی امان اللہ خان کی عمر قہقہے بکھیرتے گزری اداکار امان اللہ نے کامیڈین کے طور پر پوری دنیا میں شہرت پائی، وہ مختلف لوگوں کی آوازوں کی نقالی کے بھی ماہر تھے۔ امان اللہ خان 1950 ءکو لاہور میں پیدا ہوئے۔ امان اللہ خان نے 1976 میں پہلی دفعہ سٹیج پر کام کیا اور پھر مڑ کر نہیں دیکھا (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 66)

راولپنڈی میں مبینہ طور پر اندھے قتل کے 2 الگ الگ واقعات، ایک مرد اور خاتون کو قتل کر کے لاشیں ویرانے میں پھینک دی گئیں

راولپنڈی (آن لائن) راولپنڈی میں مبینہ طور پر اندھے قتل کے 2 الگ الگ واقعات میں ایک مرد اور خاتون کو قتل کر کے لاشیں ویرانے میں پھینک دی گئی جبکہ معمولی تلخ کلامی پر موٹر سائیکل سواروں کی فائرنگ سے کار سوار زخمی ہوگیا تھانہ روات کے علاقے گوڑھا راجگان کے ویران علاقے سے نامعلوم خاتون کی نعش ملی ہے خاتون کی نعش پوسٹ مارٹم کے لئے ہسپتال منتقل کر دی گئی جبکہ شناخت کے لئے فنگر پرنٹ حاصل کر لئے گئے ادھر (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 67)

فیصل آباد، جانوروں کی باقیات سے چربی پگھلا کر مضر صحت تیل تیار کرنے والا یونٹ پکڑا گیا

فیصل آباد (آن لائن) پنجاب فوڈ اتھارٹی ٹیم نے شہباز نگر میں سیم نالہ کے قریب کامیاب چھاپہ مار کر جانوروں کی باقیات سے چربی پگھلا کر مضر صحت تیل تیار کرنے والا یونٹ پکڑ لیا، بھاری مقدار میں چربی سے تیار کردہ آئل اور دیگر سامان قبضہ میں لے کر تفتیش شروع کر دی۔ آن لائن کے مطابق پنجاب فوڈ اتھارٹی کی ٹیم نے مخبر کی اطلاع پر شہباز نگر سیم نالہ میں جانوروں کی باقیات اور چربی سے مضر (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 69)

لاہور: عورت بن کر منشیات سپلائی کرنے والا ملزم پکڑا گیا

ملزم خود کو خاتون ظاہر کر کے پشاور سے لاہور منشیات سپلائی کرنے آیا تھا، تفتیش میں اعتراف

لاہور (یو این پی) برقعہ پہن کر خود کو عورت ظاہر کر کے منشیات سپلائی کرنے والا ملزم پکڑا گیا۔ ترجمان پولیس کے مطابق برقعہ پہنے خاتون بن کر منشیات سپلائی کرنے والے ڈیلر کو نشتر کالونی پولیس نے گرفتار کرلیا۔ ملزم کو پیٹرولنگ کے دوران صوفیا آباد سے حراست میں لیا گیا۔ دوران تفتیش ملزم نے اعتراف کیا کہ وہ برقعہ پہن کر خود کو خاتون ظاہر کر کے پشاور سے لاہور منشیات سپلائی کرنے کے لیے آیا تھا۔ پولیس نے منشیات فروش کے زیر استعمال کار بھی تحویل میں لے لی اور ملزم عطا الرحمان سے 10 کلو چرس (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 56)

اسلام آباد: عورت مارچ کی ترجمان فرزانہ باری 8 مارچ کو آنیوالے انٹرنیشنل ویمن ڈے کی تیاریوں کے متعلق پریس کانفرنس کر رہی ہیں

لاہور چیمبر آف کامرس اور مڈ سٹی ہسپتال کے درمیان مفاہمتی یادداشت پر دستخط

معاہدے کے تحت مڈ سٹی ہسپتال لاہور چیمبر کے ممبران کو خصوصی رعایت فراہم کریگا

لاہور (آن لائن) لاہور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری اور مڈ سٹی اسپتال نے ایک مفاہمتی یادداشت پر دستخط کیے ہیں جس کا مقصد لاہور چیمبر کے ممبران اور ان کے اہل خانہ کے لیے معیاری طبی سہولیات یقینی بنانا ہے۔ لاہور چیمبر کے صدر میاں ابوذر شاد اور مڈ سٹی اسپتال کے سی ای او (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 58)

کاہنہ مدینہ ویو میں ہزار مستحق خواتین میں آٹے کے تھیلے تقسیم کئے گئے

خاندانی روایت ہے کہ رمضان المبارک میں مستحق افراد کی مدد کی جائے، چوہدری جمیل احمد

لاہور (آن لائن) کاہنہ مدینہ ویو ہاؤسنگ کاہنہ میں مسلم لیگ کے رہنما چوہدری جمیل احمد خاں کی جانب سے رمضان المبارک کی مناسبت سے ایک ہزار مستحق خاندانوں میں آٹے کے توڑے تقسیم کیے گئے۔ اس موقع پر سیکیورٹی کے فول پروف انتظامات کیے گئے، تاکہ مستحق خواتین اور (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 59)

راولپنڈی: شمس آباد رمضان بازار میں ایک دکاندار کھجوریں بیچ رہا ہے

پاکستان سمیت دنیا بھر میں صارفین کے حقوق کا عالمی دن 15 مارچ کو منایا جائے گا

جہانیاں (آن لائن) پاکستان سمیت دنیا بھر میں صارفین کے حقوق کا عالمی دن 15 مارچ کو منایا جائے گا عالمی یوم صارفین کی مناسبت سے حقوق انسانی کی تنظیموں کی جانب سے عوام میں شعور و آگاہی پروگرام کا انعقاد کیا جائے گا مقررین کنزیومر پروٹیکشن کی افادیت و اہمیت اور صارفین کے حقوق پر روشنی ڈالیں گے۔ پاکستان میں صارفین کی عدم فعالیت، اپنے حقوق سے عدم واقفیت اور صارفین کے حقوق پر مامور سرکاری اداروں میں پائی جانے والی کرپشن کی وجہ سے کروڑوں صارفین اپنے حقوق سے محروم ہیں۔ بجلی، سوئی گیس، گندم، آٹے، گھی، چاول، پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافے، ملاو (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 60)

21 مارچ 2025ء! دن اور رات کا دورانیہ برابر ہوجائے گا

جہانیاں (آن لائن) 21 مارچ 2025ء! دن اور رات کا دورانیہ برابر ہوجائے گا۔ 21 مارچ کو دن اور رات کا دورانیہ برابر ہو جائے گا دن اور رات کا دورانیہ بارہ بارہ گھنٹوں پر محیط ہوگا اس کے بعد راتوں کا دورانیہ کم اور دن کا دورانیہ بڑھنے لگے گا جبکہ موسم گرما کی ابتدا ہوجائے گی موسم بہار کی آمد اور گندم کی فصل پکنا شروع ہوجائے گی پھلدار درختوں میں بور آنا شروع ہو جائے گا۔ ماہرین کے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 61)

پاکستان کے سابق وزیراعظم محمد خان جونیجو کی 32 ویں برسی 18 مارچ کو منائی جائے گی

جہانیاں (آن لائن) پاکستان کے سابق وزیر اعظم محمد خان جونیجو کی 32 ویں برسی 18 مارچ کو منائی جائے گی۔ محمد خان جونیجو پاکستان کے دسویں وزیراعظم تھے وہ 24 مارچ 1985ء سے 29 مئی 1988ء تک پاکستان کے وزیراعظم رہے ہیں۔ محمد خان جونیجو سندھ کے علاقہ سندھڑی میں پیدا ہوئے وہ 1985ء کے غیر جماعتی انتخابات میں رکن قومی اسمبلی منتخب ہوئے جنہیں اس وقت کے صدر پاکستان جنرل ضیاء الحق نے وزیر اعظم نامزد کیا۔ محمد (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 62)

یونیورسٹی آف ہیلتھ سائنسز کے ریسرچ بورڈ کا 211 واں اجلاس

24 طلبہ کی تھیسس رپورٹس پیش، ریسرچ اینڈ ڈویلپمنٹ ڈیپارٹمنٹ کو ریفر کر دیا گیا

لاہور (آن لائن) یونیورسٹی آف ہیلتھ سائنسز (یو ایچ ایس) لاہور کے ایڈوانسڈ سٹڈیز اینڈ ریسرچ بورڈ کا 211 واں اجلاس جمعرات کے روز وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر احسن وحید راٹھور کی زیر صدارت منعقد ہوا جس میں پوسٹ گریجویٹ طلبہ کی جانب سے جمع کرائی گئی آٹھ تھیسس رپورٹس کی منظوری دی گئی۔ جن طلبہ کی تھیسس رپورٹس کی منظوری دی گئی ان میں ڈاکٹر سیدہ نازیہ مریم ایم ڈی (انٹرنل میڈیسن)، ڈاکٹر فاران بشیر ایم ایس (نیوروسرجری)، ڈاکٹر شہریار خان ایم ڈی (پیڈیاٹرکس)، ڈاکٹر فیصل الیاس ایم ایس (یورولوجی)، ڈاکٹر محمد فرمان رضا ایم ڈی (پیڈیاٹرک میڈیسن)، ڈاکٹر شفیق احمد ایم ایس (آرتھوپیڈکس)، ڈاکٹر آمنہ عباس ایم ڈی (ریڈیالوجی) اور ڈاکٹر عتیقہ اسلم ایم ڈی (پیڈیاٹرکس) شامل تھے۔ مزید برآں اجلاس میں 24 طلبہ کی تھیسس رپورٹس پیش کی گئیں جن (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 63)

لاہور: ایک ریڑھی بان سڑک کنارے اسٹرابیری بیچ رہا ہے

چیف ایڈیٹر	میاں محمد فیاض
مینجنگ ایڈیٹر	صدف الطاف چوہدری
سینئر گروپ ایڈیٹر	ڈاکٹر محمد احسن محمود
ایڈیٹر	امداد اللہ قریشی
سینئر ڈپٹی ایڈیٹر	چوہدری عمران شوکت
ڈپٹی ایڈیٹر	محمد شہروز میاں
لیگل ایڈوائزر	وقار اے شیخ ایڈووکیٹ سپریم کورٹ

پبلشر احسن یوسف نے تجارت پرنٹرز سے چھپوا کر 14 ڈیوس روڈ لاہور سے شائع کیا۔ آفس نمبر 2 اباسین کمپلیکس 8 ڈیوس روڈ لاہور